ملفوظات

حضرت مولانا محمد الیاس رحمۃ اللہ علیہ

مؤلف حضرت مولانا محمد منظور نعمانی رحمۃ اللہ

ملفوظات

حضرت مولانا محمد الیاس رحمۃ اللہ

*

مؤلف: حضرت مولانا محمد منظور نعمانی رحمۃ اللہ

*

مدنی کتب خانہ کراچی

مدنی منزل، آر ۲۹۹ سیکٹر ۱۶-اے
گلشن اسلام، بفرزون، کراچی ۷۵۸۵۰
اسلامی جمہوریہ پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیباچہ

ملفوظات کا مُرتب صاحبِ ملفوظات کی خدمت میں

مولانا رحمۃ اللہ علیہ کا نام تو غالباً میں نے اپنی طالب علمی کے زمانے سے سُنا تھا لیکن آنکھوں سے دیکھنے کا اتفاق جہاں تک یاد پڑتا ہے پہلی دفعہ شاید رمضان ۱۳۵۳ھ میں ہوا۔ اس کے بعد چار پانچ سال تک بغیر قصد و طلب کے محض اتفاقی طور پر غالباً کئی دفعہ زیارت و ملاقات کی نوبت آئی لیکن ان سرسری اور اتفاقی ملاقاتوں میں میں اس سے زیادہ کچھ نہیں سمجھ سکا کہ مولانا ایک مخلص عالم دین ہیں۔ پرانے طرز کے سیدھے اور نیک بزرگوں کا نمونہ ہیں اور زمانہ کے تقاضوں اور اہم وقتی دینی ضرورتوں سے واقف نہ ہونے کے باوجود مسلمانوں کی دینی اصلاح کا صادق جذبہ اور سچی تڑپ اپنے اندر رکھتے ہیں۔

بہرحال ان ملاقاتوں میں نہ میں مولانا کی شخصیت سے متاثر ہوا اور نہ میں نے ان کی دینی دعوت و تحریک کی کوئی خاص اہمیت سمجھی یہاں تک کہ غالباً ۱۳۵۸ھ میں دین کے تقاضوں کو خوب سمجھنے والے ایک بڑے روشن دماغ اور صاحب قلم عالم دین نے خود مولانا سے ملاقات کر کے اور ان کی دعوت و

مدنی کتب خانہ کراچی

مدنی منزل، آر ۷۹۹ سیکٹر ۱۶-اے

گلشن اسلام، بفرزون، کراچی ۷۵۸۵۰

اسلامی جمہوریہ پاکستان

اتنا ضرور ہوا کہ مولانا کی دعوت سے تفصیلی واقفیت حاصل کرنے کا جو داعیہ اور اشتیاق پہلے ہی پیدا ہو چکا تھا مولانا علی کے ان خطوط سے اس میں کچھ اضافہ ہو گیا۔

کچھ دنوں بعد میوات کے علاقہ میں ایک بڑے تبلیغی اجتماع کی تجویز ہوئی مجھے بھی طلب فرمایا گیا، اور میں اپنے ذاتی شوق سے شریک ہوا، مجھے اعتراف ہے کہ اس سفر کی مختلف صحبتوں میں مولانا کی باتیں سننے اور میواتی قوم میں وسیع پیمانہ پر غیر معمولی دینی تغیر کے اثرات اپنی آنکھوں سے دیکھنے کی وجہ سے مولانا کی شخصیت اور ان تبلیغی تحریک کو میں پہلے سے زیادہ وقیع سمجھنے لگا۔ لیکن میں پھر بھی اتنا متاثر نہیں ہوا کہ اپنے کو اس کام سے متعلق کرلے کا فیصلہ کر لیتا۔

آگے کی سرگزشت سنانے سے پہلے اپنا ایک حال سنا دینا یہاں ضروری ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ حضرت مجدد الف ثانی رح، حضرت شاہ ولی اللہ رح، حضرت سید احمد شہید رح، حضرت شاہ اسمٰعیل شہید رح، حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رح جیسے مشائخ اور ائمہ سلوک و تصوف سے اگرچہ مجھے بڑی گہری عقیدت تھی اور اسلامی ہند کی یہ چند شخصیتیں میرے دل و دماغ پر چھائی ہوئی تھیں لیکن نفس تصوف کی طرف سے مجھے اطمینان نہ تھا۔ بلکہ طبیعت کو اس سے ایک درجہ کا توحش تھا اور ذہن میں اس پر کچھ علمی اشکالات بھی تھے ۔۔۔ ۱۳۵۷ھ کے اواخر یا ۱۳۵۸ھ کے اوائل میں قضاء و قدر کے ایک فیصلہ نے میرے لئے ایک ایسی صورت پیدا کر دی کہ ایک صاحب ارشاد بزرگ (جن کو میں خاصانِ خدا

تحریک کے خاص حلقۂ عمل میوات جا کر تحریک کی عملی صورت اور اس کے اثرات نتائج کو خود دیکھ کے اپنی رائے اور اپنے تاثرات ایک مضمون میں لکھے ۔ جہاں تک یاد پڑتا ہے کم از کم راقم سطور کی نظر میں اس تحریک کی اہمیت سب سے پہلے اسی مضمون سے پیدا ہوئی۔

اس کے کچھ دنوں بعد (ذیقعدہ ۱۳۵۸ھ میں) مولانا کی زیارت اور ان کی تبلیغی جد و جہد سے براہ راست اور تفصیلی واقفیت حاصل کرنے ہی کی نیت سے دہلی کا ایک سفر رفیق محترم مولانا سید ابو الحسن علی ندوی اور ایک دوسرے دینی دوست مولوی عبد الواحد صاحب ایم اے کی معیت میں کیا ۔ لیکن اتفاق کی بات کہ دہلی پہنچتے ہی میرے مکان سے فوری طلبی کا تار ملا، اور میں ان دونوں رفیقوں کو چھوڑ کر مولانا سے ملے بغیر ہی واپس ہو گیا۔ میرے دونوں رفیقوں نے اسی سفر میں مولانا سے پہلی اور تفصیلی ملاقات بھی کی اور میوات جا کر ان کے تبلیغی کام کے طرز اور ان کے اثرات و نتائج کا بھی مطالعہ کیا۔

مولانا سید ابو الحسن علی اپنی فطری سعادت اور دینی شخصیتوں سے خاص طبعی مناسبت کی وجہ سے اس پہلی ہی ملاقات میں مولانا کی شخصیت اور ان کے تبلیغی کام سے بہت زیادہ متاثر ہو کر واپس ہوئے، اور اپنے خطوط کے ذریعہ مجھے بھی متاثر اور مولانا کی طرف متوجہ کرنے کی انہوں نے کوشش کی۔ لیکن چونکہ میں مولانا کو کئی بار دیکھ چکا تھا اور متعدد ملاقاتوں میں ان کی باتیں بھی سن چکا تھا اور اپنی کم نگاہی کی وجہ سے کچھ زیادہ متاثر نہ ہو سکا تھا اس لئے مولانا علی کے ان خطوط کا بھی مجھ پر کوئی خاص اثر نہیں پڑ سکا۔ ہاں

میں چونکہ ان بزرگ سے بہت کچھ متأثر ہو چکا تھا اس لئے حضرت مولانا محمد الیاسؒ کے متعلق ان کی زبان سے یہ کلمات سن کر میں نے ارادہ کر لیا کہ یہاں سے اب انشاء اللہ دہلی ہو کے اور مولانا کی زیارت کر کے ہی مکان واپس جاؤں گا۔ چنانچہ میں وہاں سے سیدھا دہلی گیا۔ حضرت مولانا ان دنوں سخت بیمار تھے۔ کئی دنوں سے غذا بھی نہیں ہوئی تھی۔ ضعف کا یہ عالم تھا کہ ذرا کھڑے ہوتے تو ٹانگیں لرزنے لگتیں۔ میں جب حاضر خدمت ہوا اور سلام کے بعد مصافحہ کے لئے ہاتھ بڑھایا تو بجائے مصافحہ فرمانے کے بستر سے اٹھ کر میرے دونوں ہاتھ پکڑ کے حضرت کھڑے ہو گئے۔ میں نے باصرار عرض کیا کہ آپ آرام فرمائیں۔ آپ کی طبیعت ناساز ہے فرمایا۔

"کچھ نہیں جی، بس تم ہی لوگوں کا بیمار ڈالا ہوا ہوں
تمہارا ہی ستایا ہوا ہوں، تم آجاؤ، دین کا کام کرنے
لگو، انشاء اللہ اچھا ہو جاؤں گا۔"

قصہ مختصر، مولانا نے میرے ہاتھ اس وقت چھوڑے جب میں نے وعدہ کر لیا کہ انشاء اللہ آؤں گا اور وقت دوں گا۔

جہاں تک یاد ہے اس دفعہ میں غالباً قریب ایک ہفتہ روز مولانا کی خدمت میں رہا۔ ایسی سخت بیماری اور اس درجہ کی کمزوری میں مولانا پر دین کی فکر کا میں نے جیسا غلبہ دیکھا اور دین کے ساتھ ان کے جس تعلق کا اندازہ ہوا اس نے مجھے بہت متأثر کیا اور میں یہ طے کر کے واپس آیا کہ مولانا کو اللہ تعالیٰ اس مرض سے صحت دے تو میں ان کے کام میں شریک ہو کر کچھ وقت

اور اہلِ یقین و اخلاص میں سے سمجھتا تھا) کی خدمت میں تقریباً ایک ہفتہ مجھے قیام کرنا پڑا ـــــ موقع کو غنیمت جان کر ایک دن میں نے تصوف اور اس کے خاص اعمال و اشغال کے متعلق اپنے خیالات عرض کئے، اپنی تسلی یا تشفی کے لئے نہیں بلکہ بزعم خود گویا ان بزرگ کے حال اور خیال کی اصلاح کے لئے۔ لیکن اللہ کے اس بندے نے عجیب طریقِ علاج اختیار کیا۔ تفصیل تو بہت لمبی ہے اور اس کے ذکر کا یہ موقع بھی نہیں، بلکہ اجمالاً صرف نتیجہ سن لیجئے کہ دو تین دن میں وہ سب اشکالات ختم ہو گئے اور معلوم ہوا کہ یہ سارے وساوس اور اعتراضات خود اپنی ہی غلط فہمیوں کا نتیجہ تھے۔

یہ چند روز جو ان بزرگ کی خدمت میں گزرے میری زندگی میں ایک موڑ کی حیثیت رکھتے ہیں ـــــ پھر جب میں ان بزرگ سے رخصت ہونے لگا تو انہوں نے بڑی شفقت اور محبت کے ساتھ مجھے تاکید فرمائی کہ حضرت دہلوی کے یہاں تم زیادہ جایا کرو اور ان سے ملتے رہا کرو ـــــ یہ بزرگ حضرت مولانا محمد الیاسؒ کو "حضرت دہلوی" ہی کے نام سے یاد کرتے تھے۔ میں نے عرض کیا کہ میں ان کی خدمت میں کئی بار حاضر ہوا ہوں اور میرے دل میں ان کا پورا احترام ہے لیکن میں ان سے زیادہ متاثر نہیں ہو سکا ہوں ـــــ میری زبان سے یہ سن کر ان بزرگ نے حضرت مولانا کے متعلق بہت ہی بلند کلمات فرمائے، جن کا حاصل غالباً یہ تھا کہ اللہ کا خاص تعلق بہت سے بندوں سے بھی ہوتا ہے لیکن خاص الخاص تعلق بس کسی کسی کے ساتھ ہی ہوتا ہے اور میرے خیال میں اس وقت حضرت دہلوی کے ساتھ اللہ کا تعلق خاص الخاص قسم کا ہے

میوات کے اس سفر سے قریباً ایک مہینہ بعد لکھنؤ اور کانپور کے تبلیغی دورے میں بھی ایک ہفتہ حضرت مولانا کی ہمرہی نصیب ہوئی اس سفر میں بھی بعض ارشادات نوٹ کئے اور اس مجموعہ کی تیسری قسط ان ہی ملفوظات پر مشتمل ہے ۔

اس کے کچھ عرصہ بعد مولانا مریض ہو کر صاحب فراش ہو گئے اور رجب ۱۳۶۳ھ میں وفات پر اس مرض کی انتہا ہوئی ۔

رحمہ اللہ تعالیٰ رحمۃ الابرار الصالحین

وصال سے قریباً ۴ مہینے پہلے ربیع الاول یا ربیع الثانی میں مرض کی شدت اور نزاکت کی اطلاع پا کر یہ عاجز حاضر خدمت ہوا۔ حسن اتفاق سے ان دنوں میرے وہ مخدوم اور محسن بزرگ بھی مولانا کی عیادت کے لئے تشریف لائے ہوئے تھے جنہوں نے مجھے مولانا کی خدمت میں حاضری کی تاکید فرمائی تھی۔ جب وہ تشریف لے جانے لگے تو مجھے الگ بلا کر فرمایا ۔

"مولوی صاحب! اور کام تو عمر بھر کرو گے، اس وقت جتنا ہو سکے ان کے پاس بیٹھے رہو آج کل یہ بڑے سیال ہزاروں میل روز کی رفتار سے جا رہے ہیں ۔"

ان کے اس ارشاد پر میں نے یہ طے کر لیا کہ اب مولانا کی بیماری میں ان شاء اللہ یہیں رہوں گا۔ اور ہفتہ عشرہ کے بعد رسالہ اور دفتر کی ضروریات دیکھو بھال کے لئے دو چار دن کے واسطے بریلی[1] چلا جایا کروں گا۔ چنانچہ یہی

---

[1] اس زمانہ میں میرا قیام بریلی میں رہتا تھا ۔ اور رسالہ الفرقان وہیں سے نکلتا تھا ۔ ۱۲

ان کی خدمت میں گزاروں گا۔

اس مرض سے صحت کے بعد جمادی الاخری ۱۳۶۲ھ میں میوات میں ایک تبلیغی اجتماع طے ہوا۔ اطلاع ملنے پر یہ عاجز بھی دہلی پہنچ گیا۔ رفیقِ محترم مولانا علی بھی آ گئے۔

اللہ تعالیٰ مولانا احتشام الحسن صاحب کو جزائے خیر دے، غالباً انہوں نے ہی یہ تجویز کیا کہ ہم دونوں مولانا کے ساتھ ایک کار میں جائیں، مولانا کے نہایت مخلص محب محمد شفیع صاحب قریشی کی یہ کار تھی اور بہت چھوٹی قسم کی تھی۔ اس میں حضرت مولانا اور ہم دونوں کے سوا صرف ایک قریشی صاحب ہی اور تھے اور وہی کار چلانے والے تھے۔

کار نظام الدین سے روانہ ہوئی اور حضرت مولانا کے ارشادات و افادات کا سلسلہ شروع ہوا۔ تھوڑی ہی دیر کے بعد مجھے خیال ہوا کہ مولانا کی باتیں خود یاد رکھنے اور دوسروں تک پہنچانے کے لائق ہیں لہٰذا انہیں لکھ لینا چاہیئے۔ چنانچہ کار ہی میں جیب سے پنسل کاغذ نکالا اور خاص خاص باتوں کو نوٹ کرنا شروع کر دیا۔ منزلِ مقصود تک پہنچنے تک یہ سلسلہ برابر جاری رہا۔

مولانا کے ملفوظات کی یہ پہلی قسط تھی جو میں نے اس سفر میں قلمبند کی۔ اس کا ایک حصہ رجب ۱۳۶۲ھ کے الفرقان میں مولانا کی حیات بلکہ تن درستی ہی میں ان کی اجازت سے شائع ہوا۔ اور دوسرا حصہ کئی مہینے کے وقفہ سے ربیعین ۱۳۶۳ھ کے الفرقان میں شائع ہوا۔ اس مجموعہ کی پہلی اور دوسری قسط ان ہی ملفوظات پر مشتمل ہے۔

الفاظ و عبارات اپنی یادداشت سے لکھتا تھا اس لئے لفظوں میں بہت کچھ
فرق کا امکان ہے۔ بلکہ بہت سے مقامات پر ناظرین کو سمجھانے کے خیال
سے دانستہ بھی الفاظ میں کچھ تغیر کیا گیا ہے کیونکہ مولانا مرحوم کی علمی زبان اور
مخصوص طرز ادا کو بسا اوقات اور قریب رہنے والے خواص ہی سمجھ سکتے ہیں۔

۲۔ اکثر ایسا ہوتا تھا کہ مولانا کا سلسلۂ کلام جاری ہوتا تھا، لیکن
میں اس وقت لکھنے کی طرف توجہ کرنا مناسب نہیں سمجھتا تھا اور یہ خیال کر لیتا
تھا کہ انشاء اللہ بعد میں حافظہ سے لکھ لوں گا۔ لیکن یاد نہیں آتا کہ پھر کبھی
اس کی نوبت آئی ہو۔ اس لئے یہ واقعہ ہے کہ اس عاجز نے یاد رکھنے اور لکھنے کے
قابل حضرت کے جو ارشادات سنے، یہ ملفوظات جو اس چھوٹی سی کتاب میں
مرتب کر کے پیش کئے جا رہے ہیں، یہ شاید ان کا دسواں حصّہ بھی نہیں ہیں۔

۳۔ حضرت مولانا نے مسلمانوں میں دینی زندگی اور ایمانی روح پیدا
کرنے کی جو کوشش ایک خاص طرز پر شروع کی تھی اور جس میں آپ نے بالآخر
اپنی جان کھپا دی، مولانا کا اصلی کارنامہ وہی دینی دعوت ہے اور الحمد للہ
کہ مولانا مرحوم کے بعد بھی وہ سلسلہ کم از کم مقدار اور کمیّت میں تو دن دونی رات چوگنے
اضافہ اور ترقی کے ساتھ جاری ہے۔ البتہ دعوت کے اصول اور اس کی روح
(ایمان اور احتساب) کے تحفظ کی طرف اس تحریک سے خاص تعلق رکھنے والوں
کو زیادہ سے زیادہ توجہ کرنے کی ضرورت ہے۔ اور اس سلسلہ میں بہت کچھ
رہنمائی اور نشاندہی اس مجموعۂ ملفوظات سے بھی حاصل کر سکتے ہیں۔

معمول رہا اور مجموعی طور پر غالباً دو مہینے سے کچھ زیادہ مولانا کے مرض الوفات میں میرا قیام رہا۔ جمادی الاخری ۱۳۶۲ھ کے سفر میوات اور رجب ۱۳۶۳ھ کے سفر لکھنؤ و کانپور کے ملفوظات کے سوا اس مجموعہ کے تمام ملفوظات حضرت رح کے مرض الوفات ہی کے ہیں ——— البتہ چوتھی قسط کے تمام ملفوظات مولانا ظفر احمد صاحب تھانوی کے مرتب کئے ہوئے ہیں۔ مولانا موصوف حضرت مولانا کے آخری مرض میں پورا ایک مہینہ نظام الدین میں مولانا کے پاس مقیم رہے تھے۔ اور اہتمام سے حضرت کے ملفوظات قلمبند فرماتے تھے۔

مولانا کی اس بیماری میں ان کے جن احوال و کیفیات کا مشاہدہ ہوا یہ واقعہ ہے کہ ان سے سلف کے ان بہت سے واقعات کا یقین ہو گیا جن کو تذکروں کی کتابوں میں پڑھا تھا لیکن ان کی صحت پر اطمینان نہ ہوتا۔

بہت سی باتیں جن کا مجھ جیسا فرسنی باطنی قائل نہ ہو سکتا تھا مولانا میں ان باتوں کو اپنی آنکھوں سے دیکھ کر قائل ہو جانا پڑا۔ اس وقت کے اپنے تاثرات کا حاصل اپنے مقالہ "میری زندگی کے تجربے" میں لکھ چکا ہوں۔ اگرچہ شخصیت اور خصوصاً ایسی شخصیت کے قائم مقام کوئی چیز بھی نہیں ہو سکتی لیکن امید ہے کہ رفیق محترم مولانا سید ابوالحسن علی کی مرتب کی ہوئی حضرت کی سوانح اور ملفوظات کے اس مختصر سے مجموعے کے مطالعے سے ناظرین کو مولانا مرحوم کی معرفت کسی درجہ میں انشاءاللہ حاصل ہو سکے گی۔

قابل لحاظ چند باتیں

۱۔ مولانا جب گفتگو فرماتے تھے تو یہ عاجز اس وقت صرف مختصر اشارات میں نوٹ کر لیا کرتا تھا بعد میں کسی فرصت کے وقت

ارشاداتِ حضرت مولانا محمد الیاسؒ

(قسط نمبر ۱)

یہ قسط حضرتؒ کی حیات میں بلکہ مرض الوفات
شروع ہونے سے بھی پہلے شائع ہو چکی ہے

(۱) فرمایا —— انبیاء علیہم السّلام کی امتوں کی عام حالت یہ رہی ہے کہ جوں جوں زمانۂ نبوت سے ان کو بُعد ہوتا تھا، دینی امور (عبادات وغیرہا) اپنی روح اور حقیقت سے خالی ہو کر ان کے ہاں محض "رسوم" کی حیثیت اختیار کر لیتے تھے۔ اور ان کی ادائیگی بس ایک بڑی ہولی رسم کے طور پر ہوتی تھی۔ اس گمراہی اور بے راہ روی کی اصلاح کے لئے پھر دوسرے پیغمبر مبعوث ہوتے تھے جو اس رسمی حیثیت کو مٹا کر امتوں کو "امور دین" کی اصلی حقیقتوں اور حقیقی روحِ شریعت سے آشنا کرتے تھے۔

سب سے آخر میں جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوئے تو اس وقت کی جن قوموں کا تعلق کسی سماوی دین سے تھا، ان کی حالت بھی یہی تھی کہ ان کے پیغمبروں کی لائی ہوئی شریعت کا جو حصہ ان کے پاس باقی بھی تھا تو ان کی حیثیت بھی بس چند بے روح رسوم کے مجموعہ کی تھی۔

اور دراصل یہی اس کی اشاعت کا خاص مقصد ہے۔

وَاللّٰهُ يَقُوْلُ الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ اَوَّلًا وَّ اٰخِرًا

محمد منظور نعمانی عفا اللہ عنہ

ہونی چاہیئے۔ بس تصحیح نیّت اور اخلاص للہ چونکہ دین میں نہایت ضروری ہے بلکہ وہی سارے امورِ دین کی روح ہے اس لئے وہ بےحد سہل ہے اور یہی "اخلاص للہ" چونکہ سارے "سلوک" اور "طریق" کا حاصل ہے۔ اس لئے معلوم ہوا کہ سلوک بھی بہت آسان چیز ہے۔ مگر یاد رہنا چاہیئے کہ ہر چیز اپنے اصول اور اپنے طریقہ سے سہل ہوتی ہے، غلط طریقہ سے تو آسان سے آسان کام بھی دشوار ہو جاتا ہے۔ اب لوگوں کی غلطی یہ ہے کہ وہ اصول کی پابندی ہی کو مشکل سمجھتے ہیں اور اس سے گریز کرتے ہیں۔ حالانکہ دنیا میں کوئی معمولی سے معمولی کام بھی اصول کی پابندی اور مناسب طریق کار اختیار کئے بغیر انجام نہیں پاتا۔ جہاز، کشتی، ریل، موٹر سب اصول ہی پر چلتے ہیں۔ حتیٰ کہ ہنڈیا روٹی تک بھی اصول ہی سے پکتی ہے۔

(۳) فرمایا ـــــ طریقت کی خاص غایت ہے اللہ تعالیٰ کے احکام و اوامر کا مرغوب طبعی اور نواہی کا مکروہ طبعی ہو جانا (یعنی ایسی کیفیت پیدا ہو جانا کہ احکام و اوامر الٰہی کے بجالانے میں لذّت و فرحت حاصل ہو اور نواہی یعنی ممنوعات کے پاس جانے سے اذیّت و کراہت ہونے لگے) یہ تو ہے طریقت کی غایت باقی جو کچھ ہے (یعنی خاص اذکار و اشغال اور مخصوص قسم کی ریاضات و غیرہا سو وہ اس کی تحصیل کے ذرائع ہیں لیکن اب بہت سے لوگ ان ذرائع ہی کو اصل طریق سمجھنے لگے۔ حالانکہ بعض تو ان میں سے بدعت ہیں ـــــ بہرحال چونکہ ان چیزوں کی حیثیت صرف ذرائع کی ہے اور یہ بذاتِ خود مقصود نہیں ہیں۔ اس لئے احوال و مقتضیات کے

ان ہی رسوم کو وہ اصل دین و شریعت سمجھتے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان "رسوم" کو مٹایا اور اصل دینی حقائق اور احکام کی تعلیم دی۔

اُمتِ محمدیؐ بھی اب اس بیماری میں مبتلا ہو چکی ہے اس کی عبادات تک میں یہ رسمیت آ چکی ہے حتیٰ کہ دین کی تعلیم بھی جو اس قسم کی ساری خرابیوں کی اصلاح ہونی چاہیے تھی، وہ بھی بہت سی جگہ ایک "رسم" سی ہی بن گئی ہے ——— لیکن چونکہ سلسلۂ نبوّت اب ختم کیا جا چکا ہے اور اس قسم کے کاموں کی ذمہ داری اُمت کے "علماء" پر رکھ دی گئی ہے جو نائبینِ نبیؐ ہیں تو ان ہی کا یہ فرض ہے کہ وہ اس ضلال اور فسادِ حال کی اصلاح کی طرف خاص طور سے متوجہ ہوں اور اس کا ذریعہ ہے تصحیحِ نیّت! کیونکہ اعمال میں "رسمیت" جب ہی آتی ہے جبکہ ان میں للّٰہیت اور شانِ عبدیت نہیں رہتی اور نیّت کی تصحیح سے اعمال کا رخ صحیح ہو کر اللہ ہی کی طرف پھر جاتا ہے اور "رسمیت" کے بجائے ان میں "حقیقت" پیدا ہو جاتی ہے اور ہر کام عبدیت اور خدا پرستی کے جذبہ سے ہوتا ہے۔

الغرض لوگوں کو تصحیحِ نیّت کی طرف متوجہ کر کے ان کے اعمال میں للّٰہیت اور حقیقت پیدا کرنے کی کوشش کرنا علمائے اُمت اور حاملانِ دین کا اس وقت ایک خاص فریضہ ہے۔

(۲) فرمایا ——— قرآن و حدیث میں بڑی اہمیت کے ساتھ اس حقیقت کا اعلان کیا گیا کہ دین "یُسر" ہے یعنی وہ سراسر سہولت اور آسانی ہے لہٰذا جو چیز دین میں جس درجہ ضروری ہے وہ اسی درجہ میں سہل اور آسان

سے بہت ہوشیار رہنا چاہیئے کہ ان کے اس اختلاط سے ہمارے اندر حُبِّ مال و جاہ اور دولت کی حرص پیدا نہ ہو جائے۔

(۶) فرمایا ـــــ جب کوئی اللہ کا بندہ کسی امرِ خیر کی طرف قدم بڑھانا چاہتا ہے تو شیطان طرح طرح سے اس کی مزاحمت کرتا ہے۔ اور اس کی راہ میں مشکلات اور رکاوٹیں ڈالتا ہے لیکن اگر اس کی مزاحمتیں اور رکاوٹیں ناکام رہتی ہیں اور وہ بندۂ خدا ان سب کو عبور کر کے اس کارِ خیر کو شروع کر ہی دیتا ہے تو پھر شیطان کی دوسری کوشش یہ ہوتی ہے کہ وہ اس کے اخلاص اور اس کی نیت میں خرابی ڈال کے یا دوسرے طریقوں سے اس کارِ خیر میں خود حصہ دار بننا چاہتا ہے۔ یعنی کبھی اس میں "ریاء" و "سُمعہ" (دکھاوے اور شہرت کی خواہش) کو شامل کرنے کی کوشش کرتا ہے اور کبھی دوسرے اغراض کی آمیزش اور ملاوٹ سے اس کی للہیت کو برباد کرنا چاہتا ہے اور وہ اس میں بسا اوقات کامیاب ہو جاتا ہے اس لئے دینی کام کرنے والوں کو چاہیئے کہ وہ اس خطرہ سے ہر وقت چوکنے رہیں اور اس قسم کے شیطانی وساوس سے ہر وقت اپنے دل کی حفاظت کرتے رہیں اور اپنی نیتوں کا برابر جائزہ لیتے رہیں کیونکہ جس کام میں رضاءِ الٰہی کے علاوہ کوئی دوسری غرض کسی وقت بھی شامل ہو جائے گی اور پھر وہ اللہ کے یہاں قبول نہیں۔

(۷) فرمایا ـــــ اکثر دینی مدارس میں یہ ایک بڑی غفلت اور کوتاہی ہوتی ہے کہ طلباء کو پڑھا تو دیا جاتا ہے لیکن اس کی کوئی خاص کوشش نہیں کی جاتی کہ اس پڑھنے پڑھانے کا جو اصل مقصد ہے (یعنی خدمت

اختلاف کے ساتھ ان پر نظرِ ثانی اور حسبِ مصلحت ترمیم و تبدیل ضروری ہے البتہ جو چیزیں شریعت میں منصوص ہیں وہ ہر زمانہ میں یکساں طور پر واجب العمل رہیں گی۔

(۴) فرمایا فرائض کا مقام نوافل سے بہت بلند تر ہے بلکہ سمجھنا چاہیئے کہ نوافل سے مقصود ہی فرائض کی تکمیل یا ان کی کوتاہیوں کی تلافی ہوتی ہے۔ غرض فرائض اصل ہیں اور نوافل ان کے توابع اور فروع مگر بعض لوگوں کا حال یہ ہے کہ وہ فرائض سے تو غفلت برتتے ہیں اور نوافل میں مشغول رہنے کا اس سے بدرجہا زیادہ اہتمام کرتے ہیں۔ مثلاً آپ سب حضرات جانتے ہیں کہ "دعوت الی الخیر" "امر بالمعروف" اور "نہی عن المنکر" غرض تبلیغ دین کے یہ تمام شعبے اہم فرائض میں سے ہیں مگر کتنے ہیں جو ان فرائض کو ادا کرتے ہیں۔ لیکن اذکار نفلیہ میں اشتغال و انہماک رکھنے والوں کی اتنی کمی نہیں۔

(۵) فرمایا بعض اہلِ دین اور اصحابِ علم کو "استغناء" کے باب میں بڑا سخت مغالطہ ہے وہ سمجھتے ہیں کہ استغناء کا مقتضیٰ یہ ہے کہ اغنیاء اور اہلِ ثروت سے مطلقاً ملا ہی نہ جائے اور ان کے اختلاط سے کلّی پرہیز کیا جائے ــــ حالانکہ استغناء کا منشا صرف یہ ہے کہ ہم ان کی دولت کے حاجتمند بن کر ان کے پاس نہ جائیں اور طلبِ جاہ و مال کے لئے ان سے نہ ملیں۔ لیکن ان کی اصلاح کے لئے اور دینی مقاصد کے لئے ان سے ملنا اور اختلاط رکھنا ہرگز استغناء کے منافی نہیں بلکہ یہ تو اپنے درجہ میں ضروری ہے ہاں اس چیز

اس سے زیادہ غلط استعمال کیا ہو گا کہ اعداد دین کے تعلیمی نظام کی خدمت کا کام اس سے لیا جائے ـــــ گویا یوں سمجھئے کہ ان امتحانات کے ذریعہ علم دین کی نسبت اللہ و رسولؐ کے بجائے کاغذوں اور حکومت کافرہ کی طرف کی جاتی ہے۔ اس لئے یہ بڑی خطرناک چیز ہے۔

(۹) فرمایا علم کا سب سے پہلا اور اہم تقاضا یہ ہے کہ آدمی اپنی زندگی کا احتساب کرے اپنے فرائض اور کوتاہیوں کو سمجھے اور ان کی ادائیگی کی فکر کرنے لگے لیکن اگر اس کے بجائے وہ اپنے علم سے دوسروں کے اعمال کا احتساب اور ان کی کوتاہیوں کے شمار کا کام لیتا ہے تو یہ علمی کبر و غرور ہے جو اہل علم کے لئے بڑا مہلک ہے ؎

"کار خود کن کار بیگانہ مکن"

(۱۰) اس سوال پر کلام کرتے ہوئے کہ "مسلمانوں کو حکومت و اقتدار کیوں نہیں بخشا جاتا؟" فرمایا:۔

اللہ کے احکام اور امر و نواہی کی حفاظت و رعایت تم اپنی ذات اور اپنی منزلی زندگی میں نہیں کر رہے (جس پر تمہیں اختیار حاصل ہے اور کوئی مجبوری نہیں ہے) تو دنیا کا نظم و نسق کیسے تمہارے حوالے کر دیا جائے۔

ایمان والوں کو حکومت ارضی دینے سے منشاء الٰہی یہی ہوتا ہے کہ وہ اللہ کی مرضیات اور اس کے احکام کو دنیا میں نافذ کریں تو تم جب اپنے حدود اختیار میں آج یہ نہیں کر رہے تو حکومت تمہارے سپرد کرکے کل کے لئے تم سے

دین اور دعوت الی اللہ) وہ پڑھنے کے بعد اسی میں لگیں۔ اس غفلت کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ ان مدرسوں کے بہت سے ہونہار فاضل فراغت کے بعد محض تحصیل معاش کو اپنا مطمح نظر بنا کر یا تو طب پڑھنے میں لگ جاتے ہیں یا سرکاری یونیورسٹیوں کے امتحان دے کر انگریزی اسکولوں میں ٹیچری کا پیشہ اختیار کر لیتے ہیں اور ان کی دینی تعلیم پر جو وقت اور روپیہ خرچ ہوا تھا اور جو محنت کی گئی تھی وہ نتائج کے لحاظ سے اس طرح سب غارت ہو جاتی ہے بلکہ بسا اوقات وہ دشمنانِ دین کے کام آتی ہے۔ لہٰذا پڑھانے سے زیادہ ہم کو اس کی فکر اور کوشش کرنی چاہیے کہ جو طلباء پڑھ کر فارغ ہوں وہ دین کی خدمت ہی میں لگیں اور علم دین کے حقوق ادا کریں۔ اپنی کھیتی میں کچھ پیدا نہ ہو تو یہ بھی خسارہ ہے لیکن پیدا ہو کر ہمارے دشمنوں کے کام آئے تو یہ اور زیادہ خسارے کی بات ہے۔

(۸) فرمایا ـــــ سرکاری یونیورسٹیوں کے جو امتحانات "مولوی فاضل" وغیرہ دیئے جاتے ہیں ہم لوگوں کو ان کی قباحت اور ان کے ضرر دینی کا پورا اندازہ اور احساس نہیں۔ یہ امتحانات عموماً اس لئے تو دیئے جاتے ہیں کہ انگریزی اسکولوں میں نوکری مل سکے۔ گویا حکومت کافرہ نے اپنے مصالح کے لئے جو نظام تعلیم رائج کیا ہے اور اس سے اس کے جو مقاصد ہیں ان امتحانات (مولوی فاضل وغیرہ) کے دینے سے گویا مقصد یہ ہوتا ہے کہ ان مقاصد کی تکمیل کے لئے اس کافرانہ نظام کے معاون بلکہ اس کے اجرتی آلۂ کار بننے کا استحقاق پیدا کیا جا سکے۔ غور فرمایا جائے! علم دین پر اس سے بڑا ظلم اور اس کا

ہو نا، سادہ لباس، سادہ کھانا زیادہ مرغوب ہو ظاہر ہے کہ اس کو اسی میں زیادہ چین اور سکون محسوس ہوگا، پس جن لوگوں کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اتباع میں سادہ معاشرت مرغوب ہو جائے اور ان کو اسی میں لذت اور چین ملنے لگے ان پر اللہ تعالیٰ کا بڑا انعام ہے کہ ان کا چین ایسی ہی چیزوں سے وابستہ فرمایا جو بے حد سستی ہیں اور جن کا حصول ہر غریب و فقیر کے لئے بہت آسان ہے۔ اگر بالفرض ہماری رغبت ان بیش قیمت چیزوں میں رکھ دی جاتی جو دولت مندوں ہی کو میسر آسکتی ہیں تو شاید عمر بھر ہم بے چین ہی رہتے۔

(۱۳) فرمایا ______ ہم کو حکم ہے کہ جو مال تم کو اس دنیا میں دیا جائے اس کو مت روکو، یعنی بخل مت کرو بلکہ خرچ کرتے رہو لیکن اس شرط کی پابندی کے ساتھ کہ یہ خرچ بے جگہ بھی نہ ہو اور بے سلیقہ بھی نہ ہو یعنی یہ صرف صحیح محل و مصرف میں ہو اور اللہ کے بتائے ہوئے طریقوں پر اور اس کی مقرر کی ہوئی حدود کے اندر ہو۔

(۱۴) ایک وقت ایسا ہوا کہ شاید بارش وغیرہ کی وجہ سے مولانا کے یہاں گوشت نہیں آسکا اور اسی دن مہمانوں میں میرے ایک محترم بزرگ (جو حضرت مولانا کے خاص عزیز بھی ہیں) وہ بھی تھے (گوشت سے جن کی رغبت حضرت مولانا کو معلوم تھی) یہ عاجز بھی حاضر تھا، میں نے دیکھا کہ مولانا پر اس کا بڑا اثر ہے کہ آج دسترخوان پر گوشت نہیں ہے، مجھے اس پر ایک گونہ تعجب ہوا کہ یہ کون سی

اس کی کیا امید کی جا سکتی ہے۔

(۱۱) فرمایا ــــ جو لوگ گورنمنٹ کے وفادار اور حامی سمجھے جاتے ہیں در حقیقت وہ کسی کے بھی وفادار اور حامی نہیں ہیں۔ بلکہ صرف اپنی اغراض کے وفادار ہیں۔ البتہ آج چونکہ ان کی وہ دلی اغراض موجودہ گورنمنٹ سے پوری ہوتی ہیں اس لئے وہ ان کے حامی اور وفادار بنے ہوئے ہیں۔ لیکن اگر کل ہی کو ان کی اغراض گورنمنٹ کے دشمنوں سے پوری ہونے لگیں تو وہ اسی درجہ میں ان کے بھی حامی اور وفادار ہو جائیں گے۔ ورنہ حقیقی طور پر تو ایسے غرض پرست لوگ اپنے باپ کے بھی وفادار نہیں ہوتے تو ان لوگوں کی اصلاح کا طریقہ یہ نہیں ہے کہ ان کو برا بھلا کہا جائے۔ یا بس گورنمنٹ کی مخالفت پر ان کو آمادہ کیا جائے۔ ان کی اصلی بیماری "غرض پرستی" ہے اور جب تک یہ ان میں موجود رہے گی، اگر گورنمنٹ کی حمایت انہوں نے چھوڑ بھی دی تو اپنی اغراض کے لئے وہ کسی اور ایسی طاقت کے ایسے ہی وفادار بنیں گے۔ اس لئے کرنے کا کام یہ ہے کہ ان میں غرض پرستی کے بجائے خدا پرستی پیدا کی جائے اور اللہ اور اس کے دین کا انہیں سچا وفادار بنا لینے کی کوشش کی جائے۔ اس کے بغیر ان کی بیماری کا علاج نہیں ہو سکتا۔

(۱۲) فرمایا ــــ یہ قاعدہ کلیہ ہے کہ ہر آدمی کو چین اس چیز کے حصول سے ملتا ہے جس سے اسے رغبت اور چاہت ہو۔ مثلاً ایک شخص کو امیرانہ زندگی بیش قیمت کھانوں اور کپڑوں سے ہی رغبت ہے تو اس کو ان چیزوں کے بغیر چین و آرام نصیب نہیں ہو سکتا، لیکن جس کو چٹائی پر بیٹھنا، بوریئے پر

جو بدکار نہیں تھی، ایک بلی کو بھوکا رکھ کر تڑپا تڑپا کر مار ڈالا تو وہ جہنم میں ڈال دی گئی۔

(۱۶) فرمایا ـــــ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ معظمہ میں (قبل ہجرت) جو کام کرتے تھے، یعنی چل پھر کر لوگوں کو دعوت حق دینا اور اس مقصد کے لئے خود ان کے پاس جانا، بظاہر مدینہ طیبہ پہنچ کر یہ کام آپ کا نہیں رہا بلکہ وہاں آپ نے اپنا ایک مستقر بنا کر بیٹھے، لیکن یہ آپ نے اس وقت کیا جبکہ مکی دعوت کو سنبھالنے والوں اور اس کام کو حسن و خوبی کے ساتھ انجام دینے والوں کی ایک خاص جماعت آپ نے تیار کر دی اور پھر اس کام ہی کا یہ تقاضا ہوا کہ آپ ایک مرکز میں بیٹھ کے اس کام کو نظم کے ساتھ چلائیں اور کارکنوں سے کام لیں۔ علیٰ ھٰذا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو مدینہ طیبہ ہی کے مرکز میں مقیم رہنا، اس وقت درست ہوا جبکہ ایران و روم کے علاقوں میں اللہ کے کلمہ کو سربلند کرنے کے لئے جہاد کرنے والے اللہ کے ہزاروں بندے پیدا ہو چکے تھے اور ضرورت تھی کہ حضرت عمرؓ مرکز ہی میں رہ کر اس دعوت حق اور جہاد فی سبیل اللہ کے نظام کو استحکام کے ساتھ چلائیں۔

(۱۷) فرمایا ـــــ حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ نے صدیق اکبرؓ رضی اللہ عنہ کو تعلیم دی کہ وہ نماز کے آخر میں اللہ تعالیٰ سے یوں عرض کیا کریں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا کَثِیْرًا وَّلَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ فَاغْفِرْلِیْ مَغْفِرَۃً مِّنْ عِنْدِکَ وَارْحَمْنِیْ اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ۔

تاثر کی بات ہے ؟

تھوڑی دیر بعد اسی پر تعلق وافسوس کرتے ہوئے فرمایا:

حدیث شریف میں ہے مَن کان یؤمن باللّٰہ والیوم الاٰخر فلیکرم ضیفہ (جو شخص اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہو اس کو چاہیے کہ مہمان کا اکرام کرے) اور اکرام ضیف میں سے یہ بھی ہے کہ اس کی رغبت کی چیز اگر مہیا ہو سکتی ہو تو مہیا کی جائے۔ اس کے بعد ایک درد کے ساتھ فرمایا "فکیف باضیاف اللّٰہ واضیاف رسولہ" (جس کا مطلب یہ ہے کہ جب کسی کے یہاں ایسے مہمان آئیں جو صرف اللہ اور رسولؐ کی وجہ سے اور انہی کے تعلق اور انہی کے کام سے آتے ہیں تو ان کا حق تو اور بھی زیادہ ہو جاتا ہے)

(۱۵) فرمایا جنت حقوق کا بدلہ ہے۔ یعنی اپنے حقوق اپنا چین اور اپنا آرام اللہ کے لئے مٹایا جائے اور اپنے پر تکلیف برداشت کر کے دوسروں کے حقوق ادا کئے جائیں۔ (جن میں حقوق اللہ بھی شامل ہے۔) تو اسی کا بدلہ جنت ہے (اسی سلسلہ میں فرمایا) حدیث میں ارشاد ہوا ہے:

"اِرْحَمُوْا مَنْ فِی الْاَرْضِ یَرْحَمْکُمْ مَنْ فِی السَّمَآءِ

تم زمین والوں پر رحم کھاؤ رب السماء تم پر رحمت فرمائے گا"

حدیث میں دو عورتوں کے دو واقعے بیان کئے گئے ہیں جو عام طور سے معلوم اور مشہور ہیں۔ ایک یہ کہ کسی بدکار اور فاحشہ عورت نے کتے کی خبر گیری کی اور اس کی پیاس پر ترس کھا کر کنوئیں سے پانی نکال کر اسے پلایا تو اللہ نے اس کے اس فعل کے عوض اس کے لئے جنت کا فیصلہ فرما دیا۔ اور ایک دوسری عورت نے

مقام کا قیام دنیا سے سینکڑوں ہی گنا زیادہ ہوتا ہے۔ پھر انسان کی کیسی ہی غفلت ہے کہ دنیا کے چند روزہ قیام کے لئے وہ جتنا کچھ کرتا ہے ان دوسرے مقامات کے لئے اتنا بھی نہیں کرتا۔

(۱۹) فرمایا ـــــ "تحقیق ذکر اللہ" یہ ہے کہ آدمی جس موقع پر اور جس حال اور جس مشغلہ میں ہو اس کے متعلق اللہ کے جو احکام و اوامر ہوں ان کی نگہداشت رکھے اور میں اپنے دوستوں کو اسی "ذکر" کی زیادہ تاکید کرتا ہوں۔

(۲۰) فرمایا ـــــ انسان کو اپنے ماسوا پر جو امتیاز و تفوق حاصل ہے اس میں زبان کو خاص دخل ہے۔ اب اگر زبان سے آدمی اچھی ہی باتیں کرتا ہے اور خیر ہی میں اس کو استعمال کرتا ہے تو یہ امتیاز اور تفوق اس کو خیر میں حاصل ہوگا اور اگر زبان کو اس نے آلۂ شر بنا رکھا ہے، مثلاً بری باتیں بکتا ہے اور ناحق لوگوں کو ایذا دیتا ہے تو پھر اسی زبان کی بدولت وہ شر میں ممتاز اور بالاتر ہوگا حتیٰ کہ کبھی یہی زبان آدمی کو کتے اور خنزیر سے بھی بدتر کر دے گی

حدیث شریف میں ہے۔

وھل یکب النّاس فی النّار علٰی مناخرھم الاحصائد السنتھم (یعنی آدمیوں کو جہنم میں اوندھے منہ ان کی بکواس ہی ڈالے گی) اَللّٰھُمَّ احْفَظْنَا

قسط نمبر ۳

(۲۱) ایک دن صبح کی نماز کے بعد خدمت دین اور نصرت

یعنی اے اللہ میں نے اپنے پر بڑا ظلم کیا ہے اور تیرے سوا کوئی گناہوں اور خطاؤں کا بخشنے والا نہیں پس تو محض اپنے فضل و کرم سے (جس میں گویا میرے استحقاق کو کوئی دخل نہیں ہے) مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما بخشنے والا اور رحم کرنے والا یقیناً تو ہی ہے۔

ذرا سوچئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو تلقین فرمائی ہے جو اس ساری امت میں اکمل و افضل ہیں اور بالخصوص ان کی نماز خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک ایسی کامل ہوتی تھی کہ آپ نے ان کو خود امام نماز بنایا باوجود اس کے ان کو بھی یہ تعلیم فرمایا کہ نماز کے آخر میں اللہ پاک کے حضور اپنی کوتاہی اور عبادت کا حق ادا نہ ہو سکنے کا اعتراف اس طرح کیا کرو اور اس طرح محض اس کے فضل و کرم سے مغفرت و رحمت کی درخواست کیا کرو ۔۔۔ پھر کیا ماوشما ؟

(۱۸) فرمایا ۔۔۔۔ انسان کا قیام زمین کے اوپر بہت کم ہے (یعنی زیادہ سے زیادہ عمر طبعی کی مقدار) اور زمین کے نیچے اس کو اس سے بہت زیادہ قیام کرنا ہے۔ یا یوں سمجھو کہ دنیا میں تو تمہارا قیام ہے بہت مختصر، اور اس کے بعد جن جن مقامات پر ٹھہرنا ہے۔ مثلاً مرنے کے بعد نفخۂ اولیٰ تک قبر میں، اس کے بعد نفخۂ ثانیہ تک اس حالت میں جس کو اللہ ہی جانتا ہے (اور یہ مدت بھی ہزارہا برس کی ہوگی) اور پھر ہزارہا برس ہی عرصۂ محشر میں، اس کے بعد آخرت میں جس ٹھکانے کا فیصلہ ہو ۔۔۔۔ غرض دنیا سے گزرنے کے بعد ہر منزل اور

رہنا ہی اپنا منصب سمجھتے ہیں اور اس کے بیچ میں روز تھے جاگتے جو کچھ ہاتھ لگ جاتا ہے کھا پی بھی لیتے ہیں لیکن اللہ پاک کے ساتھ اب بندوں کا یہ معاملہ ہو گیا ہے کہ مستقل طور سے تو وہ اپنے اور بالکل اپنے کاموں اور اپنے مرغوبات اور لذائذ میں اپنے ہی لئے لگے رہتے ہیں اور کبھی کبھی کچھ وقت اپنے ان ذاتی مشاغل اور مرغوبات سے نکال کر خدا کا کوئی کام بھی کر لیتے ہیں۔ مثلاً نماز پڑھ لیتے ہیں یا خیر کے کاموں میں چندہ دیتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ خدا اور دین کا مطالبہ ہم سے ادا ہو گیا۔ حالانکہ حق بندگی یہ ہے کہ اصالۃً اور مستقلاً تو ہو دین کا کام اور اپنا کھانا پینا اور اس کے لئے سامان کرنا ہو صرف ضمناً اور تبعاً (اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ لوگ اپنے اپنے ذرائع معاش اور کاروبار چھوڑ دیں نہیں بلکہ مطلب یہ ہے کہ جو کچھ ہو اس کی بندگی کے تحت ہو اور اس کے دین کی خدمت اور نصرت سب میں ملحوظ ہو اور اپنے کھانے پینے وغیرہ کی حیثیت صرف ضمنی ہو جس طرح ایک غلام کی اپنے آقا کے کاروبار میں ہوتی ہے)

(۲۳) ایک دن کسی وقت کی نماز ایک صاحب نے پڑھائی۔ بعد نماز یہ دعا بھی کی (جو حضرت مولانا بھی بکثرت کیا کرتے تھے)

اَللّٰهُمَّ انْصُرْ مَنْ نَصَرَ دِيْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاخْذُلْ مَنْ خَذَلَ دِيْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (اے اللہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دین کی جو لوگ مدد کریں گے تو ان کی مدد فرما اور جو اس دین کی

دین کی ترغیب دیتے ہوئے سلسلۂ کلام اس طرح شروع فرمایا:

دیکھو سب جانتے اور مانتے ہیں کہ خدا غائب نہیں ہے بلکہ شاہد ہے اور ہر آن شاہد ہے، تو اس کے حاضر و ناظر ہوتے ہوئے بندوں کا اس میں نہ لگنا اور اس کے غیروں میں لگا رہنا یعنی اس سے اعراض اور اس کے ماسوا میں اشتغال و انہماک سوچو کہ کیسی بے نصیبی اور کتنی بڑی محرومی ہے اور قیاس کرو کہ یہ چیز خدا کو کس قدر غضبناک کرنے والی ہوگی؟ اور خدا کے دین کے کام سے غافل رہنا اور اس کے اوامر و احکام کا لحاظ نہ رکھتے ہوئے دنیا میں لگا رہنا ہی اس کے اعراض اور ماسوا میں اشتغال و انہماک ہے اور اس کے برعکس اللہ میں لگنا یہ ہے کہ اس کے دین کی نصرت میں لگا رہے اور اس کے احکام کی فرمانبرداری کرتا رہے مگر اس کا لحاظ رکھنا پڑے گا کہ جو بات جتنی زیادہ اہم اور جتنی زیادہ ضروری ہو اس کی طرف اسی قدر توجہ دی جائے اور یہ چیز معلوم ہوگی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ سے۔ اور معلوم ہے کہ آپ ﷺ نے جس کام کے لئے سب سے زیادہ محنت کی اور سب سے زیادہ تکلیفیں برداشت کیں وہ کام تھا کلمہ کا پھیلانا یعنی بندوں کو خدا کی بندگی کے لئے تیار کرنا اور اس کی راہ پر لگانا تو یہی کام سب سے زیادہ اہم رہے گا اور اس کام میں لگنا اعلیٰ درجہ کا خدا میں لگنا ہوگا۔

(۲۲) ایک صحبت میں فرمایا —— لوگوں نے اللہ کی عبدیت اور بندگی کو انسانوں کی غلامی اور نوکری سے بھی کم درجہ دے رکھا ہے غلاموں اور نوکروں کا عام حال یہ ہوتا ہے کہ وہ ہمہ وقت اپنے آقا کے کام میں لگے

قسط نمبر ۳

اس قسط کے تمام ملفوظات اس دینی تحریک و دعوت ہی سے متعلق ہیں جس میں حضرتؒ فنا تھے۔ اس دعوت کے کارکنوں کو غور سے ان ملفوظات کو پڑھنا چاہیئے۔

(۲۴) ایک صحبت میں فرمایا ـــــ ہماری اس تحریک کا اصل مقصد ہے مسلمانوں کو "جمیع مَاجَآءَ بِہِ النَّبِیُّ ﷺ" سکھانا (یعنی اسلام کے پورے علمی و عملی نظام سے اُمت کو وابستہ کر دینا) یہ تو ہے ہمارا اصل مقصد۔ رہی قافلوں کی یہ چلت پھرت اور تبلیغی گشت سو یہ اس مقصد کے لئے ابتدائی ذریعہ ہے۔ اور کلمہ و نماز کی تلقین و تعلیم گویا ہمارے پورے نصاب کی "الف، بے، تے" ہے۔ یہ بھی ظاہر ہے کہ ہمارے قافلے پورا کام نہیں کر سکتے۔ ان سے تو بس اتنا ہی ہو سکتا ہے کہ ہر جگہ پہنچ کر اپنی جدّ و جہد سے ایک حرکت و بیداری پیدا کر دیں اور غافلوں کو متوجہ کر کے وہاں کے مقامی اہلِ دین سے وابستہ کرنے کی اور اس جگہ کے دین کی فکر کرنے والوں (علماء و صلحاء) کو بھی اپنے عوام کی اصلاح پر لگا دینے کی کوشش کریں۔ ہر جگہ تو اصلی کام وہیں کے کارکن کر سکیں گے۔ اور عوام کو زیادہ فائدہ اپنی جگہ کے اہلِ دین ہی سے استفادہ کرنے سے ہوگا البتہ اس کا طریقہ ہمارے

مدد نہ کریں ان کی تو بھی کوئی مدد نہ فرما)

حضرت مولانا نے اس پر تین بار بآواز بلند ایک خاص درد کے ساتھ فرمایا اَللّٰھُمَّ لَا تَجْعَلْنَا مِنْھُمْ، اَللّٰھُمَّ لَا تَجْعَلْنَا مِنْھُمْ، اَللّٰھُمَّ لَا تَجْعَلْنَا مِنْھُمْ۔ پھر حاضرین کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا۔

بھائیو! اس دعا پر غور کرو اور اس کا وزن سمجھو۔ یہ وہ دعا اور بددعا ہے جس کو قریباً ہر زمانہ میں اللہ کے خاص بندے کرتے چلے آئے ہیں یہ بڑی بھاری دعا ہے اس میں دین کی مدد کرنے والوں اور اس راہ میں جدّ وجہد کرنے والوں کے لئے تو رحمت ونصرت کی دعا ہے لیکن دین کی مدد نہ کرنے والوں کے حق میں بڑی سنگین بددعا ہے کہ خدا ان کو اپنی رحمت ونصرت سے محروم کردے۔ اب ہر شخص اس دعا کو اپنے اوپر منطبق کر کے دیکھے کہ وہ اس کی اچھی دعا کا مصداق ہے یا بددعا کا نشانہ۔ یہ بھی خیال رہے کہ اپنی اپنی نمازیں پڑھنا روزے رکھنا اگرچہ اعلیٰ درجہ کی عبادتیں ہیں لیکن یہ دین کی نصرت کے کام نہیں ہیں۔ دین کی نصرت تو وہی ہے جس کو قرآن پاک اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے "نصرت" بتلایا ہے۔ اور اس کا اصلی اور مقبول ترین طریقہ بھی وہی ہے جس کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے رواج دیا ہے۔۔۔ اس وقت اس طریقہ اور اس رواج کو تازہ کرنے اور پھر سے اس کو جاری کرنے کی سعی کرنا ہی دین کی سب سے بڑی نصرت ہے۔ اللہ پاک ہم سب کو اسکی توفیق دے۔

تو پھر ان کو خدا کی رحمت اور ذریعۂ کفارۂ سیئات و رفعتِ درجات سمجھا جائے. راہ خدا میں اس قسم کی مصیبتیں تو انبیاء اور صدیقین و مقربین کی خاص غذائیں ہیں۔

(۲۷) ایک صحبت میں فرمایا ــــــ تبلیغ و دعوت کے وقت بالخصوص اپنے باطن کا رخ اللہ پاک ہی کی طرف رکھنا چاہیئے نہ کہ مخاطبین کی طرف، گویا اس وقت ہمارا دھیان یہ ہونا چاہیئے کہ ہم اپنے کسی کام اور اپنی ذاتی رائے سے نہیں بلکہ اللہ کے حکم سے اور اس کے کام کیلئے نکلے ہیں۔ مخاطبین کی توفیق بھی اسی کے قبضۂ قدرت میں ہے. جب اس وقت یہ دھیان ہوگا، تو انشاء اللہ مخاطبین کے غلط برتاؤ سے نہ تو غصہ آئے گا اور نہ ہمت ٹوٹے گی۔

(۲۸) فرمایا ــــــ کیسا غلط رواج ہو گیا ہے اگر دوسرے لوگ ہماری بات مان لیں تو اس کو ہم اپنی کامیابی سمجھتے ہیں اور نہ مانیں تو اس کو ہماری ناکامی سمجھا جاتا ہے. حالانکہ اس راہ میں خیال کرنا بالکل ہی غلط ہے. دوسروں کا ماننا یا نہ ماننا تو ان کا فعل ہے، ان کے کسی فعل سے ہم کامیاب یا ناکام کیوں کئے جائیں. ہماری کامیابی یہی ہے کہ ہم اپنا کام پورا کر دیں. اب اگر دوسروں نے نہ مانا تو یہ ان کی ناکامی ہے، ہم ان کے نہ ماننے سے ناکام کیوں ہو گئے. لوگ بھول گئے وہ منوا دینے کو (جو درحقیقت خدا کا کام ہے) اپنا کام اور اپنی ذمہ داری سمجھنے لگے. حالانکہ ہماری ذمہ داری صرف بطریق حسن اپنی کوشش لگا دینا ہے. منوانے کا کام تو پیغمبروں کے سپرد

ان آدمیوں سے سیکھا جائے جو ایک عرصے سے افادہ و استفادہ اور تعلیم و تعلّم کے اس طریقہ پر عامل ہیں اور اس پر بڑی حد تک قابو پا چکے ہیں۔

(۲۵) ایک صحبت میں فرمایا ـــــ ہمارے کارکن اس بات کو مضبوطی سے یاد رکھیں کہ اگر ان کی دعوت و تبلیغ کہیں قبول نہ کی جائے اور الٹا ان کو برا بھلا کہا جائے، الزامات لگائے جائیں۔ تو وہ مایوس اور ملول نہ ہوں، اور ایسے موقع پر یہ یاد کر لیں کہ یہ انبیاء علیہم السلام اور بالخصوص سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی خاص سنت اور وراثت ہے۔ راہِ خدا میں ذلیل ہونا ہر ایک کو کہاں نصیب ہوتا ہے اور جہاں اس کا استقبال اعزاز و اکرام سے کیا جائے ان کی دعوت و تبلیغ کی قدر کی جائے اور طلب کے ساتھ ان کی باتیں سنی جائیں تو اس کو اللہ پاک کا فقط انعام سمجھیں اور ہرگز اس کی ناقدری نہ کریں۔ ان طالبوں کی خدمت اور تعلیم کو اللہ کے اس احسان کا خاص شکریہ سمجھیں۔ اگرچہ یہ چھوٹے سے چھوٹے طبقہ کے لوگ ہوں۔ قرآن پاک کی آیات عَبَسَ وَ تَوَلّٰٓی اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰی الآیات میں ہم کو یہی سبق دیا گیا ہے۔ ہاں اس صورت میں اپنے نفس کے فریب سے بھی ڈرتے رہیں۔ نفس اس مقبولیت و مطلوبیت کو اپنا کمال نہ سمجھنے لگے، نیز اس میں "پیر پرستی" کے فتنہ کا بھی سخت اندیشہ ہے لہٰذا اس سے خاص طور سے خبردار رہیں۔

(۲۶) ایک صحبت میں فرمایا ـــــ سب کارکنوں کو سمجھا دو کہ اس راہ میں بلاؤں اور تکلیفوں کو خدا سے مانگیں تو ہرگز نہیں (بندہ کو اللہ سے ہمیشہ عافیت ہی مانگنی چاہیئے) لیکن اگر اللہ پاک اس راہ میں یہ مصیبتیں بھیج دے

اس طرح اُمید ہے کہ تمہارے کام اور اس کے نتائج کی اطلاعیں خود بخود ان کو پہنچیں گی اور وہ ان کے لئے داعی اور ان کی توجہ کی جالب ہو جائیں گی۔ پھر اگر اس کے بعد اگر خود تمہاری طرف اور تمہارے کام کی طرف متوجہ ہوں تو ان سے سرپرستی اور خبرگیری کی درخواست کی جائے اور ان کے دینی ادب و احترام کو ملحوظ رکھتے ہوئے اپنی بات ان سے کہی جائے۔

(۳۰) فرمایا — اگر کہیں دیکھا جائے کہ وہاں کے علماء اور صلحاء اس کام کی طرف ہمدردانہ طور سے متوجہ نہیں ہوتے تو ان کی طرف سے بدگمانی کو دل میں جگہ نہ دی جائے بلکہ یہ سمجھ لیا جائے کہ ان حضرات پر اس کام کی پوری حقیقت ابھی کھلی نہیں نیز یہ سمجھ لیا جائے کہ چونکہ یہ دین کے خاص خادم ہیں اس لئے شیطان ان کا ہم سے زیادہ گہرا دشمن ہے (جو فرمایہ ہی پر تو آتا ہے) علاوہ اس کے یہ بھی سمجھنے کی بات ہے کہ دنیا جو حقیر و ذلیل چیز ہے جب اس کے گرفتار اپنے دینی مشاغل پر اس کام کو ترجیح نہیں دے سکتے اور اپنے مشاغل وانہماک کو چھوڑ کر اس کام میں نہیں لگ سکتے تو اہل دین اپنے اعلیٰ دینی مشاغل کو اس کام کیلئے کیسے آسانی سے چھوڑ سکتے ہیں۔ عرفاء نے کہا ہے کہ "حجاباتِ نورانی حجاباتِ ظلمانی سے بدرجہا زیادہ شدید ہوتے ہیں"

(۳۱) ایک صحبت میں فرمایا — تبلیغ کے اصولوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ عمومی خطاب میں پوری سختی ہو اور خصوصی خطاب میں نرمی، بلکہ حتی الوسع خصوصی اصلاح کے لئے بھی عمومی خطاب ہی کیا جائے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خاص افراد کا بھی کوئی جرم معلوم ہوتا تو بھی اکثر آپ

بھی نہیں کیا گیا۔

ہاں نہ ماننے سے یہ سبق لینا چاہیئے کہ شاید ہماری کوشش میں کمی رہی اور ہم سے حق ادا نہ ہوسکا جس کی وجہ سے اللہ پاک نے یہ نتیجہ ہمیں دکھلایا اور اس کے بعد اپنی کوشش کی مقدار کو بڑھا دینے اور دعاء و توفیق طلبی میں بھی کمّاً و کیفاً اضافہ کرنے کا عزم کر لینا چاہیئے۔

(۳۹) فرمایا ــــــ ہمارے عام کارکن جہاں بھی جائیں وہاں کے حقّانی علماء و صلحاء کی خدمت میں حاضری کی کوشش کریں لیکن یہ حاضری صرف استفادہ کی نیت سے ہو اور ان حضرات کو براہِ راست اس کام کی دعوت نہ دیں۔ وہ حضرات جن دینی مشاغل میں لگے ہوئے ہیں ان کو تو خوب جانتے ہیں اور ان کے منافع کا وہ تجربہ رکھتے ہیں اور تم اپنی یہ بات ان کو اچھی طرح سے سمجھا نہ سکو گے یعنی تم ان کو اپنی باتوں سے اس کا یقین نہیں دلا سکو گے کہ یہ کام ان کے دوسرے مشاغل سے زیادہ دین کے لئے مفید اور زیادہ منفعت بخش ہے۔ نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ تمہاری بات کو مانیں گے نہیں اور جب ایک دفعہ ان کی طرف سے "نا" ہو جائے گی تو پھر اس "نا" کا کبھی کبھی "ہاں" سے بدلنا مشکل ہو جائے گا۔ پھر اس کا ایک برا نتیجہ یہ ہو سکتا ہے کہ اُن کے عقیدتمند عوام بھی پھر تمہاری بات نہ سُنیں گے اور یہ بھی ممکن ہے کہ خود تمہارے اندر تنذبذب پیدا ہو جائے۔ اس لئے اُن کی خدمت میں بس استفادہ کے لئے ہی جایا جائے۔ لیکن ان کے ماحول میں نہایت محنت سے کام کیا جائے اور اصولوں کی زیادہ سے زیادہ رعایت کی کوشش کی جائے۔

طرح بھی اللہ کے کام کا حق ادا نہیں کر سکتا۔ نیز ایک کام میں مشغولیت بہت سے دوسرے کاموں کے نہ ہو سکنے کا بھی باعث بن جاتی ہے تو اس قسم کی چیزوں کی تلافی کے لیئے بھی ہر اچھے کام کے ختم پر استغفار کرنا چاہیئے۔

(۳۵) ایک دن بعد نماز فجر جب کہ اس تحریک میں عملی حصہ لینے والوں کا نظام الدین کی مسجد میں بڑا مجمع تھا اور حضرت مولانا کی طبیعت اس قدر کمزور تھی کہ بستر پر لیٹے لیٹے بھی دو چار لفظ باآواز نہیں فرما سکتے تھے تو اہتمام سے ایک خاص خادم کو طلب فرمایا اور اس کے واسطے سے اس پوری جماعت کو کہلوایا کہ آپ لوگوں کی یہ ساری چلت پھرت اور ساری جد و جہد بیکار ہوگی اگر اس کے ساتھ علم دین اور ذکر اللہ کا پورا اہتمام آپ نے نہیں کیا۔ (گویا یہ علم و ذکر دو بازو ہیں جن کے بغیر اس فضا میں پرواز نہیں کی جا سکتی) بلکہ سخت خطرہ اور قوی اندیشہ ہے کہ اگر ان دو چیزوں کی طرف سے تغافل برتا گیا تو یہ جد و جہد مبادا فتنہ اور ضلالت کا ایک نیا دروازہ بن جائے گا۔ دین کا اگر علم ہی نہ ہو تو اسلام و ایمان محض رسمی اور اسمی ہیں۔ اور اللہ کے ذکر کے بغیر اگر علم ہو بھی تو وہ سراسر ظلمت ہے اور ظلمی لہذا اگر علم دین کے بغیر ذکر اللہ کی کثرت بھی ہو تو اس میں بڑا خطرہ ہے۔ الغرض علم میں نور ذکر سے آتا ہے اور بغیر علم دین کے ذکر کے حقیقی برکات و ثمرات حاصل نہیں ہو سکتے۔ بلکہ بسا اوقات ایسے جاہل صوفیوں کو شیطان اپنا آلۂ کار بنا لیتا ہے۔ لہذا علم اور ذکر کی اہمیت کو اس سلسلہ میں کبھی فراموش نہ کیا جائے۔ اور اس کا ہمیشہ خاص اہتمام رکھا جائے ورنہ آپ کی یہ تبلیغی

"مَا بَالُ اَقْوَامٍ" کہہ کر ہی خطاب و عتاب فرماتے۔

(۳۲) ایک صحبت میں فرمایا ـــــ باتوں سے خوش ہو لینا ہماری عادت ہوگئی ہے اور اچھے کام کی باتیں کر لینے کو ہم اصل کام کے قائم مقام سمجھ لیتے ہیں۔ اس عادت کو چھوڑو، کام کرو کام ؎

کار کن کار بگذر از گفتار

کاندریں راہ کار دارد کار

(۳۳) ایک صحبت میں فرمایا ـــــ وقت چلتی ہوئی ایک ریل ہے، گھنٹے، منٹ اور لمحے گویا اس کے ڈبے ہیں اور ہمارے مشاغل اس میں بیٹھنے والی سواریاں ہیں اب ہمارے دنیوی اور مادی ذلیل مشاغل نے ہماری زندگی کی ریل کے ان ڈبوں پر ایسا قبضہ کر لیا ہے کہ وہ شریف اُخروی مشاغل کو آنے نہیں دیتے۔ ہمارا کام یہ ہے کہ عزیمت سے کام لے کر ان ذلیل اور دنی مشاغل کی جگہ ان شریف اور اعلیٰ مشاغل کو قابض کر دیں، جو خدا کو راضی کرنے والے اور ہماری آخرت کو بنانے والے ہیں۔

(۳۴) ایک صحبت میں فرمایا ـــــ جتنا بھی اچھے سے اچھا کام کرنے کی اللہ توفیق دے، ہمیشہ اس کا خاتمہ استغفار پر ہی کیا جائے غرض ہمارے ہر کام کا جزو آخر استغفار ہو یعنی یہ سمجھ کر کہ مجھ سے یقیناً اس کی ادائیگی میں کوتاہیاں ہوئی ہیں۔ ان کوتاہیوں کے لئے اللہ سے معافی مانگی جائے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے ختم پر بھی اللہ سے استغفار کیا کرتے تھے لہٰذا تبلیغ کا کام بھی ہمیشہ استغفار ہی پر ختم کیا جائے۔ بندہ کسی

اس وقت تو دہلی میں گرمی بہت ہے۔ رمضان میں تعطیل ہوگی تو بعد رمضان کے وقت دوں گا۔ فرمایا۔

"تم رمضان کی باتیں کرتے ہو یہاں شعبان کی بھی امید نہیں۔"

میں نے عرض کیا "بہت اچھا اب میں ٹھہر گیا، آپ دل برا نہ کریں، میں ابھی تبلیغ میں وقت دوں گا۔"

یہ سن کر چہرہ خوشی سے چمک اٹھا میرے گلے میں باہیں ڈال دیں، اور پیشانی کو بوسہ دیا اور دیر تک سینہ سے لپٹائے رکھا اور بہت دعائیں دیں پھر فرمایا، تم نے میری طرف رخ تو کیا ہے بہت سے علماء تو دور ہی دور سے میرے مقصد کو سمجھنا چاہتے ہیں۔ پھر ایک بڑے عالم کا نام لیا کہ وہ تبلیغ میں آج کل بہت حصہ لے رہے ہیں مگر مجھ سے پوچھو تو وہ اب تک بھی میرے منشا کو نہ سمجھ سکے کیونکہ مجھ سے ابتک بلا واسطہ گفتگو نہیں کی، وسائط سے گفتگو کی ہے۔ اب میں وسائط سے اپنے منشا کو کیونکر سمجھا دوں، خصوصاً جبکہ وسائط بھی ناقص ہوں۔ اس لئے میں چاہتا ہوں کہ تم کچھ دنوں میرے پاس رہو تو میرے منشا کو سمجھوگے، دور رہ کر نہیں سمجھ سکتے، یہ میں جانتا ہوں کہ تم تبلیغ میں حصہ لیتے ہو، جلسوں میں تقریر کرتے ہو، تمہاری تقریر سے نفع بھی ہوتا ہے مگر یہ تبلیغ وہ نہیں جو میں چاہتا ہوں۔

لہ چنانچہ شعبان آنے میں ابھی ایک عشرہ باقی تھا کہ ۲۱ رجب ۱۳۶۳ھ کی صبح کو رفیق اعلیٰ سے جا ملے رحمۃ اللہ تعالیٰ رحمۃ الابرار الصالحین۔

تحریک بھی بس ایک آوارہ گردی ہو کر رہ جائے گی اور خدا نہ کردہ آپ لوگ سخت خسارہ میں رہیں گے۔

(حضرت مولانا کا مطلب اس ہدایت سے یہ تھا کہ اس راہ میں کام کرنے والے تبلیغ و دعوت کے سلسلہ کی محنت و مشقت، سفر و ہجرت اور ایثار و قربانی ہی کو اصل کام نہ سمجھیں۔ جیسا کہ آج کل کی عام ہو لے ہے بلکہ دین کے تعلیم و تعلم اور ذکر اللہ کی عادت ڈالنے اور اس سے تعلق پیدا کرنے کو اپنا اہم فریضہ سمجھیں۔ بالفاظ دیگران کو صرف "سپاہی" اور "والنٹیر" بننا نہیں ہے، بلکہ طالب علم دین اور "اللہ کا یاد کرنے والا بندہ" بھی بننا ہے)

قسط نمبر ۲

اس قسط کے تمام ملفوظات حضرت مولانا
ظفر احمد صاحب تھانوی کے مرتب فرمائے ہوئے ہیں

(۳۶) آخری دفعہ جب میں وسط جون میں حاضر ہوا تو دیکھتے ہی فرمایا۔

بہ لبم رسیدہ جانم تو بیا کہ زندہ مانم
پس ازاں کہ من نہ مانم بچہ کار خواہی آمد

مجھ پر اتنا اثر ہوا کہ آبدیدہ ہو گیا۔ پھر فرمایا کہ وعدہ بھی یاد ہے؟ (میں نے وعدہ کیا تھا کہ کچھ دن تبلیغ میں دوں گا) عرض کیا یاد ہے مگر

(۳۹) ایک جمعہ کو مسجد اسمبلی میں قبل نمازِ جمعہ میرا بیان ہوا۔ مولانا ہی کی تجویز تھی کہ وہاں بیان ہونا چاہیئے۔ نماز کے بعد میں اسی روز نظام الدین واپس نہ ہوا۔ اپنے اعزّہ کے پاس رات کو رہ گیا۔ اگلے دن نظام الدین پہنچا اور معذرت کی کہ اعزّہ کی اصرار کی وجہ سے رات کو دہلی رہ گیا تھا۔ فرمایا ارے مولانا اس معذرت کی ضرورت نہیں کام میں لگنے والوں کو ایسے اعذار پیش آیا ہی کرتے ہیں، اس کی پرواہ نہیں! اچھا یہ بتلاؤ مسجد اسمبلی میں وعظ ہوا تھا؟ عرض کی جی ہاں ہوا تھا! بہت خوش ہوئے۔ اور فرمایا دیکھو یہ لوگ خود اپنی طلب سے ہم کو نہیں بلاتے ان کو دنیا ہی سے فرصت نہیں ان کے پاس ہم کو بے طلب خود جا کر تبلیغ کرنا چاہیئے۔

پھر فرمایا کیا بیان ہوا تھا؟ عرض کیا کہ آیت اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّھَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ الَّذِیْنَ یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ قِیَامًا وَّقُعُوْدًا وَّ عَلٰی جُنُوْبِھِمْ ..... الآیۃ سے یہ ثابت کر کے کہ عقلاء وہ ہیں جو نظامِ عالم میں غور کر کے اس کے خالق کو پہچانتے اور ہر وقت اس کی یاد میں رہتے ہیں، نہ وہ زمین و آسمان کی گردش ہی کے چکر میں رہ جائیں اور خالق تک نہ پہنچیں۔ ذکر اللہ کی ضرورت اور اس کی حقیقت واضح کی پھر تبلیغ کی ضرورت پر زور دیا تھا۔ فرمایا۔ یہ مضمون بہت اونچا تھا۔ اس مجمع کے مناسب نہ تھا۔ اس مضمون کے اہل یہاں پر جمع ہیں اس کو یہاں کسی وقت بیان کرنا

(۳۷) ایک صحبت میں فرمایا ـــــ حدیث میں ہے "اَلدُّنْیَا سِجْنُ الْمُؤْمِنِ وَجَنَّۃُ الْکَافِرِ" اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم دنیا میں نفس کی حمایت اور نفسانی خواہشات کے مطابق چلنے کے لئے نہیں بھیجے گئے جس سے یہ دنیا آدمی کے لئے جنت بن جاتی ہے۔ بلکہ ہم نفس کی مخالفت اور احکام الٰہی کی اطاعت کے لئے بھیجے گئے ہیں۔ جس سے یہ دنیا مومن کیلئے "سجن" (جیل خانہ) بن جاتی ہے۔ پس اگر ہم بھی کفار کی طرح نفس کی حمایت و موافقت کر کے دنیا کو اپنے لئے جنت بنائیں گے۔ تو ہم جنت کفار کے غاصب ہوں گے۔ اور اس صورت میں نصرت حق غاصب کے ساتھ نہ ہو گی بلکہ مغصوب منہ کے ساتھ ہو گی۔ فرمایا اس میں اچھی طرح غور کرو۔

(۳۸) فرمایا ـــــ لوگ میری تبلیغ کے برکات دیکھ کر سمجھتے ہیں کہ کام ہو رہا ہے۔ حالانکہ کام اور چیز ہے اور برکات اور چیز ہیں۔ دیکھو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت شریفہ ہی سے تو برکات کا ظہور ہونے لگا تھا۔ مگر کام بہت بعد میں شروع ہوا۔ اسی طرح یہاں سمجھو میں سچ کہتا ہوں کہ ابھی تک اصلی کام شروع نہیں ہوا۔ جس دن کام شروع ہو جائے گا تو مسلمان سات سو برس پہلے کی حالت کی طرف لوٹ جائیں گے۔ اور اگر کام شروع نہ ہوا بلکہ اسی حالات پر رہا جس پر اب تک ہے اور لوگوں نے اس کو منجملہ تحریکات کے ایک تحریک سمجھ لیا اور کام کرنے والے اس راہ میں ڈھیلے پڑ گئے تو جو فتنے صدیوں میں آتے وہ مہینوں میں آجائیں گے اس لئے اس کو سمجھنے کی ضرورت ہے۔

(۴۱) ایک بار فرمایا، مولانا ہماری تبلیغ میں علم و ذکر کی بڑی اہمیت ہے۔ بدون علم کے نہ عمل ہو سکے گا نہ عمل کی معرفت، اور بدون ذکر کے علم، ظلمت ہی ظلمت ہے اس میں نور نہیں ہو سکتا۔ مگر ہمارے کام کرنے والوں میں اس کی کمی ہے۔ میں نے عرض کیا کہ تبلیغ خود بہت اہم فریضہ ہے۔ اس کی وجہ سے ذکر میں کمی ہونا ویسا ہی ہے جیسا حضرت سید صاحب بریلوی قدس سرہٗ جس وقت جہاد کی تیاری کے لئے اپنے خدام کو بجائے ذکر و شغل کے نشانہ بازی اور گھوڑے کی سواری میں مشغول کر دیا تو بعض نے یہ شکایت کی کہ اس وقت پہلے جیسے انوار نہیں ہیں۔ تو حضرت سید صاحبؒ نے فرمایا کہ ہاں، اس وقت ذکر کے انوار نہیں جہاد کے انوار ہیں اور اس وقت اسی کی ضرورت ہے۔ فرمایا، مگر مجھے علم اور ذکر کی کمی کا قلق ہے۔ اور یہ کمی اس واسطے ہے کہ ابتک اہل علم اور اہل ذکر اس میں نہیں لگے ہیں اگر یہ حضرات آکر اپنے ہاتھ میں کام لے لیں تو یہ کمی بھی پوری ہو جائے مگر علماء اور اہل ذکر تو ابھی تک اس میں بہت کم آئے ہیں۔

(تشریح) اب تک جو جماعتیں تبلیغ کے لئے روانہ کی جاتی ہیں ان میں اہل علم اور اہل نسبت کی کمی ہے جس کا حضرت کو قلق تھا۔ کاش اہل علم اور اہل نسبت بھی ان جماعتوں میں شامل ہو کر کام کریں تو یہ کمی پوری ہو جائے۔ الحمد للہ، مرکز تبلیغ میں اہل علم اور اہل نسبت موجود ہیں مگر وہ چند گنتی کے آدمی ہیں، اگر وہ ہر جماعت کے ساتھ جایا کریں تو مرکز کا کام کون سرانجام دے گا۔

چاہیئے۔ اس مجمع کے مناسب دوسری آیت تھی "وَالَّذِيْنَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوْتَ اَنْ يَّعْبُدُوْهَا وَاَنَابُوْا اِلَى اللّٰهِ لَهُمُ الْبُشْرٰى فَبَشِّرْ عِبَادِ الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدٰىهُمُ اللّٰهُ وَاُولٰٓئِكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ" فرمایا یہ طبقہ نیچے درجہ کا ہے جس پر لفظ "هَدٰىهُمُ اللّٰهُ" دال ہے۔ عرض کیا سچ ہے، پھر موقع ہوا تو وہاں اسی کو بیان کروں گا۔

(۴۰) ایک صحبت میں فرمایا ــــ ہماری تبلیغ کا اصل مقصد طاغوت سے ہٹنا اور اللہ کی طرف رجوع کرنا ہے اور یہ بدونِ قربانی کے نہیں ہو سکتا۔ دین میں جان کی بھی قربانی ہے اور مال کی بھی۔ سو تبلیغ میں جان کی قربانی یہ ہے کہ اللہ کے واسطے اپنے وطن کو چھوڑ دے اور اللہ کے کام کو پھیلائے۔ دین کی اشاعت کرے، مال کی قربانی یہ ہے کہ سفرِ تبلیغ کا خرچ خود برداشت کرے اور جو کسی مجبوری کی وجہ سے کسی زمانے میں خود نہ نکل سکے وہ خصوصیت سے اس زمانے میں دوسروں کو تبلیغ میں نکلنے کی ترغیب دے، اوروں کو بھیجنے کی کوشش کرے۔ اس طرح "اَلدَّالُّ عَلَى الْخَيْرِ كَفَاعِلِهٖ" کی بنا پر جتنوں کو یہ بھیجے گا اُن سب کی کوششوں کا ثواب اس کو بھی ملے گا۔ اور اگر نکلنے والوں کی امداد مالی بھی کرے گا تو مالی قربانی کا بھی اس کو ثواب ملے گا، پھر ان جانے والوں کو اپنا محسن سمجھنا چاہیئے کہ جو کام ہمارے کرنے کا تھا مگر ہم کسی عذر کی وجہ سے اس وقت نہ کر سکے تو یہ حضرات ہمارے فرض کو ادا کر رہے ہیں۔ دین یہی ہے کہ قاعدین و معذورین مجاہدین کو اپنا محسن سمجھیں۔

منگا ہو، مگر مسلمانوں کی دین سے محرومی پر رحم نہیں آتا، گویا دنیا کے نقصان کو نقصان سمجھا جاتا ہے، لیکن دین کے نقصان کو نقصان نہیں سمجھا جاتا پھر ہم پر آسمان والا کیوں رحم کرے۔ جب ہمیں مسلمانوں کی دینی حالت کے ابتر ہونے پر رحم نہیں۔ فرمایا۔ ہماری اس تبلیغ کی بنیاد اسی رحم پر ہے اس لئے یہ کام شفقت اور رحم ہی کے ساتھ ہونا چاہیئے۔ اگر مبلغ اس لئے تبلیغ کر رہا ہے کہ اس کو اپنے بھائیوں کی دینی حالت کے ابتر ہونے کا صدمہ ہے تو یقیناً وہ رحم اور شفقت کے ساتھ اپنے فریضہ کو انجام دے گا۔ لیکن اگر یہ منشأ نہیں بلکہ اور منشأ ہے تو پھر تکبر و عجب میں مبتلا ہو گا۔ جس سے نفع کی امید نہیں۔ نیز جو شخص اس حدیث کو پیش نظر رکھ کر تبلیغ کرے گا اس میں خلوص بھی ہو گا اس کی نظر اپنے عیوب پر بھی ہو گی۔ اور دوسروں کے عیوب پر نظر کے ساتھ ان کی اسلامی خوبیوں پر بھی نظر ہو گی تو یہ شخص اپنے نفع کا حامی نہ ہو گا بلکہ شاکی ہو گا اور اس تبلیغ کا گر یہی ہے کہ حمایت نفس سے الگ ہو کر شکایت نفس کا سبق ہمیشہ پیش نظر رہے۔

(۴۵) ایک بار فرمایا ــــــ مولانا ! احکام الٰہیہ کا تفقد لازم ہے، برابر تفقد میں لگا رہنا چاہیئے۔ مثلاً کسی کام میں مشغول ہونے سے پہلے سوچنا چاہیئے کہ اشتغال دو چیزوں کو چاہتا ہے۔ ایک اس کام پر توجہ کو جس میں مشغول ہونا چاہتا ہے دوسرے اور کاموں سے اس وقت غفلت کو، تو اب سوچنا چاہیئے کہ جن کاموں سے اس وقت غفلت ہو گی ان میں کوئی اس کام سے تو اہم نہیں جس میں اشتغال ہو گا۔ اور یہ بدون تفقد کے

(۴۲) ایک خط میں مولانا سید ابوالحسن علی ندوی کا یہ فقرہ تھا کہ مسلمان دو ہی طرح کے ہو سکتے ہیں، تیسری کوئی قسم نہیں۔ یا اللہ کے راستے میں خود نکلنے والے ہوں یا نکلنے والوں کی مدد کرنے والے ہوں فرمایا بہت خوب سمجھے ہیں۔ پھر فرمایا نکلنے والوں کی مدد میں یہ بھی داخل ہے کہ لوگوں کو نکلنے پر آمادہ کرے اور ان کو یہ بتلائے کہ تمہارے نکلنے سے فلاں عالم کے درس بخاری یا درس قرآن کا حرج نہ ہو گا۔ تو تم کو بھی اس کے درس کا ثواب ملے گا۔ اس قسم کی نیتوں سے لوگوں کو آگاہ کرنا چاہیئے۔ اور ثواب کے راستے بتلانے چاہیئے۔

(۴۳) ایک بار فرمایا ـــــ مولانا ہماری تبلیغ کا حاصل یہ ہے کہ عام دین دار مسلمان اپنے اوپر والوں سے دین کو لیں اور اپنے نیچے والوں کو دیں۔ مگر نیچے والوں کو اپنا محسن سمجھیں کیونکہ جتنا ہم کلمہ کو پہنچائیں گے پھیلائیں گے اس سے خود ہمارا کلمہ بھی منور اور کامل ہو گا اور جتنوں کو ہم نمازی بنائیں گے اس سے خود ہماری نماز بھی کامل ہو گی (تبلیغ کا یہ بڑا گر ہے کہ اس سے مبلغ کو اپنی تکمیل مقصود ہو، دوسروں کے لئے اپنے کو ہادی نہ سمجھے کیونکہ ہادی اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں)

(۴۴) ایک مرتبہ فرمایا ـــــ حدیث میں ہے "مَنْ لَّا یَرْحَمُ لَا یُرْحَمُ اِرْحَمُوْا مَنْ فِی الْاَرْضِ یَرْحَمْکُمْ مَّنْ فِی السَّمَآءِ" مگر افسوس! لوگوں نے اس حدیث کو بھوک اور فاقہ والوں پر رحم کے ساتھ مخصوص کر لیا ہے اس لئے ان کو اس شخص پر تو رحم تو آتا ہے جو بھوکا ہو، پیاسا ہو،

بے طلب لوگوں کے پاس خود جانا چاہیئے۔ ملحدوں اور فاسقوں کے مجمع میں پہنچنا چاہیئے اور کلمۂ حق بلند کرنا چاہیئے۔ (پھر خشکی غالب ہو گئی اور بات نہ کر سکے تو فرمایا) مولانا تم میرے پاس دیر سے پہنچے۔ اب میں تفصیل سے کچھ نہیں کہہ سکتا۔ بس جو کچھ کہہ دیا اسی میں غور کرتے رہیئے۔

(۴۹) ایک بار فرمایا ___ میں ابتداء میں اسی طرح ذکر کی تعلیم دیتا ہوں۔ ہر نماز کے بعد تسبیح فاطمہؓ اور تیسرا کلمہ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ اور صبح و شام سو سو بار درود شریف و استغفار و تلاوت قرآن مع تصحیح قرات اور نوافل میں تہجد کی تاکید اور اہل ذکر کے پاس جانا علم بدون ذکر کے ظلمت ہے اور ذکر بدون علم کے بہت سے فتنوں کا دروازہ ہے۔

(۵۰) ایک بار فرمایا ___ خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔ بعض لوگوں کو خواب میں کچھ ایسی ترقی ہوتی ہے کہ ریاضت و مجاہدہ سے نہیں ہوتی کیونکہ ان کو خواب میں علوم صحیحہ القا ہوتے ہیں جو نبوت کا حصہ ہے پھر ترقی کیوں نہ ہو گی (علم سے معرفت بڑھتی ہے اور معرفت سے قرب بڑھتا ہے۔ اسی لئے ارشاد ہے۔

پھر فرمایا ___ آج کل خواب میں مجھ پر علوم صحیحہ کا القا ہوتا ہے اس لئے کوشش کرو کہ مجھے نیند زیادہ آئے (خشکی کی وجہ سے نیند کم ہونے لگی تھی تو میں نے حکیم صاحب اور ڈاکٹر کے مشورے سے سر میں تیل کی مالش کرائی جس سے نیند میں ترقی ہو گئی) آپ نے فرمایا کہ اس تبلیغ کا طریقہ بھی مجھ پر خواب میں

نہیں ہو سکتا۔

(۴۶) ایک بار فرمایا ــــ نماز سے پہلے کچھ دیر نماز کا مراقبہ کرنا چاہیئے۔ جو نماز بلا انتظار کے ہو وہ جیسی کچھ بھی ہے تو نماز سے پہلے نماز کو سوچنا چاہیئے۔

ف:۔ شریعت نے اسی واسطے فرائض سے پہلے سنن و نوافل اقامت وغیرہ مشروع کئے ہیں تاکہ نماز کا مراقبہ اچھی طرح ہو جائے پھر فرض ادا کیا جائے مگر ہم تو سنن و نوافل اور اقامت وغیرہ کے ان فوائد و مصالح کو سمجھتے ہیں اور نہ ان سے فائدے حاصل کرتے ہیں۔ اس لئے ہمارے فرائض بھی ناقص ادا ہوتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ تَمَامَ الْوُضُوْءِ وَتَمَامَ الصَّلٰوۃِ وَتَمَامَ رِضْوَانِکَ آمین۔

(۴۷) ایک بار فرمایا ــــ تبلیغ میں کام کرنے والوں کو اپنے قلب میں وسعت پیدا کرنا چاہیئے جو اللہ کی وسعتِ رحمت پر نظر کر کے پیدا ہو گی۔ اس کے بعد تربیت کا اہتمام کرنا چاہیئے۔

(۴۸) ایک بار فرمایا ــــ سیدنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابتدائے اسلام کے زمانہ میں (جب دین ضعیف تھا اور دنیا قوی تھی) بے طلب لوگوں کے گھر جا جا کر ان کی مجالس میں بلا طلب پہنچ کر دعوت دیتے تھے طلب کے منتظر نہیں رہے۔ بعض مقامات پر حضرات صحابہؓ کو از خود بھیجا ہے کہ فلاں جگہ تبلیغ کرو۔ اس وقت دین ضعف کی حالت تھی، تو اب ہم کو بھی

تبلیغ کا اثر قبول کر کے ایمان لے آئے تو اس کا اپنا بھی فائدہ ہو گا. مبلغ کا فائدہ اس پر موقوف نہیں.

(۵۱) ایک بار فرمایا ــــ زکوٰۃ کا درجہ ہدیہ سے کمتر ہے یہی وجہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر صدقہ حرام تھا، ہدیہ حرام نہ تھا. اور اگرچہ زکوٰۃ فرض ہے اور ہدیہ مستحب ہے، مگر بعض دفعہ مستحب کا اجر فرض سے بڑھ جاتا ہے. جیسے ابتداءً سلام کرنا سنت ہے اور جواب دینا فرض ہے مگر ابتدائے سلام جواب سے بہتر ہے. اسی طرح زکوٰۃ فرض ہے مگر اس کا ثمرہ تطہیرِ مال ہے اور ہدیہ گو مستحب ہے مگر اس کا ثمرہ تطییبِ قلبِ مسلم ہے تو ثمرہ کے لحاظ سے یہ افضل ہے کیونکہ تطہیرِ مال سے قلبِ مسلم کا درجہ بڑھا ہوا ہے. اور زکوٰۃ سے بھی اگرچہ مسلمان محتاج کی تطییبِ قلب ہو جاتی ہے مگر مقصودؔ نہیں بلکہ تبعاً حاصل ہو جاتی ہے اور ہدیہ سے اصل مقصود ہی تطییبِ قلبِ مسلم ہے. پھر فرمایا کہ زکوٰۃ دینے والوں پر تفقدِ مصرف لازم ہے. جیسے نماز پڑھنے والے پر پاک پانی کا تلاش کرنا لازم ہے اور صحیح مصرفِ زکوٰۃ وہ ہے جس میں زکوٰۃ کا روپیہ لینے سے طمعِ مال پیدا نہ ہو. شریعت کا زکوٰۃ فرض کرنے سے ہرگز یہ مقصود نہیں غریب مسلمانوں میں مال کی حرص و طمع پیدا ہو جائے کہ لوگوں کی خیرات و زکوٰۃ کے منتظر رہا کریں پس جو شخص اللہ پر بھروسہ کر کے صبر اختیار کرتا ہے جس قدر وہ صبر و توکل کرے گا اسی قدر اہلِ اموال پر اس کے صبر کے اس کی امداد لازم ہوتی ہے، چنانچہ ارشاد ہے:-

منکشف ہوا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ

کی تفسیر خواب میں القا ہوئی کہ تم (یعنی امتِ مسلمہ) مثلِ انبیاء علیہم السلام کے لوگوں کے لئے ظاہر کئے گئے ہو (اور اس مطلب کو اُخْرِجَتْ سے تعبیر کرنے میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ ایک جگہ جم کر کام نہ ہوگا بلکہ دربدر نکلنے کی ضرورت ہوگی) تمہارا کام امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ہے۔ اس کے بعد "تُؤْمِنُونَ بِاللّٰهِ" فرما کر یہ بتلایا گیا ہے کہ اس امر بالمعروف سے خود تمہارے ایمان کو ترقی ہوگی (ورنہ نفس ایمان کا حصول تو کُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ" سے معلوم ہو چکا ہے) بس دوسروں کی ہدایت کا قصد نہ کرو اپنے نفع کی نیت کرو اور "أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ" میں النَّاس سے مراد عرب نہیں بلکہ غیر عرب ہیں۔ کیونکہ عرب کے متعلق تو "لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ وَمَا أَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيلٍ" فرما کر بتلادیا گیا تھا کہ ان کے متعلق ہدایت کا ارادہ ہو چکا ہے آپ ان کی زیادہ فکر نہ کریں ہاں "كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ" کے مخاطب اہل عرب ہیں اور "النَّاسُ" سے مراد دوسرے لوگ ہیں جو عرب نہیں چنانچہ اس کے بعد "وَلَوْ آمَنَ أَهْلُ الْكِتَابِ لَكَانَ خَيْرًا لَهُمْ" اس پر قرینہ ہے اور یہاں لَكَانَ خَيْرًا لَهُمْ " فرمایا "لَكَانَ خَيْرًا لَكُمْ" نہیں فرمایا۔ کیونکہ مبلغ کو تو تبلیغ ہی سے اپنے ایمان کی تکمیل کا فائدہ حاصل ہو جاتا ہے۔ خواہ مخاطب قبول کرے یا نہ کرے۔ اگر مخاطب

(۳) یہ کہ وہ ہمارے دینی کاموں کی نگرانی کرنے والے ہیں۔

(۴) ان کے ضروریات کے تفقد کے لئے کیونکہ اگر دوسرے مسلمان ان کی دنیوی ضرورتوں کا تفقد کر کے ان ضرورتوں کو پورا کر دیں جن کو اہل اموال پورا کر سکتے ہیں تو علماء اپنی ضرورتوں میں وقت صرف کرنے سے بچ جائیں گے اور وہ وقت بھی خدمت علم دین میں خرچ کریں گے تو اہل اموال کو ان کے ان اعمال کا ثواب ملے گا۔

مگر عام مسلمانوں کو چاہیئے کہ معتبر علماء کی تربیت اور نگرانی میں علماء کی خدمت کا فرض ادا کریں کیونکہ ان کو خود اس کا علم نہیں ہو سکتا کہ کون زیادہ مستحق امداد ہے کون کم (اور اگر کسی کو خود اپنے تفقد سے اس کا علم ہو سکے تو وہ خود تفقد کرے)

(۵۳) فرمایا ــــ مسلمان دعاء سے بہت غافل ہیں اور جو کرتے بھی ہیں ان کو دعاء کی حقیقت معلوم نہیں۔ مسلمانوں کے سامنے دعاء کی حقیقت کو واضح کرنا چاہیئے۔

دعاء کی حقیقت ہے اپنی حاجتوں کو بلند بارگاہ میں پیش کرنا پس جتنی بلند وہ بارگاہ ہے اتنی ہی دعاؤں کے وقت دل کو رجوع کرنا اور بالفاظ دعاء کو تضرع وزاری سے ادا کرنا چاہیئے اور یقین والتزام کے ساتھ دعاء کرنا چاہیئے کہ ضرور دعا قبول ہوگی کیونکہ جس سے مانگا جا رہا ہے وہ بہت سخی اور کریم ہے اپنے بندوں پر رحیم ہے نہ بینا

لِلْفُقَرَاءِ الَّذِينَ أُحْصِرُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ لَا يَسْتَطِيعُونَ ضَرْبًا فِي الْأَرْضِ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ أَغْنِيَاءَ مِنَ التَّعَفُّفِ۔

ترجمہ: مصرف زکوٰۃ وہ لوگ ہیں جو اللہ کے کام میں لگے ہوئے ہیں اور صبر سے اللہ پر بھروسہ کئے ہوئے ہیں کسی سے سوال نہیں کرتے نہ کسی سے طمع رکھتے ہیں۔ مگر آج کل اہل اموال پیشہ ور سائلوں کو زکوٰۃ دے کر سمجھ لیتے ہیں زکوٰۃ ادا ہو گئی۔ حالانکہ وہ تبدیلی زکوٰۃ کو بھی کھو دیتا ہے یہی وجہ ہے کہ آج کل زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد بھی اموال میں برکت نہیں۔ حالانکہ قطعی وعدہ ہے کہ زکوٰۃ سے مال میں برکت ہوتی ہے پس جو لوگ زکوٰۃ کے بعد اپنے مال میں برکت کا مشاہدہ نہ کریں ان کو سمجھ لینا چاہیئے کہ زکوٰۃ مصرف میں نہ دی گئی اور انہوں نے تفقد کا نہیں کیا۔

(۵۲) ایک بار فرمایا ــــــ مسلمانوں کو علماء کی خدمت چار جہتوں سے کرنا چاہیئے۔

(۱) اسلام کی جہت سے چنانچہ محض اسلام کی وجہ سے کوئی مسلمان کسی مسلمان کی زیارت کو جائے یعنی محض حسبۃ اللہ ملاقات کرے تو ستر ہزار فرشتے اس کے پاؤں تلے اپنے پر اور بازو بچھا دیتے ہیں تو جب مطلق ہر مسلمان کی زیارت میں یہ فضیلت ہے تو علماء کی زیارت میں بھی یہ فضیلت فرماتی ہے۔

(۲) یہ کرام قلوب و اجسام حامل علوم نبوت ہیں اس جہت سے بھی وہ قابل تعظیم اور لائق خدمت ہیں۔

علمِ دین کے بہت احترام کرنا چاہیئے۔ پھر فرمایا کہ:۔

علم اور ذکر کا کام ابھی تک ہمارے مبلغین کے قبضہ میں نہیں آیا۔ اس کی مجھے بڑی فکر ہے اور اس کا طریقہ یہی ہے کہ ان لوگوں کو اہلِ علم اور اہلِ ذکر کے پاس بھیجا جائے کہ ان کی سرپرستی میں تبلیغ بھی کریں اور ان کے علم و صحبت سے بھی مستفید ہوں۔

(۵۵) ایک دن میں آنے والے مہمانوں سے گفتگو میں زیادہ مشغول رہا مولانا کی خدمت میں زیادہ نہ بیٹھا۔ ظہر کے بعد حاضرِ خدمت ہوا تو فرمایا:۔

"تم کو زیادہ میرے پاس رہنا چاہیئے"!

عرض کیا کہ آج آنے والوں کا زیادہ ہجوم تھا میں نے ان کو اپنے پاس رکھا اور تبلیغ پر ان سے باتیں کرتا رہا تاکہ آپ کے پاس زیادہ ہجوم نہ ہو اور آپ کو زیادہ بولنا نہ پڑے۔ فرمایا:

"اس کی بھی یہی صورت تھی کہ تم میرے پاس رہتے میں تم سے دل کی بات کرتا رہتا تم دوسروں کو پہنچا دیتے۔ اس طرح میرے دل کا کانٹا تو نکل جاتا۔ تم میرے پاس رہو، میری باتوں کو سنتے رہو اور دوسروں کو پہنچاؤ تاکہ مجھے کسی سے خطاب نہ کرنا پڑے۔ بعضے لوگ مجھ سے کہتے ہیں کہ ہم تجھ کو بولنے نہ دیں گے۔ مگر جب تک میرے دل کا کانٹا نہ نکل جائے میں کیسے چپ ہو جاؤں، میں ہرگز چپ نہ ہوں گا، چاہے مر جاؤں"!

(۵۶) ایک بار فرمایا ـــــ حضرت مولانا تھانوی (رحمۃ اللہ علیہ) نے بہت بڑا کام کیا ہے بس میرا دل یہ چاہتا ہے کہ تعلیم تو ان کی ہو اور طریقۂ تبلیغ میرا

آسمان کے سب خزانے اسی کے قبضۂ قدرت میں ہیں!

(۵۴) ایک بار فرمایا کہ ـــــ جو وفود سہارنپور، دیوبند وغیرہ تبلیغ کے لئے جارہے ہیں ان کے ہمراہ تجار دہلی کے خطوط کر دیئے جائیں جن میں نیازمندانہ انداز میں حضرات علماء سے عرض کی جائے کہ یہ وفود عوام میں تبلیغ کے لئے حاضر ہو رہے ہیں آپ حضرات کے اوقات بہت قیمتی ہیں اگر ان میں سے کچھ وقت اس قافلہ کی سرپرستی میں دے سکیں جس میں آپ کا اور طلباء کا حرج نہ ہو تو اس کی سرپرستی فرمائیں اور طلباء کو اس کام میں اپنی نگرانی میں ساتھ لیں۔ طلباء کو از خود بدون اساتذہ کے نگرانی کے اس کام میں حصہ نہ لینا چاہیئے۔ اور قافلہ والوں کو یعنی وفود تبلیغ کو نصیحت کی جائے کہ اگر حضرات علماء توجہ میں کمی کریں تو ان کے دلوں میں علماء پر اعتراض نہ آنے پائے۔ بلکہ یہ سمجھ لیں کہ علماء ہم سے بھی زیادہ اہم کام میں مشغول ہیں وہ راتوں کو بھی خدمت علم میں مشغول رہتے ہیں جبکہ دوسرے آرام کی نیند سوتے ہیں اور ان کی عدم توجہ کو اپنی کوتاہی پر محمول کریں کہ ہم نے ان کے پاس آمد و رفت کم کی ہے اس لئے وہ ہم سے زیادہ ان لوگوں پر متوجہ ہیں جو سالہا سال کے لئے ان کے پاس آپڑے ہیں۔ پھر فرمایا:-

ایک عامی مسلمان کی طرف سے بھی بلا وجہ بدگمانی ہلاکت میں ڈالنے والی ہے اور علماء پر اعتراض تو بہت سخت چیز ہے۔

پھر فرمایا ـــــ ہمارے طریقۂ تبلیغ میں عزت مسلم اور احترام علماء بنیادی چیز ہے۔ ہر مسلمان کی بوجہ اسلام کے عزت کرنا چاہیئے، اور علماء کا بوجہ

(۵۸) فرمایا ــــ تبلیغ کے کام کے لئے سادات کو زیادہ کوشش کے ساتھ اٹھایا جائے اور آگے بڑھایا جائے۔ حدیث "ترکت فیکم ثقلین کتاب اللہ وعترتی اھل بیتی" کا یہی مقتضا ہے۔ ان بزرگوں سے دین کا کام پہلے بھی بہت ہوا ہے اور آئندہ بھی انہی سے زیادہ امید ہے۔

(۵۹) ایک دن فرمایا ــــ کسی مسلمان کو کسی سے اللہ کے لئے محبت ہو یا اس سے کسی مسلمان کو اللہ کے لئے بھی محبت ہو تو یہ محبت اور حسن ظن آخرت کے لئے ذخیرہ ہے۔ مسلمانوں کو مجھ سے جو محبت ہے اس سے مجھے امید ہوتی ہے انشاء اللہ وہاں بھی پردہ پوشی ہو جائے گی۔

پھر فرمایا ــــ اپنی تہی دستی کا یقین ہی کامیابی ہے کوئی بھی اپنے عمل سے کامیاب نہ ہو گا۔ محض اللہ کے فضل سے کامیاب ہو گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:

لن یدخل الجنۃ احد بعملہ قالوا ولا انت
یارسول اللہ قال ولا انا الا ان یتغمدنی اللہ
برحمتہ

یہ حدیث پڑھ کر مولانا خود بھی روئے اور دوسروں کو بھی رلایا۔

(۶۰) ایک بار فرمایا ــــ مولانا! علماء اس طرف نہیں آتے ہیں، کیا کروں؟ ہائے اللہ! میں کیا کروں؟ عرض کیا، سب آجائیں گے۔ آپ دعا کریں۔ فرمایا میں تو دعا بھی نہیں کر سکتا تم ہی دعا کرو۔ پھر یہ اشعار پڑھے

استغفر اللہ من قول بلا عمل : لقد نسبت بہ نسلا لذی عقم

ہوگا اس طرح ان کی تعلیم عام ہو جائے گی۔ پھر فرمایا:

وعظ میں احکام شرعیہ کی مصالح و علل بیان نہ کرو بس تین چیزوں کو مدنظر رکھنے کی لوگوں کو تعلیم کی جائے۔ ایک یہ کہ ہر عمل میں رضائے حق کا قصد کریں اور آخرت کا یقین رکھیں، جو عمل بھی رضائے حق کے لئے اور یقین آخرت کے ساتھ ہو کر یہ آخرت میں مفید ہوگا وہاں اس سے ثواب ملے گا یا عذاب دفع ہوگا۔ اس کے ساتھ کسی ایسے نفع کا قصد نہ ہو جو موت سے سے پہلے دنیا میں حاصل ہونے والا ہو، وہ تو رونگے کے طور پر خود ہی حاصل ہو جاتے ہیں وہ مقصود نہیں ہیں۔ گو ان کا حصول یقینی ہے اور اس کا یقین رکھنا بھی لازم ہے مگر عمل سے ان کا قصد نہ کیا جائے۔ پھر فرمایا، ہاں، جس جگہ اس کی ضرورت ہو وہاں اسرار و مصالح کے بیان کا مضائقہ بھی نہیں مگر ہر جگہ بیان نہ کیا جائے۔

(۵۷) ایک بار فرمایا ـــــ حضرت مولانا تھانوی (رحمۃ اللہ علیہ) کے لوگوں کی مجھے بہت قدر ہے کیونکہ وہ قریب العہد ہیں اسی وجہ سے تم میری باتیں جلدی سمجھ جاتے ہو مولانا کی باتیں سن چکے ہو اور تازہ سنی ہوئی ہیں۔ پھر فرمایا، تمہاری وجہ سے میرے کام میں بہت برکت ہوئی، میرا جی بہت خوش ہوا۔ پھر بہت دعائیں دیں اور فرمایا تم خود بھی رو رو کر اس نعمت کا شکر کرو۔

اَللّٰهُمَّ مَا اَصْبَحَتْ بِیْ اَوْ اَمْسَتْ بِیْ مِنْ نِّعْمَةٍ
اَوْ بِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِیْكَ
لَكَ لَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ۔

کے نام لکھوائے ہیں جو طامع اور حریص نہیں اگر ان کو زکوٰۃ دی جائے تو ان میں حرص و طمع پیدا نہ ہوگی اور وہ توکلاً علی اللہ تبلیغ کے کام میں لگے ہوئے ہیں ان کی امداد بہت ضروری ہے۔ اہل اموال کو ایسے لوگوں کا تفقد کرنا چاہیئے کہ کس کو کتنی ضرورت ہے۔ یہ جو پیشہ ور سائلوں اور عام چندہ مانگنے والوں کو زکوٰۃ دیتے ہیں بسا اوقات اس سے ان کی زکوٰتیں مصرف پر نہیں ہوا کرتیں۔

(۶۳) فرمایا ـــــ علم سے عمل پیدا ہونا چاہیئے اور عمل سے ذکر پیدا ہونا چاہیئے جبھی علم علم ہے اور عمل عمل ہے۔ اگر علم سے عمل پیدا نہ ہو تو سراسر ظلمت ہے اور عمل سے اللہ کی یاد دل میں نہ پیدا ہوئی تو تجیس بچھا ہے اور ذکر بلا علم فتنہ ہے۔

(۶۴) فرمایا ـــــ لوگوں کو ہدیہ، صدقہ اور قرض کے فضائل واقعات صحابہؓ سے جتلانا چاہیئے۔ صحابہؓ مزدوری کر کر کے صدقہ کرتے تھے ان میں صرف اغنیاء ہی صدقہ نہیں کرتے تھے، غریب بھی مزدوری کر کر کے کچھ نہ کچھ صدقہ کیا کرتے تھے۔ کیونکہ صدقہ کے فضائل ان کی نظر میں تھے اور جب صدقہ کا یہ درجہ ہے تو ہدیہ تو اس سے کہیں افضل ہے۔ اسی طرح قرض دینے کے بھی بہت فضائل ہیں، مثلاً جس وقت قرض کی مدت پوری ہو جائے اس کے بعد تنگ دست مقروض کو اگر مہلت دی گئی، تقاضا نہ کیا گیا تو ہر دن صدقہ کا ثواب ملتا ہے۔

(۶۵) فرمایا ـــــ مجھے اپنے اوپر استدراج کا خوف ہے، میں نے عرض کیا

ظلمت سنۃ من احی الظلام الے : ان اشتکت قدماہ ان الضر من ورم

اس کے بعد آبدیدہ ہو گئے اور فرمایا قصیدہ بردہ ہمارے یہاں

نصاب علماء میں داخل ہے مگر ادبیت کے لحاظ سے نہیں بلکہ رقتِ قلب اور

زیادتِ محبت نبوت کے لئے داخل کیا گیا ہے۔

(۶۱) فرمایا ـــــ اسلام میں ایک تو وسعت کا درجہ ہے۔ یہ وسعت

تو اتنی ہے کہ مسلمان کے گھر پیدا ہو جانا، دار الاسلام میں پیدا ہونا، خیر الوین

کا تابع ہونا بھی مسلمان شمار کئے جانے کے لئے کافی ہے اور اس وسعت

کے ساتھ مخلوق کو اس میں داخل کرنے کے بعد پھر حتی الوسع اس کو نکلنے

بھی نہیں دیتے کہ اگر کسی کے کلام میں ننانوے وجوہ کفر موجود ہوں اور

ایک وجہ اسلام کی ہو تو اس کو مسلمان ہی کہا جائے گا۔ مگر یہ حقیقی اسلام

نہیں بلکہ یہ رسمی ہے۔ حقیقی اسلام یہ ہے کہ مسلمان میں لَآ اِلٰـہَ

اِلَّا اللّٰہ کی حقیقت پائی جائے اور اس کی حقیقت یہ ہے کہ اس کا اعتقاد

کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کی بندگی کا عزم وارادہ دل میں پیدا ہو، معبود کے راضی

کرنے کی فکر دل کو لگ جائے۔ ہر وقت یہ دُھن رہے کہ ہائے وہ مجھ

سے راضی ہے یا نہیں؟

(۶۲) فرمایا ـــــ دو چیزوں کا مجھے بڑا فکر ہے ان کا اہتمام کیا جائے

ایک ذکر کا کہ اپنی جماعت میں اس کی کمی پارہا ہوں، ان کو ذکر بتلایا جائے۔

دوسرے اہلِ اموال کو مصرفِ زکوٰۃ سمجھایا جائے۔ ان کی زکوٰتیں اکثر برباد

جارہی ہیں۔ مصرف ـــــ میں خرچ نہیں ہوتیں۔ میں نے ایسے چالیس آدمیوں

نیت خالص اور ہمارا کام قابل قبول ہو۔

(۶۷) فرمایا ـــــ لوگوں کو جب اس تبلیغی کام کے لئے آمادہ کرنا ہو تو وضاحت کے ساتھ اس کام میں لگنے کے مفاد اور اس کا اخروی اجر و ثواب بھی خوب تفصیل سے ان کو بتلاؤ (اور اس طرح بیان کرنے کی کوشش کرو کہ تھوڑی دیر کے لئے تو جنت کا کچھ سماں ان کی آنکھوں کے سامنے آجائے۔ جیسا کہ قرآن مجید کا طریقہ ہے) اس کے بعد انشاء اللہ ان کے لئے یہ آسان ہوگا کہ اس کام میں مشغولی کی وجہ سے تھوڑے بہت دنیوی کاموں کے حرج اور نقصان کا جو اندیشہ انہیں ہوگا وہ اس کو نظر انداز کر سکیں گے۔

(۶۸) فرمایا ـــــ تبلیغی گشت کے وقت میں اور خاص طور سے کسی مخاطبہ کے وقت میں ذکر و فکر میں مشغولی کے لئے جماعت کو جو تاکید کی جاتی ہے تو اس کا خاص منشا یہ ہے کہ جس وقت ایک حقیقت کسی کو سمجھانے اور منوانے کی کوشش کی جائے تو بہت سے دلوں میں اس وقت اس حقیقت کی تصدیق اور اس کا یقین و اذعان ہو، اس کا اثر دوسرے کے قلب پر پڑتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے انسانی قلوب میں بڑی طاقتیں رکھی ہیں۔ لوگ ان سے واقف نہیں ہیں۔

(۶۹) فرمایا ـــــ ذکر اللہ شر شیاطین سے بچنے کے لئے قلعہ اور حصن حصین ہے۔ لہٰذا جس قدر غلط اور برے ماحول میں تبلیغ کے لئے جایا جائے شیاطین جن و انس کے برے اثرات سے اپنی حفاظت کے لئے اسی قدر زیادہ ذکر اللہ کا اہتمام کیا جائے۔

کہ یہ خوف علین ایمان ہے (امام حسن بصریؒ کا ارشاد ہے کہ اپنے اوپر نفاق کا خوف مومن ہی کو ہوتا ہے) مگر جوانی میں خوف کا غلبہ اچھا ہے۔ اور بڑھاپے میں حُسنِ ظن باللہ اور رجا کا غلبہ اچھا ہے۔ فرمایا ہاں صحیح ہے۔

قسط نمبر ۵

حضرت مولانا رحمۃ اللہ علیہ نے وصال سے ٹھیک ایک سال پہلے رجب ۱۳۶۲ھ میں لکھنؤ اور کانپور کا ایک تبلیغی سفر فرمایا تھا یہ عاجز اس سفر میں ہمرکاب تھا قسط ہذا کے ملفوظات اسی سفر کے ہیں

(۶۶) فرمایا ـــــ ہمارے اس تبلیغی کام میں حصہ لینے والوں کو چاہیئے کہ قرآن و حدیث میں دین کی دعوت و تبلیغ پر اجر و ثواب کے جو وعدے کئے گئے ہیں اور جن انعامات کی بشارت سنائی گئی ہے ان پر کامل یقین کرتے ہوئے ان ہی کی طمع و امید میں اس کام میں لگیں۔ اور اس کا بھی دھیان کیا کریں کہ ہماری ان حقیر کوششوں کے ذریعہ اللہ پاک جتنوں کو دین پر لگا دیں گے اور پھر اس سلسلے سے جو لوگ قیامت تک دین پر پڑیں گے اور وہ جو بھی نیک عمل کریں گے تو ان کے اعمالِ حسنہ کا جتنا ثواب اُن کو ملے گا انشاء اللہ تعالیٰ ان تمام ثوابوں کے مجموعہ کے برابر اللہ پاک اپنے وعدہ کے مطابق ہم کو بھی عطا فرمائیں گے، بشرطیکہ ہماری

میں ترقی، بلکہ جو کہ تمہارے سر پر مست اس مشغلہ میں تمہارے لگنے سے نہ صرف یہ کہ مطمئن ہوں بلکہ خواہاں اور راغب ہو جائیں۔

(۷۳) فرمایا ــــ دین کے کاموں میں اصل مطلوب اور مقصود تو ہونا چاہیئے صرف رضائے الٰہی اور اجر آخروی، اور دنیا میں جن انعامات و برکات کا وعدہ کیا گیا ہے۔ مثلاً چین کی اور عزت کی زندگی، یا مثلاً استخلاف اور تمکین فی الارض، سو یہ مطلوب نہیں بلکہ موعود ہیں یعنی ہم کو جو کچھ کرنا ہے وہ کرنا تو چاہیئے۔ صرف رضائے الٰہی اور فلاح آخروی کے لئے، مگر یقین رکھنا چاہیئے اللہ کے ان مواعید پر بھی (بلکہ ان کے لئے دعائیں بھی کرنی چاہئیں، مگر ان کو اپنی عبادت و اطاعت کا اصل مقصود نہیں بنانا چاہیئے۔)

موعود اور مطلوب کے اس فرق کو آپ لوگ اس مثال سے شاید اچھی طرح سمجھ سکیں گے۔ نکاح و شادی سے مقصود تو بیوی کا حصول اور اس سے تمتع ہوتا ہے مگر اس کے ساتھ آتا ہے جہیز وغیرہ بھی جو عرفاً موعود ہوتا ہے لیکن ایسا بے وقوف دنیا میں شاید ہی کوئی ہو جو شادی ہی صرف جہیز حاصل کرنے کے لئے کرے ــــ اور اگر بالفرض کوئی ایسا کرے اور بیوی کو معلوم ہو جائے کہ اس نے شادی میرے لئے نہیں بلکہ میرے ساتھ آنے والے جہیز کے لئے کی ہے تو سوچو کہ بیوی کے دل میں اس کے لئے کتنی جگہ رہے گی۔

(۷۴) فرمایا ــــ انسان کا امتیاز اپنے ماسوا دوسری مخلوقات سے زبان کی وجہ سے ہے۔ ہونا تو چاہیئے یہ امتیاز خیر ہی میں، لیکن ہوتا ہے یہ شر میں بھی یعنی جس طرح انسان زبان کے صحیح استعمال اور اس سے اللہ کا اور دین کا کام

(۷۰) ایک دینی مدرسہ کے طلباء کی ایک جماعت سے خطاب کا آغاز اس سوال سے کیا۔

"بتلاؤ تم کون ہو؟" (پھر خود ہی فرمایا)

تم مہمانانِ خدا اور رسول ہو، مہمان اگر میزبان کو ایذا پہنچائے تو اس کی ایذا دوسروں کی ایذا سے بہت زیادہ تکلیف دہ ہوتی ہے۔ پس اگر تم "طالب علم" ہو کر خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی رضا کے کام نہ کرو اور غلط راہوں پر چلو تو سمجھ لو کہ تم اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ستانے والے ان کے مہمان ہو۔"

(۷۱) انہیں طلباء سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا:

"دیکھو، شیطان بڑا چالاک اور عیار ہے۔ وہ تاک کر مار پر گرتا ہے آپ لوگ علم دین سیکھنے کے لئے گھروں سے نکل پڑے تو شیطان اس سے تو مایوس ہو گیا کہ آپ نرے جاہل رہیں اس لئے اس نے جاہل رکھنے کی کوشش چھوڑ کر اب یہ طے کر لیا کہ ان کو پڑھنے دو مگر کام میں لگانے کی کوشش کرو۔ میری یہ تحریک شیطان کی اس کوشش کے مقابلے میں جرح تعطیل ہے جس کا منشا یہ ہے کہ خدا کے بندوں کو شیطان کی راہ سے اٹھا کر اللہ کی راہ پر ڈال دوں اور اللہ ہی کے کام میں لگا دوں، بتاؤ کیا فیصلہ ہے؟"

(۷۲) اسی خطاب کے سلسلے میں فرمایا:

جن لوگوں کے حقوقِ خدمت تم لوگوں پر ہیں اور جن کی اطاعت کرنا تمہارے لئے ضروری ہے ان کی خدمت و راحت کا انتظام کر کے اور ان کو مطمئن کر کے اس کام میں نکلو اور اپنا رویّہ ایسا رکھو کہ تمہارے علم و صلاح کے ذوق

"یہ ایصالِ ثواب کا اعلیٰ طریقہ ہے"

(٦٧) فرمایا ــــ اگر کوئی شخص اپنے کو تبلیغ کا اہل نہیں سمجھتا ہے تو اس کو بیٹھا رہنا ہرگز نہیں چاہیئے بلکہ اس کو تو کام میں لگنے اور دوسروں کو اٹھانے کی اور زیادہ کوشش کرنی چاہیئے۔ بعض دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ کوئی بڑا خیر چند نا اہلوں کی وجہ سے کسی اہل تک پہنچ جاتا ہے اور پھر وہ پھلتا پھولتا ہے اور پھر اس کا اجر بقاعدہ

من دعٰے الیٰ حسنۃ فلہ اجرھا و اجر من عمل بھا
ومن سَنّ فِی الاسلام سنۃ حسنۃ فلہ اجرھا واجر
من عمل بھا (حدیث)

ان نا اہلوں کو بھی پورا پہنچ جاتا ہے۔ جو اس کام کے اس اہل تک پہنچنے کا ذریعہ بنے۔ پس جو نا اہل ہو اس کو اس کام میں اور زیادہ زور سے لگنا ضرور ہے۔ میں بھی اپنے کو جو بالکل نا اہل سمجھتا ہوں اس لئے اس میں منہمک ہوں کہ شاید اللہ میری اس کوشش سے کام کو اس کے کسی اہل تک پہنچا دے اور پھر اس کام کا جو اعلیٰ اجر اللہ پاک کے یہاں ہو وہ بھی مجھے عطا فرما دیا جائے۔

(٦٨) فرمایا ــــ حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کی مشہور حدیث۔ "من رای منکم منکرًا فلیغیرہ بیدہ فان لَّمْ یستطع فبلسانہ فان لَّم یستطع فبقلبہ" کے آخری جز فبقلبہ کا ایک درجہ اور اس کی ایک صورت یہ بھی ہے کہ ازالۂ منکر کے لئے اصحاب قلوب اپنی قلبی قوتوں کو استعمال کریں، یعنی ہمت و توجہ کو کام میں لائیں۔

لینے کی وجہ سے خیر وسعادت میں فرشتوں سے بھی بڑھ جاتا ہے۔ اسی طرح اس زبان کو بے جا استعمال کرنے سے خنزیر اور کتے جیسے جانوروں سے بھی بدتر ہو جاتا ہے۔ وھل یکب النّاس علی مناخرھم الاحصائد السنتھم۔

(حدیث)

(۷۵) چند روز پہلے حکیم الامت حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کا وصال ہوا تھا۔ حضرت ممدوح سے تعلق بیعت رکھنے والے ایک صاحب زیارت کے لئے تشریف لائے۔ راقم سطور نے ان کا تعارف کرایا۔ اس پر حضرت نے فرمایا :۔

جن حضرات کا حلقۂ محبّت و تعلق اتنا وسیع ہو جتنا کہ ہمارے حضرت تھانوی قدس سرہٗ کا تھا، چاہیئے کہ ان کی تعزیت عامّہ کی فکر کی جائے۔ میرا جی چاہتا ہے کہ اس وقت حضرت کے تمام تعلق رکھنے والوں کی تعزیت کی جائے۔ اور خاص کر یہ مضمون آجکل پھیلایا جائے کہ حضرت رحمۃ اللہ علیہ سے تعلق بڑھانے، حضرت کی برکات سے استفادہ کرنے اور ساتھ ہی حضرت کے ترقّی درجات کی کوششوں میں حصہ لینے اور حضرت کی روح کی مسرتوں کو بڑھانے کا سب سے اعلیٰ اور محکم ذریعہ یہ ہے کہ حضرت کی تعلیمات حقّہ اور ہدایت پر استقامت کی جائے اور ان کو زیادہ سے زیادہ پھیلانے کی کوشش کی جائے، جتنا جتنا حضرت کی ہدایات پر کوئی چلے گا اتنا ہی بقاعدہ من دعٰی الی حسنۃ فلہٗ اجرھا واجر من عملھا" (حدیث) حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے سرمایہ حسنات اور درجات عالیہ میں ترقی ہوگی۔

پھر فرمایا :۔

رہ جائے گا تب وہ جنت میں جائے گا۔ بہرحال کبر کے ساتھ کوئی آدمی جنت میں نہیں جائے گا

(۸۰) فرمایا ـــــ ہمارے بزرگوں نے غیر سالکین کو صوفیاء کی کتابوں کے مطالعہ سے منع کیا ہے۔ ہاں جو سالک کسی محقق شیخ کے زیر تربیت ہو وہ مطالعہ کرے تو مضائقہ نہیں۔

(۸۱) مولانا مرحوم نے اسی لکھنؤ کے سفر میں ایک مشہور عالم دین کو بھی جماعت کے ساتھ لکھنؤ تشریف لانے کی دعوت دلوائی تھی۔ وہ صاحب تشریف لے آئے۔ مولانا نے ان سے ایک موقع پر فرمایا:

"حضرت! میں نے آپ کو وعظ کہلوانے کے لئے تکلیف نہیں دی ہے۔ ہمارے اس کام میں وعظ و تقریر تو محض ضمنی چیز ہے۔ آپ جیسے حضرات کو سفر کی تکلیف میں صرف اس لئے دیتا ہوں کہ اپنی جگہ پر اور اپنے مشاغل میں رہتے ہوئے تو میرے اس کام کو سمجھنے اور اس پر غور کرنے کے لئے آپ حضرات کو مہلت نہیں ملتی لیکن جب سفر کی وجہ سے آپ اپنے مشاغل اور اپنے ماحول سے الگ کر لئے جاتے ہیں تو پھر اطمینان سے میری سُن بھی سکتے ہیں اور جماعت کے کام کو بچشم خود دیکھ بھی سکتے ہیں اور اس کے بارے میں غور و فکر بھی فرما سکتے ہیں۔

(۸۲) فرمایا ـــــ لوگوں کو ترغیب دو کہ وہ دین سیکھنے سکھانے اور دین کو پھیلانے کے واسطے اپنے خرچ پر اپنے گھروں سے نکلیں۔ اگر ان میں اس کی بالکل استطاعت نہ ہو یا وہ اتنے ایثار پر آمادہ نہ ہوں تو پھر جتنی

پھر اسی ذیل میں فرمایا۔ امام عبدالوہاب شعرانی نے مقام قطبیت حاصل کرنے کی ایک تدبیر لکھی ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ اللہ کی زمین پر جہاں جہاں جو جو معروفات مٹے ہوئے ہیں اور مردہ ہو گئے ہیں ان کا تصور کرے پھر دل میں ان کے مٹنے کا ایک درد محسوس کرے اور پورے الحاح اور تضرع کے ساتھ ان کے زندہ اور رائج کرنے کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا کرے اور اپنی قلبی قوت کو بھی ان کے احیاء کے لئے استعمال کرے۔ اسی طرح جہاں جہاں جو جو منکرات پھیلے ہوئے ہیں ان کا بھی دھیان کرے اور پھر ان کے فروغ کی وجہ سے اپنے اندر سوزش اور دکھ محسوس کرے۔ پھر پورے تضرع کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے ان کو مٹانے کے لئے دعا کرے اور اپنی ہمت و توجہ کو بھی ان کے استیصال کے لئے استعمال کرے۔

امام عبدالوہاب شعرانی نے لکھا ہے کہ "جو شخص ایسا کرتا رہے گا انشاء اللہ وہ قطب عصر ہو گا۔"

(۷۸) فرمایا ــــــ ہر موقع کا اصلی اور اعلیٰ ذکر خاص اس موقع کے متعلق احکام خداوندی کی رعایت ہے "لَا تُلْهِكُمْ أَمْوَالُكُمْ وَلَا أَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللَّهِ"، پس جو شخص اولاد کے ساتھ برتاوے میں اور خرید و فروخت جیسے معاملات میں احکام خداوندی کی اطاعت اور حدود اللہ کی رعایت کرتا ہے۔ وہ ان مشاغل میں مشغول ہوتے ہوئے بھی اللہ کا ذاکر ہے۔

(۷۹) پھر فرمایا ــــــ جنت متواضعین ہی کے لئے ہے۔ انسان میں کبر کا کوئی حصہ ہے تو پہلے اس کو جہنم میں ڈال کر پھونکا جائے گا۔ جب خالص تواضع

اسی طریقہ سے دی جا سکتی ہے۔

(۸۵) فرمایا ــــ مجھے جب بھی میوات جانا ہوتا ہے تو ہمیشہ اہلِ خیر اور ذکر کے مجمع کے ساتھ جاتا ہوں، پھر بھی عمومی اختلاط سے قلب کی حالت اس قدر متغیر ہو جاتی ہے کہ جب تک اعتکاف کے ذریعہ اس کو غسل نہ دوں یا چند روز کے لئے "سہارنپور" یا "رائے پور" کے خاص مجمع یا خاص ماحول میں جا کر نہ رہوں، قلب اپنی حالت پر نہیں آتا۔

دوسروں سے بھی کبھی فرمایا کرتے تھے ۔۔ دین کے کام کرنے والوں کو چاہئے کہ گشت اور جلت پھرت کے طبعی اثرات کو خلوتوں کے ذکر و فکر کے ذریعہ دھویا کریں۔

(۸۶) فرمایا ــــ ہماری تبلیغ میں کام کرنے والوں کو تین طبقوں میں تین ہی مقاصد کے لئے خصوصیت سے جانا چاہئے۔

(۱) علماء اور صلحاء کی خدمت میں دین سیکھنے اور دین کے اچھے اثرات لینے کے لئے۔

(۲) اپنے سے کم درجہ کے لوگوں میں دینی باتیں پھیلانے کے ذریعہ اپنی تکمیل اور اپنے دین میں رسوخ حاصل کرنے کے لئے۔

(۳) مختلف گروہوں میں ان کی متفرق خوبیاں جذب کرنے کے لئے۔

(۸۷) ایک دن دعا کرتے ہوئے فرمایا:

الوسع ان ہی کے ماحول سے اس کا انتظام کرو اور اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو پھر دوسری جگہ سے ہی انتظام کر دو۔ لیکن یہ بہرحال ملحوظ رہے کہ ان میں اشراف نفس پیدا نہ ہو جائے۔ یہ چیز (یعنی اپنی حاجات میں بجائے اللہ کے بندوں پر نظر ہونا جس کا نام اشراف ہے) ایمان کی جڑوں کو کھوکھلا کر دینے والی ہے۔

نیز ان نکلنے والوں کو یہ بھی اچھی طرح سمجھا دیا جائے کہ اس راہ کی تکلیفوں، بھوک، پیاس وغیرہ کو اللہ کی رحمت سمجھیں، اس راستہ میں یہ تکالیف تو انبیاء اور صدیقین اور مقربین کی غذائیں ہیں۔

(۸۳) فرمایا ـــــ دوستو! ابھی کام کا وقت باقی ہے۔ عنقریب دین کے لئے دو زبردست خطرے پیش آئیں گے۔ ایک تحریک شدھی کی طرح کفر کی تبلیغی کوشش جو جاہل عوام میں ہو گی اور دوسرا خطرہ ہے الحاد و دہریت کا جو مغربی حکومت و سیاست کے ساتھ ساتھ آ رہا ہے۔ یہ دونوں گمراہیاں سیلاب کی طرح آئیں گی۔ جو کچھ کرنا ہے ان کے آنے سے پہلے پہلے کر لو۔

(۸۴) فرمایا ـــــ دین کی عمومی تعلیم و تربیت کا جو طریقہ ہم اپنی اس تحریک کے ذریعہ رائج کرنا چاہتے ہیں صرف وہی طریقہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں رائج تھا اور اسی طرح سے وہاں عام طور پر دین سیکھا اور سکھایا جاتا تھا بعد میں جو اور طریقے اس سلسلے میں ایجاد ہوئے مثلاً تصنیف و تالیف اور کتابی تعلیم وغیرہ، سو ان کو ضرورت حادثہ نے پیدا کیا، مگر اب لوگوں نے صرف اسی کو اصل سمجھ لیا ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ کے طریقہ کو بالکل بھلا دیا ہے۔ حالانکہ اصل طریقہ وہی ہے اور عمومی پیمانہ پر تعلیم و تربیت صرف

اور اوپر کے درجہ کی ضروریات کی فکر کرتے ہیں۔ ہمارے نزدیک امت کی اوّل ضرورت یہی ہے کہ ان کے قلوب میں پہلے صحیح ایمان کی روشنی پہنچ جائے۔

(۹۱) فرمایا ــ ہمارے نزدیک اس وقت اُمّت کی اصل بیماری دین کی طلب و قدر سے ان کے دلوں کا خالی ہونا ہے۔ اگر دین کی فکر و طلب ان کے اندر پیدا ہو جائے اور دین کی اہمیت کا شعور و احساس ان کے اندر زندہ ہو جائے تو ان کی اسلامیت دیکھتے دیکھتے سرسبز ہو جائے۔ ہماری اس تحریک کا اصل مقصد اس وقت بس دین کی طلب و قدر پیدا کرنے کی کوشش کرنا ہے نہ کہ صرف کلمہ اور نماز وغیرہ کی تصحیح و تلقین۔

(۹۲) فرمایا ــ ہمارے طریقۂ کار میں دین کے واسطے جماعتوں کی شکل میں گھروں سے دور نکلنے کو بہت اہمیت ہے اس کا خاص فائدہ یہ ہے کہ آدمی اس کے ذریعہ اپنے دائمی اور جامد ماحول سے نکل کر ایک نئے صالح اور متحرک ماحول میں آجاتا ہے جس میں اس کے دینی جذبات کے نشو و نما کا بہت کچھ سامان ہوتا ہے نیز اس سفر و ہجرت کی وجہ سے جو طرح طرح کی تکلیفیں مشقتیں پیش آتی ہیں اور در بدر پھرنے میں جو ذلتیں اللہ کے لئے برداشت کرنی ہوتی ہیں ان کی وجہ سے اللہ کی رحمت خاص طور سے متوجہ ہو جاتی ہے۔

"وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا"

اسی واسطے اس سفر و ہجرت کا زمانہ جس قدر طویل ہوگا اسی قدر مفید ہوگا۔

(۹۳) فرمایا ــ یہ سفر غزوات ہی کے سفر کے خصائص اپنے اندر رکھتا ہے اور اس لئے امید بھی ویسے ہی اجر کی ہے یہ اگرچہ قتال نہیں ہے مگر جہاد ہی

اے اللہ، کافروں پر تیرے بندے ہونے کی حیثیت سے جو شفقت اور جو ترحم ہم میں ہونا چاہئے اور اس کی وجہ سے جو حقوق ہم پر عائد ہوں گے ان کی ادائیگی کی توفیق کے ساتھ اُن کے کفر سے ہمارے قلب میں پوری پوری نفرت اور کراہت پیدا کر۔

(۸۸) فرمایا ـــــ اہل دین (علماء و صلحاء) کو اس کام (تبلیغی و اصلاحی جدوجہد) میں شریک کرنے اور ان کو راضی و مطمئن کرنے کی فکر زیادہ سے زیادہ کرنی چاہئے۔ اور جہاں ان کا اختلاف اور ناگواری معلوم ہو وہاں ان کو معذور قرار دینے کے لئے ان کے حق میں اچھی تاویل کرنی چاہئے اور ان کی خدمتوں میں دینی استفادہ اور حصول برکات کے لئے حاضر ہوتے رہنا چاہئے۔

(۸۹) فرمایا ـــــ نفس اسلام کی بھی اللہ کے یہاں قدر و قیمت ہے اگرچہ وہ فسق و فجور کے ساتھ ملا ہوا ہو اسی واسطے فاسق و فاجر مومن بھی ایک نہ ایک وقت بخش دیا جائے گا بس ہمیں چاہئے کہ جس میں اسلام ادنیٰ درجہ میں موجود ہو اس کی بھی نسبتِ اسلام کی قدر کریں اور اس کو بھی اپنا دینی بھائی سمجھیں اور اسی حیثیت سے اس سے معاملہ کریں اور اس کے اندر جو فسق و عصیان موجود ہو اس کے لئے بھی اپنے آپ کو ذمہ دار گردانیں کہ ہماری غفلت کا بھی اس میں دخل ہے اور دین کی کوشش نہ کرنے کا ہی یہ نتیجہ ہے۔

(۹۰) فرمایا ـــــ ہمارا کام دین کا بنیادی کام ہے اور ہماری تحریک درحقیقت ایمان کی تحریک ہے۔ آج کل عام طور سے جو اجتماعی کام ہوتے ہیں ان کو کرنے والے ایمان کی بنیاد کو قائم فرض کر کے اُس کے اوپر کی تعمیر کرتے ہیں

ان واپس ہونے والے اصحابِ عزیمت کی مثال ان مجاہدین فی سبیل اللہ کی سی ہے جو ایسے وقت میں میدانِ جہاد میں ڈٹے رہیں جبکہ ان کے دائیں بائیں کے لوگ بھاگ کھڑے ہوں۔

(۵) یہ بھی بتادیا جائے کہ اس راہ میں بہت سے مکارہ (تکالیف و مصائب اور خلافِ مزاج امور) پیش آئیں گے اور آخرت میں اجر ان مکارہ ہی کی نسبت سے ملے گا۔

قسط نمبر ۶

(۹۶) فرمایا ــــ کبھی کبھی بیٹھ کر یہ سوچنا چاہیئے کہ ہمارا اثر و رسوخ کہاں کہاں ہے؟ اور کہاں کہاں ہماری دینی کوششیں نتیجہ خیز ہو سکتی ہیں؟ پھر غور کرنا چاہیئے کہ وہاں اس دینی دعوت کے پھیلانے کی تدابیر کیا ہیں؟ اور کیا راستہ ہمیں اختیار کرنا چاہیئے اور وہاں ہمارا نظامِ عمل کیا ہونا چاہیئے؟

پھر اسی سوچے ہوئے نقشے کے مطابق متوکلاً علی اللہ کام شروع کر دینا چاہیئے۔

(۹۷) فرمایا ــــ جن جن حضرات کے متعلق یہ اندازہ ہو کہ ہم اس کو اس دینی کام کی طرف بغیر اس کے متوجہ نہیں کر سکتے کہ پہلے ایک عرصہ تک ان کی خدمت کر کے ان کے مزاج سے قرب اور مناسبت پیدا کریں تو پھر پہلے ان کی خدمت ہی کرنا چاہیئے لیکن اس خدمت میں بھی اللہ کے کام میں ان کو لگانے ہی کی نیت رکھنا چاہیئے اور امید کے ساتھ اللہ سے دعا بھی کرتے رہنا چاہیئے۔

کا ایک فرد ضرور ہے جو بعض حیثیات سے اگرچہ قتال سے کمتر ہے لیکن بعض حیثیات سے اس سے بھی اعلیٰ ہے مثلاً قتال میں شفاء غیظ اور اطفاء شعلہ غضب کی صورت بھی ہے اور یہاں اللہ کے لئے صرف کظم غیظ ہے اور اس کے دین کے لئے لوگوں کے قدموں میں پڑ کے اور ان کی منتیں خوشامدیں کر کے بس ذلیل ہوتا ہے۔

(۹۴) فرمایا یہ تحریک درحقیقت اپنے بہت بڑے درجہ کی ریاضت ہے۔ افسوس! لوگ اس کی حقیقت کو سمجھتے نہیں۔

(۹۵) فرمایا جو لوگ ہماری اس تبلیغ کا کام اور طریقہ سیکھنے کے لئے نظام الدین آنا چاہیں ان کو یہ چند باتیں ضرور پہلے ہی سے اچھی طرح ذہن نشین کرا دی جائیں۔

(ا) زیادہ سے زیادہ وقت نکال کے آئیں۔

(ب) ایک دو ہی دفعہ کی آمد کو کافی نہ سمجھیں بلکہ آتے رہیں۔

(ج) یہ ارادہ کر کے آئیں کہ "نظام الدین" میں پڑا رہنا نہیں ہوگا بلکہ ہدایت کے مطابق جابجا پھرنا ہوگا۔ ہاں اس اثنا میں کبھی کبھی نظام الدین رہنا بھی ہوگا۔

(د) یہ بھی اچھی طرح ان کے ذہن نشین کرا دی جائے کہ جس وقت ان کے کچھ رفقاء واپسی کا ارادہ کرنے لگیں اور ان کی دیکھا دیکھی ان کے دلوں میں بھی واپسی کی خواہش ہونے لگے تو ایسے وقت میں اپنی خواہش پر نہ چلنے اور ہمت و عزیمت کے ساتھ کام میں لگے رہنے کا اجر بے حد و حساب ہے اور

اس طرح ان حضرات کو تمہاری تبلیغی مہم کی گہرائیوں اور وسعتوں کو سمجھنے اور اس کے اثرات و نتائج کا مشاہدہ کرنے کا بھی موقع مل جائے گا۔ اور پھر انشاء اللہ ان کو اس طرف بھی توجہ ہو جائے گی۔

(۹۹) فرمایا ــــ میں اگر کسی طبیب کو بھی علاج کے لئے بلاتا ہوں تو دراصل تبلیغی کام کو پیش نظر رکھ کے بلاتا ہوں اور اس سے اپنا علاج کرانے کو اس کو اللہ کے کام میں لگانے کا بہانا بنانا چاہتا ہوں، اس لئے صرف ان ہی اطباء کو بلانے کی اجازت دیتا ہوں جن سے اس دینی دعوت کے سلسلہ میں کوئی توقع اور گنجائش ہو۔

(۱۰۰) فرمایا ــــ میں اپنی صحت اور بقائے حیات کے لئے کھڑے ہو کر نماز پڑھنے کے بجائے بیٹھ کر نماز پڑھنا تو جائز سمجھتا ہوں لیکن اس دینی کام کے قیام و بقاء پر زندگی کے خیال کو مقدم نہیں سمجھتا۔

(۱۰۱) فرمایا ــــ ہماری اس دعوت و تبلیغ کا ایک اہم اصول یہ ہے کہ خطابِ عام میں تو سختی برتی جائے لیکن خطابِ خاص میں انتہائی نرمی بلکہ جہاں تک ہو سکے لوگوں کی اصلاح کے لئے خطابِ عام ہی کیا جائے، حتیٰ کہ اگر اپنے کسی خاص ساتھی کی کوئی غلطی دیکھی جائے تو حتی الوسع اس کی اصلاح کی کوشش بھی خطابِ عام ہی کے ضمن میں کی جائے، یہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا عام طریقہ تھا کہ خاص لوگوں کی غلطیوں پر تنبیہ بھی آپ "ما بال اقوام" کے عمومی عنوان سے فرماتے تھے ــــ اور اگر خطابِ خاص ہی کی ضرورت سمجھی جائے تو علاوہ محبت اور نرمی کے اس بات کا بھی لحاظ رہے کہ فوراً اس کو نہ ٹوکا جائے۔

(۹۸) فرمایا ــــ بعض حضرات کو ہماری اس دعوتِ ایمان کی گہرائیاں معلوم نہ ہونے کی وجہ سے اس سے لگاؤ نہیں ہے اور اس کے بجائے دین کے بعض ان احکام و مسائل کی ترویج کی کوشش کو زیادہ اہم سمجھتے ہیں جن میں مسلمانوں سے کوتاہیاں ہو رہی ہیں مثلاً ...... صاحب اور ان کے حلقہ کی نظر میں خاص طور پر شریعت کے فلاں فلاں احکام کی ترویج اور رسوم بد کی اصلاح بہت زیادہ اہمیت رکھتی ہے تو ایسے حضرات کے ساتھ طریقۂ عمل یہ ہونا چاہیئے کہ میوات میں ان احکام و مسائل کی کوشش اور اصلاحِ رسوم کی سعی کے واسطے ہی ان کو اٹھایا جائے ابھی تک میوات میں ترکہ کی تقسیم کے بارے میں بھی بڑی کوتاہی ہے۔ شریعت کے مطابق ترکہ تقسیم کرنے کا رواج بہت کم ہو سکا ہے ایسی ہی اور بھی بہت سی بری رسمیں ابھی رائج ہیں۔ مثلاً ابھی تک گوت میں شادی کرنے کا رواج نہیں ہوا ہے۔

تو ...... صاحب اور ان کے متبعین کو میوات میں ان ہی احکام کے پھیلانے کے واسطے اٹھایا جائے۔ اور ان کو یہ بتلایا جائے کہ یہ میواتی لوگ اس تبلیغی دعوت سے ایک درجہ میں مانوس ہو چکے ہیں اور کسی درجہ میں اس کو اپنا چکے ہیں پس اگر آپ ان کے اس تبلیغی کام کی تھوڑی سی بھی سرپرستی فرمائیں گے تو پھر ان شاء اللہ آپ ان مخصوص اصلاحی مقاصد اور اصلاحِ رسوم کے کام میں ان سے آپ کو بہت مدد ملے گی اور ان کے ذریعہ آپ میوات میں ان احکام و مسائل کی ترویج اور رسوماتِ جاہلیت کی اصلاح کا کام آسانی سے کر سکیں گے۔

اس کو سن لیا جائے، اور یہاں کے ارد گرد کام کرنے کے لئے بھی نکلا جائے یعنی روز مرہ کی گشت میں شرکت کی جائے پھر بیرونوں کے لئے میوات جا کر کام کی مشق کی جائے اس کے بعد اپنی جگہ پر جا کر کام کیا جائے۔

(۱۰۴) ایک ضرورت یہ ہے کہ تبلیغ سے تعلق رکھنے والوں کا یہاں ایسا مخلوط مجمع رہے جس میں ہر طبقہ اور ہر طرح کے لوگ ہوں۔ علماء بھی ہوں اہل الذکر بھی ہوں، انگریزی تعلیم یافتہ بھی ہوں، تاجر بھی ہوں، غریب عوام بھی ہوں، اس سے ہمارے طریقۂ کار کو سمجھنے اور عملاً اس پر قابو پانے میں بڑی مدد ملے گی اور ہم جو مختلف طبقات کا باہم اختلاط اور تعاون چاہتے ہیں، اس کی بنیاد بھی انشاء اللہ اس سے پڑ جائے گی۔

(۱۰۵) ہماری اس تحریک میں تصحیح نیت کے اہتمام کی بڑی اہمیت ہے ہمارے کام کرنے والوں کے پیش نظر بس اللہ کے حکم کی اطاعت اور اس کی رضا جوئی ہونی چاہیے جس قدر یہ پہلو خالص اور قوی ہوگا اسی قدر اجر زیادہ ملے گا۔ اس لئے یہ عام قانون ہے کہ جب دین کے لئے قربانیاں کرنے کے مصالح اور منافع کھل کر آنکھوں کے سامنے آ جائیں تو اجر گھٹ جاتا ہے۔ کیونکہ پھر قدرتی طور پر وہ مصالح بھی فی الجملہ مقصود ہو جاتے ہیں۔ دیکھو فتح مکہ سے پہلے جانی اور مالی قربانیوں کا جو اجر تھا بعد میں وہ نہیں رہا کیونکہ فتح مکہ ہو جانے کے بعد غلبہ اور حکومت کی صورت نظروں کے سامنے آ گئی۔

لَا يَسْتَوِي مِنكُم مَّنْ أَنفَقَ مِن قَبْلِ الْفَتْحِ وَقَاتَلَ أُولَٰئِكَ أَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ الَّذِينَ أَنفَقُوا مِن

ایسی صورت میں اکثر لوگوں کا نفس جواب دہی اور حجت بازی پر آمادہ ہو جاتا ہے لہٰذا اس وقت کو ٹال دیا جائے، پھر دوسرے مناسب وقت میں خلوص و محبت کے ساتھ اس کی غلطی پر اس کو متنبہ کیا جائے۔

(۱۰۲) فرمایا ـــــ اپنی اس تحریک کے ذریعہ ہم ہر جگہ کے علماء اور اہلِ دین اور دنیا داروں میں میل ملاپ اور صلح و آشتی کرانا چاہتے ہیں نیز خود علماء اور اہلِ دین کے مختلف حلقوں میں الفت و محبت اور تعاون و یگانگت کا پیدا کرنا اس سلسلہ میں ہمارے پیشِ نظر، بلکہ ہمارا اہم مقصد ہے اور یہ دینی دعوت ہی انشاء اللہ اس کا ذریعہ و وسیلہ بنے گی۔ افراد اور جماعتوں میں اختلافات اغراض ہی کے اختلافات سے تو پیدا ہوتے اور ترقی کرتے ہیں۔ ہم مسلمانوں کے تمام گروہوں کو دین کے کام میں لگانے اور خدمتِ دین کو ان کا سب سے اعلیٰ مقصود بنانے کی اس طرح کوشش کرنا چاہتے ہیں کہ ان کے جذبات اور طریقِ عمل میں موافقت ہو جائے، صرف یہی چیز نفرتوں کو محبتوں میں بدل سکتی ہے۔ دو شخصوں میں صلح کرانے کا ذرا سوچو کہ کتنا بڑا اجر ہے۔ پھر امت کے مختلف طبقوں اور گروہوں میں مصالحت کی کوشش کا جو اجر ہوگا اس کا کوئی کیا اندازہ کر سکتا ہے۔

(۱۰۳) فرمایا ـــــ ہمارے اس کام کو سمجھنے اور سیکھنے کے لئے صحیح ترتیب یہ ہے کہ پہلے یہاں آکر چند روز قیام کیا جائے اور یہاں کے رہنے والوں (تبلیغ کے پرانے کارکنوں) سے باتیں کی جائیں اور صرف میری ملاقات اور مجھ سے ہی باتیں کرنے کے در پے نہ ہوا جائے۔ ہاں اس وقت میں خود کچھ کہوں

ہو گئی ہے کہ مبادی کو غایت کا اور ذرائع کو مقاصد کا درجہ دے دیا جاتا ہے۔ غور کرو گے تو معلوم ہوگا کہ دین کے تمام شعبوں میں یہ غلطی گھس گئی اور ہزاروں خرابیوں کی یہ جڑ ہے۔

(۱۱۰) فرمایا۔ "اِنَّ لِلسَّائِلِ عَلَیْكَ حَقًّا وَّاِنْ جَآءَ عَلٰی فَرَسٍ" کا مطلب سمجھنے میں عام طور سے ایک مغالطہ ہوتا ہے۔ سمجھا جاتا ہے کہ سائل خواہ کیسا ہی اور کسی حال کا ہو اس کو اس کا مسئول (یعنی جو وہ مانگے دینا ہی چاہئے) حالانکہ یہ غلط ہے۔ بلکہ حدیث کا مفاد صرف یہ ہے کہ اس کا تم پر حق ہے کہ اس کے ساتھ مناسب اور خیر خواہانہ و ہمدردانہ معاملہ کرو اور تکبر اور تحقیر کے ساتھ پیش نہ آؤ (اَمَّا السَّائِلَ فَلَا تَنْهَرْ)

اب یہ خیر خواہی کبھی اس طرح ہوگی کہ اس کی مانگ پوری کر دی جائے اور کبھی خیر اندیشی و ہمدردی کا تقاضا یہ ہوگا کہ اس کو سوال کی ذلت سے بچنے کی نصیحت کی جائے اور معیشت کی مناسب تدبیر کی طرف اس کی رہنمائی کی جائے اور اس میں حسب موقع اس کو سہولت پہنچائی جائے۔ جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض سائلوں کے ساتھ کیا کہ ان کے کھانے کا پیالہ تک نیلام کرکے اس کی قیمت سے کلہاڑی خرید وا دی اور فرمایا کہ جنگل سے لکڑیاں کاٹ کر لاؤ اور بیچو اور اپنا گزارہ کرو۔"

پس اگر سائل معذور و مجبور نہیں ہے بلکہ ایسا ہے کہ اپنے گزارے کے لئے کچھ کر سکتا ہے تو اس کا حق یہی ہے کہ حکمت کے ساتھ اس کو سوال سے بچایا جائے اور کسی کام سے لگانے کی کوشش کی جائے۔

بَعْدُ وَقَاتَلُوْا کُلًّا وَّعَدَ اللّٰہُ الْحُسْنٰی ؕ

دعوت تبلیغ کے سلسلہ میں شروع تحریک سے کام کرنے والے ذو مخلص بھائیوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ایک دن آپ نے فرمایا :

(۱۰۶) اس تبلیغی کام کی نسبت بوجہ دعوت میری طرف ہو گئی ہے۔ ورنہ در اصل اس کے کرنے والے یہ لوگ ہیں میں چاہتا ہوں کہ جو لوگ اس کام ہی کی وجہ سے مجھ سے محبت رکھتے ہیں وہ ان لوگوں کی طرف اپنی محبتوں کا رخ کریں اگرچہ اس کے واسطے انہیں اپنے اوپر جبر کرنا پڑے، ان سے محبت اور ان کی خدمت قبولیت کا ذریعہ ہے۔

(۱۰۷) اسی سلسلے میں فرمایا ــــ ان لوگوں کے مجھ پر بڑے حقوق ہیں میں ان کے حقوق ادا نہیں کر سکا ہوں میرے اہل محبت انکے حقوق کو پہچانیں۔

(۱۰۸) فرمایا ـــــ دین کی جد وجہد میں مخلصین اور صادقین کا حصہ بس اللہ و رسولؐ اور ان کی رضا کا حصول ہوتا ہے۔ اور فتوحات اور مالی دولت جب ہاتھ آئے ان میں ضعفاء اور مولفۃ القلوب کا پہلے خیال کیا جاتا ہے۔ اسی اصول پر میں کہتا ہوں کہ جن لوگوں نے ہمارے کام کی حقیقت کو ابھی نہیں سمجھا ہے اور اس لئے انہیں اس سے لگاؤ پیدا نہیں ہوا ہے ان کو بلایا جائے تو ان کے کرایہ کی بھی فکر کی جائے اور ان کی خدمت اور مدارات کا بھی اپنے امکان بھر اہتمام کیا جائے اور جو مخلصین کام کی حقیقت کو سمجھ کر اس میں لگ گئے ہیں ان کے لئے ان چیزوں کی فکر نہ اٹھایا جائے۔

(۱۰۹) فرمایا ــــ آج کل دین کے باب میں یہ غلط فہمی نہایت عام

کی مزید تائید ہوتی ہے کہ تبلیغی دوڑ دھوپ کرنے والوں کو ذکر و فکر اور یکسوئی کے ساتھ اللہ کی عبادت کی خصوصیت سے ضرورت ہوتی ہے۔ پس ہم کو بھی اس کے مطابق عمل کرنا چاہئے۔ بلکہ ہم اس کے بہت زیادہ محتاج ہیں۔ کیونکہ اولاً تو ہم خود کچے اور ظلمتوں سے بھرے ہوئے ہیں۔ پھر اپنے جن بڑوں سے ہم دینی فیوض اور ہدایات حاصل کرتے ہیں وہ بھی ہماری ہی طرح غیر معصوم ہیں اور جن میں تبلیغ کے لئے جاتے ہیں وہ بھی عام انسان ہی ہیں۔ غرض ہم میں خود بھی کدورتیں ہیں اور ہمارے دونوں جانب بشری کدورتیں ہیں جن کا ہم پر اثر پڑنا لازمی اور فطری ہے۔ اس لئے ہم اس کے بہت ہی زیادہ محتاج ہیں کہ رات کی اندھیریوں اور تنہائیوں میں اللہ کے ذکر و عبادت کا اہتمام و التزام کریں۔ قلب پر پڑے ہوئے بُرے اثرات کا یہ خاص علاج ہے۔

اسی سلسلہ میں فرمایا ــــ یہ بھی ضروری ہے کہ اپنے جن بڑوں سے ہم دینی فیوض اخذ کریں ان سے اپنا تعلق صرف اللہ کی جانب کا رکھیں اور صرف اسی لائن کے ان اقوال و افعال اور احوال سے سروکار رکھیں۔ باقی دوسری لائنوں کی ان کی ذاتی اور خانگی باتوں سے بے تعلق بلکہ بے خبر رہنے کی کوشش کریں۔ کیونکہ یہ ان کا اپنا بشری حصہ ہے۔ لامحالہ اس میں کچھ کدورتیں ہوں گی اور جب آدمی اپنی توجہ ان کی طرف کو چلا جاوے گا۔ تو وہ اس کے اندر بھی آئیں گی۔ نیز بسا اوقات اعتراض پیدا ہوگا جو بُعد اور محرومی کا باعث ہو جائیگا اسی لئے مشائخ کی کتابوں میں سالک کو شیخ کے خانگی احوال پر نظر نہ کرنے کی تاکید کی گئی ہے۔

اسی سلسلہ میں فرمایا ــــ نصوص کے معنیٰ اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقِ عمل کی روشنی میں سمجھنے کی کوشش کی جائے تو کبھی انشاء اللہ غلط فہمی نہ ہو۔

قسط نمبر ۷

(۱۱۱) فرمایا ــــ انبیاء علیہم السلام باوجودیکہ معصوم اور محفوظ ہیں اور علوم و ہدایات براہ راست اللہ تعالیٰ سے حاصل کرتے ہیں، لیکن جب ان تعلیمات و تبلیغ میں ہر طرح کے لوگوں سے ملنا جلنا اور ان کے پاس آنا جانا ہوتا ہے تو ان کے مبارک اور منور قلوب پر بھی ان عوام الناس کی کدورتوں کا اثر پڑتا ہے۔ پھر تنہائی کے ذکر و عبادت کے ذریعہ وہ اس گرد و غبار کو دھوتے ہیں۔

فرمایا ــــ سورۂ مزمل میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو قیام لیل (تہجد) کا حکم دیتے ہوئے جو یہ فرمایا گیا ہے اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيلًا "(اے رسول) دن میں تم کو بہت چلنا پھرنا رہتا ہے) تو اس میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی دن کی دوڑ دھوپ اور چلت پھرت کی وجہ سے رات کی اندھیری اور تنہائی میں یکسوئی کے ساتھ عبادت کی ضرورت تھی۔ پھر اس آیت سے اگلی آیت میں جو متصلاً فرمایا گیا۔ "وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا" (اور اپنے رب کے نام کی یاد کر اور یکسوئی سے ہمہ تن اس کی طرف متوجہ ہو) تو اس سے بھی اس مضمون

کا اللہ کے یہاں کیا درجہ ہے۔ لیکن ساتھ ہی پوری اہمیت سے یہ بات بھی ان کے ذہن نشین کی جائے کہ اگر وہ اپنے کسی غریب ساتھی کی مدد کرنا چاہیں تو اس کے اصول اور اس کا طریقہ اس راہ کے پرانے اور تجربہ کاروں سے معلوم کریں اور ان کے مشورہ سے ہی کام کریں۔ خلاف اصول اور غلط طریقہ پر کسی کی مدد کرنے سے بسا اوقات بہت سی خرابیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔

(یہاں اس انفاق یعنی دین کے لئے نکلنے والے غریب اور غیر مستطیع لوگوں پر خرچ کرنے کے مندرجۂ ذیل چند اصول حضرت مولانا نے بیان فرمائے اور غالباً اس عاجز سے یہ بھی ارشاد فرمایا کہ ان کو لکھ لو)

(۴) غیر مستطیعین کو اس طرح حکمت سے دیا جائے کہ وہ اس کو کوئی مستقل سلسلہ نہ سمجھنے لگیں اور ان میں اشراف پیدا نہ ہونے پائے۔

(ب) دینا "تالیف" کے لئے ہو (یعنی دین سے مناسبت اور انس پیدا کرنے کے واسطے ہو) لہذا صرف بقدر ضرورت تالیف ہی ہو پھر جیسے جیسے ان میں دین کی قدر و طلب اور اس کام سے انس و مناسبت بڑھتی جائے اسی قدر مالی امداد سے ہاتھ کھینچا جائے۔ اور صحبت و گفتگوؤں وغیرہ کے ذریعہ یہ جذبہ پیدا کیا جائے کہ وہ محنت اور مزدوری کر کر کے یہ کام کریں یا جس طرح اپنی اور ضرورتوں کے لئے قرض لیتے ہیں اس کو بھی ایک اہم ضرورت سمجھتے ہوئے حسب موقع اس کے لئے قرض لیں۔ اس راہ میں غیر کا ممنون نہ ہونا "عزیمت" ہے۔ ہجرت کے وقت صدیق اکبرؓ جیسے فدائی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اونٹنی

(۱۱۲) فرمایا —— اہل علم اور اہل اثر حضرات ایک سلسلہ یہ شروع کریں کہ ہر جمعہ کے لئے پہلے سے سوچ کر طے کر لیا کریں کہ ہم یہ جمعہ فلاں محلّہ کی مسجد میں پڑھیں گے اور اس انتخاب میں غریب پسماندہ اور جہل زدہ آبادیوں کا زیادہ لحاظ رکھیں۔ مثلاً جن حلقوں میں دھوبی، سقّے، تانگے گاڑی چلانے والے، قلی اور سبزی فروش جیسے لوگ بستے ہوں (جن میں دین سے جہالت اور غفلت اگرچہ بہت زیادہ ہے لیکن تمرّد اور انکار کی کیفیت پیدا نہیں ہوئی ہے) تو ایسے لوگوں کی کسی آبادی کی مسجد پہلے سے تجویز کر لیں اور اپنے اہل تعلق اور ملنے جلنے والے لوگوں کو بھی اس کی اطلاع دیدیں اور ساتھ چلنے کی بھی انہیں ترغیب دیں۔ پھر وہاں پہنچ کر نماز جمعہ سے پہلے محلّے میں تبلیغی گشت کر کے لوگوں کو مسجد میں لائیں پھر تھوڑی دیر کے لئے انہیں روک کر دین کی اہمیت اور ان کے سیکھنے کی ضرورت ان کو سمجھا کر دین سیکھنے کے واسطے تبلیغی جماعتوں میں نکلنے کی دعوت دیں اور ان کو سمجھائیں کہ اس طریقہ پر وہ چند روز میں دین کا ضروری علم و عمل سیکھ سکتے ہیں۔ پھر اس دعوت پر اگر تھوڑے سے تھوڑے آدمی بھی تیار ہو جائیں تو کسی مناسب جماعت کے ساتھ ان کو بھیجنے کا بندوبست کریں۔

(۱۱۳) اسی سلسلہ میں فرمایا —— اگر کسی جگہ کے کچھ غربا تبلیغی جماعت کے ساتھ نکلنے پر آمادہ ہو جائیں اور خرچ سے لاچار ہوں تو کوشش کر کے حتی الوسع انہیں کے ماحول سے کچھ امراء کو بھی ان کے ساتھ کے لئے اٹھایا جائے اور انہیں یہ بھی بتایا جائے کہ اللہ کی راہ میں نکلنے والے غربا اور ضعفاء کی امداد

کریں کہ وہ خود اپنے گھر کے نکلے ہوئے لوگوں کو لکھیں کہ "ہم لوگ یہاں ہر طرح آرام سے ہیں، تم اطمینان کے ساتھ دین کے کام میں لگے رہو۔

(و) مالی مدد کے سلسلے میں تفقدِ احوال کی بھی ضرورت ہے (یعنی دین کے کام میں لگے رہنے والوں کے حالات پر غور کرے اور بالا بالا تو وہ لگائے کہ ان کی ضروریات کیا ہیں؟ اور ان کی گزر بسر کیسی ہے؟)

(ز) تفقدِ احوال کی ایک صورت جس کو خاص طور سے رواج دینا چاہیئے یہ ہے کہ بڑے لوگ اپنے مستورات کو دین کے واسطے نکلنے والے غرباء کے گھروں میں بھیجا کریں۔ اس سے ان غرباء کے اہلِ خانہ کی دلداری اور حوصلہ افزائی بھی ہوگی اور ان کے اندرونی حالات کا بھی یکہ علم ہوگا۔

(۱۱۴) اس سلسلہ میں فرمایا ـــــ انفاق فی سبیل اللہ (راہ خدا میں خرچ کرنے پر) نصوص میں دنیوی برکات کا جو وعدہ کیا گیا ہے وہ اس کا "اجر" نہیں ہے، نیکیوں کے اصل اجر کا تو عالم تحمل ہی نہیں کر سکتا۔ وہاں کی خصوصی نعمتوں کی برداشت یہاں کہاں؟ اس دنیا میں تو پہاڑ جیسی سخت مخلوق اور حضرت موسیٰ علیہ السلام جیسے جلیل القدر پیغمبر بھی ایک تجلی کی تاب نہ لا سکے۔ فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا۔

فرمایا ـــــ جنت کی نعمتیں اگر یہاں بھیجدی جائیں تو خوشی سے موت واقع ہو جائے۔ یہی حال وہاں کے عذاب کا ہے اگر دوزخ کا ایک جھونکا اس دنیا کی طرف رخ کرے تو یہ ساری دنیا اس کے زہر کی تیزی

پیش کی تھی تو حضورؐ نے قیمت طے کر کے قرض لی۔

لیکن جب تک رغبت کا یہ درجہ اور یہ جذبہ و ذائقہ پیدا نہ ہو اس وقت تک بقدر مناسب ان کی مالی مدد کی جاتی رہے۔

(ج) مالی امداد کے آداب میں سے ایک یہ بھی ہے کہ نہایت مخفی طور پر اور عزت و احترام کے ساتھ دیا جائے اور دینے والے امراء خدمت دین میں مشغول غرباء کے قبول کر لینے کو ان کا احسان سمجھیں اور ان کو اپنے سے افضل سمجھیں کہ باوجود غربت و عسرت کے وہ دین کے لئے گھر سے نکلے ہیں۔ دین کے لئے گھر سے نکلنا صفت ہجرت ہے اور ان کی مدد کرنا صفت نصرت ہے اور "انصار" کبھی "مہاجرین" کے برابر نہیں ہو سکتے۔

(د) اس راہ میں کام کرنے والوں کی مدد زکوٰۃ و صدقات سے زیادہ ہدیہ کی صورت میں کی جائے۔ زکوٰۃ و صدقات کی مثال ہانڈی کے میل کچیل اور اجزاء ردیہ کی سی ہے کہ اس کو نکالنا ضروری ہے ورنہ ساری ہنڈیا خراب رہیگی اور ہدیہ کی مثال ایسا سمجھو کہ جیسے تیار کھانے میں خوشبو ڈالی جائے اور اس پر چاندی سونے کے ورق لگا دیئے جائیں۔

(ہ) دین کے لئے گھر سے نکلنے والوں کی مدد کی ایک اعلیٰ صورت یہ بھی ہے کہ ان کے گھر والوں کے پاس جا کر ان کے سودا سلف اور ان کی ضرورتوں کی فکر کریں، اور ان کو آرام پہنچانے کی کوشش کریں اور انہیں بتائیں کہ تمہارے گھر کے لوگ کیسے عظیم کام میں نکلے ہوئے ہیں اور وہ کس قدر خوش نصیب ہیں غرض یہ کہ خدمت اور ترغیب سے ان کو اتنا مطمئن

کی طرف سے آنے والی ہر نعمت کا بندہ بہت زیادہ محتاج ہے۔

رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ ۃ

(۱۱۷) فرمایا ـــــ اللہ تعالیٰ نے جو وعدے فرمائے ہیں بلاشبہ وہ بالکل یقینی ہیں اور آدمی اپنی سمجھ بوجھ اور اپنے تجربات کی روشنی میں جو کچھ سوچتا ہے اور منصوبے قائم کرتا ہے وہ محض ظنی اور وہمی باتیں ہیں مگر آج کا عام حال یہ ہے کہ اپنے ذہنی منصوبوں اور اپنے تجویز کئے ہوئے وسائل و اسباب اور اپنی سوچی ہوئی تدابیر پر یقین و اعتماد کر کے لوگ ان کے مطابق جتنی محنتیں اور کوششیں کرتے ہیں اللہ کے وعدوں کی شرطیں پوری کر کے ان کا مستحق بننے کے لئے اتنا نہیں کرتے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اپنے خیالی اسباب پر ان کو جتنا اعتماد ہے اتنا اللہ کے وعدوں پر نہیں ہے اور یہ حال صرف ہمارے عوام کا ہی نہیں ہے بلکہ سب ہی عوام خواص اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰہُ الٰہی وعدوں والے یقینی اور روشن راستوں کو چھوڑ کر اپنی ظنی اور وہمی تدبیروں ہی میں الجھے ہوئے ہیں۔ پس ہماری اس تحریک کا خاص مقصد یہ ہے کہ مسلمانوں کی زندگی سے اس اصولی اور بنیادی خرابی کو نکالنے کی کوشش کی جائے اور ان کی زندگیوں اور سرگرمیوں کو ظن و اوہام کی لائن کے بجائے الٰہی وعدوں کے یقینی راستہ پر ڈالا جائے۔ انبیاء علیہم السلام کا طریقہ یہی ہے کہ انہوں نے اپنی امتوں کو یہی دعوت دی ہے کہ وہ اللہ کے وعدوں پر یقین کر کے اور بھروسہ کر کے ان کی شرطوں کو پورا کرنے میں اپنی ساری کوششیں صرف کر کے ان کے مستحق بنیں۔ اللہ کے وعدوں کے بارے میں جیسا تمہارا یقین ہوگا ویسا ہی تمہارے ساتھ اللہ کا معاملہ

سے صرف ہو جائے۔

(۱۱۵) اس سلسلہ میں فرمایا ــــ راہِ خدا میں خرچ کرنے والوں کی مثال قرآن پاک میں جو اس شخص سے دی گئی ہے جس نے ایک دانہ بویا اور اس سے سات سو دانے پیدا ہوئے۔ مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِىْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۔ تو یہ تمثیل دنیوی برکات ہی کی ہے۔ آخرت میں اس انفاق کا جو اجر ملے گا وہ تو بہت ہی وراء الوراء ہوگا اور اس کی طرف اشارہ اس سے اگلی آیت میں ہے۔ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ مَاۤ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَاۤ اَذًى ۙ لَّهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۞ اس میں "لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ" کا اشارہ اصلی اجر کی طرف ہے جو موت کے بعد عالمِ آخرت میں ملے گا۔

(۱۱۶) اس سلسلہ میں فرمایا ــــ اصل تو یہی ہے کہ رضائے الٰہی اور اجر اخروی ہی کے لئے دینی کام کیا جائے لیکن ترغیب میں حسبِ موقع دنیوی برکات کا بھی ذکر کرنا چاہئے۔ بعض آدمی ایسے ہوتے ہیں کہ ابتداءً دنیاوی برکات ہی کی امید پر کام میں لگتے ہیں اور پھر اسی کام کی برکت سے اللہ تعالیٰ انہیں حقیقی اخلاص بھی عطا فرما دیتا ہے۔

فرمایا ــــ دنیوی برکات ہمارے لئے موعود ہیں ان کو مقصود مطلوب نہیں بنانا چاہئے لیکن ان کے لئے دعائیں خوب کرنا چاہئیں۔ اللہ

کا ارادہ کر رہا ہوں، اس کے لئے جو طریقہ تیرے نزدیک صحیح ہے مجھے اس کی طرف رہنمائی فرما۔ اور جن اسباب کی ضرورت ہو وہ محض اپنی قدرت سے مہیا فرمادے۔

بس اللہ سے یہ دعا مانگ کر پھر کام میں لگ جائے جو اسباب اللہ کی طرف سے ملتے رہیں ان سے کام لیتا رہے اور صرف اللہ ہی کی قدرت و نصرت پر کامل بھروسہ رکھتے ہوئے اپنی کوشش بھی بھرپور کرتا رہے اور برو روکر اس سے نصرت اور "انجاز وعدہ"[1] کی التجائیں بھی کرتا رہے۔ بلکہ اللہ کی مدد ہی کو اصل سمجھے اور اپنی کوشش کو اس کے لئے شرط اور ذریعہ سمجھے۔

(۱۱۹) فرمایا ـــــ خود کام کرنے سے بھی زیادہ توجہ اور محنت دوسروں کو اس کام میں لگانے اور انہیں کام سکھانے کے لئے کرنی چاہئے۔ شیطان جب کسی کے متعلق یہ سمجھ لیتا ہے کہ یہ تو کام کے لئے کھڑا ہو ہی گیا اور اب میرے بٹھائے بیٹھنے والا نہیں تو اس کی کوشش یہ ہوتی ہے کہ یہ خود تو لگا رہے مگر دوسروں کو لگانے کی کوشش نہ کرے اور اس لئے وہ اس پر راضی ہو جاتا ہے کہ یہ شخص اس کار خیر میں ہمہ تن اس قدر انہماک سے لگ جائے کہ دوسروں کو دعوت دینے اور لگانے کا اس کو ہوش ہی نہ رہے، بس شیطان کو شکست یوں ہی دی جا سکتی ہے کہ دوسروں کو اٹھانے اور انہیں کام پر لگانے اور کام سکھانے کی طرف زیادہ سے زیادہ توجہ دی جائے اور دعوت الی الخیر اور دلالت علی الخیر

(بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ) کے الفاظ و عبارت کی ذمہ داری خصوصیت سے اس عاجز پر ہے اگرچہ اکثر دوسرے ملفوظات میں بھی توضیح و تسہیل کیلئے تعبیر اور طرز ادا میں کچھ جزوی رد و بدل کیا گیا ہے۔

[1] وعدۂ قرآنی "کَانَ حَقًّا عَلَیْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ" کی طرف اشارہ ہے۔

ہوگا۔ حدیث قدسی ہے[1]

"اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ"

(۱۱۸) فرمایا ـــــ اس راہ میں کام کرنے کی صحیح ترتیب یوں ہے کہ جب کوئی قدم اٹھانا ہو، مثلاً خود تبلیغ کے لئے جانا ہو یا تبلیغی قافلہ کہیں بھیجنا ہو! یا شکوک و شبہات رکھنے والے کسی شخص کو مطمئن کرنے کیلئے اس سے مخاطب ہونے کا ارادہ ہو تو سب سے پہلے اپنی نااہلیت اور بے بسی اور وسائل و اسباب کے اپنی تہی دستی کا تصور کر کے اللہ کو حاضر و ناظر اور قادر مطلق یقین کرتے ہوئے پورے الحاح و زاری کے ساتھ اس سے عرض کریں کہ خداوندا! تو نے بارہا بغیر اسباب کے بھی محض اپنی قدرت کاملہ سے بڑے بڑے کام کر دیئے ہیں۔ الٰہی بنی اسرائیل کے لئے تو نے محض اپنی قدرت ہی سے سمندر میں خشک راستہ پیدا کر دیا تھا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لئے تو نے اپنی رحمت اور قدرت ہی سے آگ کو گلزار بنا دیا تھا۔ اور اے اللہ تو نے اپنی حقیر حقیر مخلوقات سے بھی بڑے بڑے کام لئے ہیں۔ ابابیل سے تو نے ابرہہ کے ہاتھیوں والے لشکر کو شکست دلوائی اور اپنے گھر کی حفاظت کرائی۔ عرب کے اونٹ چرانے والے آمیوں سے تو نے دین کو ساری دنیا میں چمکایا اور قیصر و کسریٰ کی سلطنتوں کو ٹکڑے ٹکڑے کرا دیا۔ بس اے اللہ! اپنی اسی سنت قدیمہ کے مطابق مجھ نکمے ناکارہ اور عاجز و بے بس بندہ سے بھی کام لے اور میں تیرے دین کے جس کام

---

[1] حضرت مولانا کا یہ ملفوظات بہت مختصر الفاظ میں تھا عام ناظرین کو اس کا سمجھنا مشکل ہوتا، ناچیز مرتب نے کسی قدر وضاحت اور تشریح کے ساتھ اپنی عبارت میں حضرت کے مطلب کو ادا کیا ہے گویا اس ملفوظ

ہی اسباب مہیا کرتا ہے۔ ورنہ آدمی خود کیا کرسکتا ہے مگر ہمت اور استطاعت بھر جہد شرط ہے۔

قسط نمبر ۸

(۱۲۲) جو لوگ زندگی کے انفرادی معاملات یا اجتماعی امور میں یورپ کی مسیحی اقوام کے طور طریقوں کی تقلید کر رہے ہیں اور اسی کو اس زمانہ میں صحیح طریقۂ کار سمجھتے ہیں اور ان کے رویہ پر رنج و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ایک صحبت میں فرمایا:

ذرا سوچو تو جس قوم کے آسمانی علوم (یعنی حضرت مسیح علیہ السلام کے لائے ہوئے علوم) کا چراغ علومِ محمدیؐ (قرآن و سنت) کے سامنے گل ہوگیا بلکہ من جانب اللہ منسوخ قرار دیدیا گیا اور براہِ راست اس سے روشنی حاصل کرنے کی صاف ممانعت کردی گئی۔ اسی قوم کی اھواءِ امانی (یعنی ان یوروپین مسیحی اقوام کے اپنے خود ساختہ نظریوں) کو اس حاملِ قرآن و سنت امتِ محمدیہؐ کا اختیار کرلینا اور اس کو صحیح طریقۂ کار سمجھنا اللہ تعالیٰ کے نزدیک کتنا قبیح اور کس قدر موجبِ غضب ہوگا؟ اور عقلاً بھی یہ بات کتنی غلط ہے کہ محمدیؐ وحی کے محفوظ ہوتے ہوئے (جس میں زندگی کے تمام انفرادی اور اجتماعی شعبوں کے متعلق کامل ہدایات موجود ہیں۔) عیسائی قوموں کے طور طریقوں کی پیروی کی جائے۔ کیا یہ علومِ محمدیؐ کی سخت ناقدری نہیں ہے۔

کے کام پر اجر و ثواب کے جو وعدے قرآن و حدیث میں فرمائے گئے ہیں ان کا تصور اور دھیان کرتے ہوئے اور اسی کو اپنی ترقی اور تقرب کا اعلیٰ ذریعہ سمجھتے ہوئے اس کے لئے کوشش کی جائے۔

(۱۲۰) فرمایا ــــــ دین میں ٹھہراؤ نہیں، یا تو آدمی دین میں ترقی کر رہا ہوتا ہے یا گرنے لگتا ہے۔ اس کی مثال یوں سمجھو کہ باغ کو جب پانی اور ہوا مناسب ہو تو وہ سرسبزی و شادابی میں ترقی ہی کرتا رہتا ہے اور جب موسم ناموافق ہو یا پانی نہ ملے تو ایسا نہیں کہ وہ سرسبزی و شادابی اپنی جگہ پر ٹھہری رہے بلکہ اس میں انحطاط شروع ہو جاتا ہے یہی حالت آدمی کے دین کی ہوتی ہے۔

(۱۲۱) فرمایا ــــــ لوگوں کو دین کی طرف لانے اور دین کے کام میں لگانے کی تدبیر سوچا کرو (جیسے دنیا والے اپنے دنیاوی مقاصد کے لئے تدبیریں سوچتے رہتے ہیں) اور جس کو جس طرح متوجہ کر سکتے ہو اس کے ساتھ اسی راستے سے کوشش کرو۔ وَأْتُوا الْبُيُوتَ مِنْ أَبْوَابِهَا۔

(۱۲۲) فرمایا ــــــ طبیعت مایوسی کی طرف زیادہ چلتی ہے۔ کیوں کہ مایوس ہو جانے کے بعد آدمی اپنے کو عمل کا ذمہ دار نہیں سمجھتا اور پھر اسے کچھ کرنا نہیں پڑتا۔ خوب سمجھ لو نفس اور شیطان کا بڑا کید ہے۔

(۱۲۳) فرمایا ــــــ اسباب کی کمی پر نظر ڈال کر مایوس ہو جانا اس بات کی نشانی ہے کہ تم اسباب پرست ہو۔ اور اللہ کے وعدوں اور اس کی غیبی طاقتوں پر یقین بہت کم ہے اللہ پہ اعتماد کر کے اور ہمت کر کے اٹھو تو اللہ

خوب یاد کر کے جائیں۔

(۱۲۷) اسی سلسلۂ کلام میں فرمایا:
"عمل کی کوتاہی پر بھی خلود فی النار نہیں ہے۔ بلکہ خلود ہے عدمِ یقین اور تکذیب پر۔

(۱۲۸) فرمایا ـــــ ہر عمل کا جزوِ اخیر اعترافِ تقصیر اور خشیۂ[1] رد ہونا چاہیئے (یعنی ہر نیک عمل کو اپنی فطرت سے تو بہتر سے بہتر ادا کرنے کی کوشش کرے لیکن پھر اس کے خاتمہ پر یہ احساس ہونا چاہیئے کہ جیسا اللہ تعالیٰ کا حق تھا اور جیسا کرنا چاہئے تھا ویسا نہیں ہوسکا اور اس کی دل میں یہ خوف اور خطرہ ہونا چاہیئے کہ کہیں ہمارا یہ عمل ناقص اور خراب ہونے کی وجہ سے مردود قرار دے کر قیامت میں ہمارے منہ پر نہ مار دیا جائے اور پھر اسی احساس اور اسی خوف و خطر کی بنیاد پر اللہ تعالیٰ کے سامنے رویا جائے اور بار بار استغفار کیا جائے۔

(۱۲۹) فرمایا ـــــ اعتقادات کے بارے میں اصول یہ ہے کہ اپنی طرف سے تو اعتقاد کو واثق اور مضبوط رکھنے کی پوری کوشش کرے اور اس کے خلاف وساوس کو بھی نہ آنے دے لیکن پھر بھی ڈرتا رہے کہ کما حقہٗ یقین مجھے حاصل ہے یا نہیں۔

فرمایا ـــــ صحیح بخاری شریف میں ابن ابی مُلیکہ کا جو یہ ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ لَقِیْتُ ثَلٰثِیْنَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللہُ

---

[1] یعنی عمل کے قبول نہ ہونے کا خطرہ ۱۲

(۱۲۵) فرمایا ـــــ ہم جس دینی کام کی دعوت دیتے ہیں بظاہر تو بڑا سادہ سا کام ہے۔ لیکن فی الحقیقت بڑا نازک ہے کیونکہ یہاں مقصود صرف کرنا کرانا ہی نہیں ہے بلکہ اپنی سعی کرکے اپنی عاجزی کا یقین اور اللہ تعالیٰ کی قدرت ونصرت پر اعتماد پیدا کرنا ہے۔ سُنّت اللہ یہی ہے کہ اگر اللہ کی مدد کے بھروسہ پر اپنی سی کوشش ہم کریں تو اللہ تعالیٰ ہماری کوشش اور حرکت ہی میں اپنی مدد کو شامل کر دیتے ہیں قرآن مجید کی آیت ـــــ "وَيَزِدْكُمْ قُوَّةً إِلَىٰ قُوَّتِكُمْ" میں اسی طرف اشارہ ہے۔ اپنے کو بالکل بیکار سمجھ کر بیٹھے رہنا تو "جبریت" ہے اور اپنی ہی قوت پر اعتماد کرنا "قدریت" ہے (اور یہ دونوں گمراہیاں ہیں) اور صحیح اسلام ان دونوں کے درمیان ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے جدوجہد اور کوشش کی جو حقیر سی قوت اور صلاحیت ہم کو بخش رکھی ہے، اللہ کے حکم کی تعمیل میں اس کو تو پورا پورا لگادیں۔ اور اس میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں لیکن نتائج کے پیدا کرنے میں اپنے کو بالکل عاجز اور بے بس یقین کریں اور صرف اللہ تعالیٰ کی امداد ہی پر اعتماد کریں اور صرف اسی کو کارفرما سمجھیں۔

فرمایا ـــــ اسوۂ نبیؐ سے اس کی پوری تفصیل معلوم کی جاسکتی ہے۔ مسلمانوں کو ہماری دعوت بس یہی ہے۔

(۱۲۶) میں چاہتا ہوں کہ اب میوات میں فرائض (یعنی تقسیم میراث کے شرعی طریق) کو زندہ کرنے اور رواج دینے کی طرف خاص توجہ کی جائے اور اب جو تبلیغی وفود وہاں جائیں وہ فرائض کے باب کے وعدوں اور وعیدوں

کا فیصلہ اللہ و رسول ؐ سے تعلق رکھنے والوں سے اور شریعت کے مطابق کرائیں اور ان کا جذبہ یہ ہو کہ اللہ و رسول ؐ سے تعلق رکھنے والوں کے فیصلہ سے اگر آدھا بھی ملے تو وہ سراسر رحمت اور برکت ہے اور خلافِ شریعت فیصلے کرنے والے سارا بھی دلوائیں تو وہ سراسر وبال اور بے برکت ہے۔"

فرمایا قرآن مجید کی آیت فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتَّىٰ يُحَكِّمُوكَ فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا فِي أَنفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوا تَسْلِيمًا۔ کا مدعا یہی ہے لیکن یہ بات ایک دم پیدا نہیں ہو سکتی، بلکہ اس کی صورت یہ ہے کہ پہلے ان میں اللہ و رسول ؐ کی اطاعت اور احکام شریعت کی پیروی کا شوق پیدا کیا جائے۔ اور اس چیز کو ان کی طبیعتوں پر غالب کیا جائے اور پھر حکمت و تدریج کے ساتھ یہ بات ان میں پیدا کیا جائے کہ اللہ و رسول ؐ کی اطاعت کی عملی صورت یہی ہے کہ اللہ و رسول ؐ سے صحیح تعلق رکھنے والے دین کی جو باتیں بتائیں ان کو عظمت و توقیر سے مانا جائے، اور ذوق شوق سے ان پر عمل کیا جائے۔ یہی طریقہ زندگیوں کے رخ کو پلٹنے کا ہے۔

(۱۳۱) فرمایا میرے نزدیک تحقیقی دین یہ ہے کہ اس عالم کے اسباب کو اللہ تعالیٰ کے امر تکوینی کا پردہ سمجھنے اور یہ یقین کرنے لگے کہ اس پردہ میں کرنے والا کوئی اور ہے اور اس کا فعل اور حکم حقیقی سبب ہے۔ گویا بجائے ظاہری اسباب کے اللہ تعالیٰ کے غیبی حکم ہی کو حقیقی سمجھنے لگے، اور ظاہری

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کُلُّھُمْ یَخْشٰی عَلٰی نَفْسِہِ النِّفَاقَ[1] اور کما قال لن
تو اس کی حقیقت یہی ہے۔

فرمایا ـــــ اعتماد اور یقین کی ضرورت اس لئے بھی ہے کہ اللہ و
رسولؐ نے جو کچھ فرمایا ہے دل کی طرف سے ہیبت اور توقیر اور اعزاز کے
ساتھ اس کا استقبال ہو، اس صورت میں عمل بھی ہوا اور عمل میں جان
بھی ہو گی۔

(۱۳۰) ایک دینی مدرسہ کے ایک مشہور استاد کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:
"میں نے ان سے کہا کہ آپ لوگوں کے اللہ کی نظر سے گرنے
اور پھر اسی کے نتیجے میں دنیا کی نظروں سے بھی گر جانے کی ایک خاص وجہ یہ
ہے کہ اللہ و رسولؐ کے رشتہ سے جو تعلقات ہیں ان کی توقیر آپ لوگوں میں
نہیں رہی اور دنیوی اور مادی تعلقات کے دباؤ کو آپ زیادہ قبول کرنے
لگے۔ دیکھو میرا اور تمہارا تعلق صرف اللہ و رسولؐ کے واسطے سے ہے۔ میں نے
تمہیں بلایا، تم نہیں آئے لیکن ...... کے ایک خط نے تمہیں بلا لیا (حالانکہ
ان میں یہی بات تو زیادہ ہے کہ وہ دولتمند ہیں اور ان سے اور ان کے اثر
سے چندہ ملتا ہے) تو ہماری بنیادی بیماری یہ ہے۔ اللہ و رسولؐ کے
واسطے سے اور ان کی طرف سے کہنے والوں کی نہ سُننا اور نہ ماننا۔"

اسی سلسلہ میں فرمایا:

میں اب میوات میں یہ بات پیدا کرنا چاہتا ہوں کہ وہ اپنے نزاعات

---

[1] ترجمہ: ابن ابی ملیکہؒ تابعی فرماتے ہیں کہ میں ۳۰ صحابہ سے ملا ان کی میں نے ان میں سے ہر ایک کو اپنے نفس کے بارے میں نفاق سے ڈرتا ہوا پایا۔

فرمایا ــــــ زمانہ کے بدلنے سے دینی اصطلاحات کے معنی بھی بدل گئے اور ان کی روح نکل گئی۔ دین میں "مسلم سے مسلم کی ملاقات" کی فضیلت اس لئے ہے کہ اس میں دین کی باتیں ہوں۔ جس ملاقات میں دین کا کوئی ذکر دفکر نہ ہو وہ بے روح ہے۔

(۱۳۳) فرمایا ــــــ ہمارے نزدیک اصلاح کی ترتیب یوں ہے کہ (کلمہ طیبہ کے ذریعہ ایمانی معاہدہ کی تجدید کے بعد) سب سے پہلے نمازوں کی درستگی اور تکمیل کی فکر کی جائے۔ نماز کی برکات باقی پوری زندگی کو سُدھاریں گی۔ نماز کی درستی ہی ساری زندگی کے سدھار کا سرچشمہ ہے اور نماز ہی کے صلاح و کمال سے باقی زندگی پر صلاحیت اور کمال کا فیضان ہوتا ہے[1]

(۱۳۴) فرمایا ــــــ ہماری اس دینی دعوت میں کام کرنے والے سب ہی لوگوں کو یہ بات اچھی طرح سمجھا دینی چاہیے کہ تبلیغی جماعتوں کے نکلنے کا مقصد صرف دوسروں کو پہنچانا اور بتانا ہی نہیں ہے بلکہ اس ذریعے سے اپنی اصلاح اور اپنی تعلیم و تربیت بھی مقصود ہے اس لئے نکلنے کے زمانے میں علم اور ذکر میں مشغولیت کا بہت زیادہ اہتمام کیا جائے۔ علم دین اور ذکر اللہ کے اہتمام کے بغیر نکلنا کچھ بھی نہیں ہے۔ پھر یہ بھی ضروری ہے کہ علم و ذکر میں یہ مشغولیت اس راہ کے اپنے بڑوں سے وابستگی رکھتے ہوئے اور ان کے زیر ہدایت و نگرانی ہو انبیاء علیہم السلام کا علم و ذکر اللہ تعالیٰ کے زیر ہدایت تھا اور صحابۂ کرام

---

[1] اس اجمال کی کچھ تفصیل خاکسار مرتب ملفوظات کے رسالہ نماز کی فضیلت سے معلوم ہو سکتی ہے جو عجب کر شائع ہو چکا ہے۔

اسباب میں کوشش کرنے سے بھی زیادہ کوشش اس کی کرے کہ اللہ تعالیٰ مجھ سے راضی ہو کر میرا کام پورا کر دے۔

فرمایا ـــــ قرآن مجید کی آیت " وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ " میں غور کرو۔

(۱۳۲) پنجاب کے ایک دیندار مسلمان کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

" وہ جب پہلی دفعہ یہاں آئے تو اتفاق سے میں اس وقت ابن ماجہ شریف کا سبق پڑھا رہا تھا۔ انہوں نے سلام کیا۔ میں نے حدیث کے درس میں مشغولیت کی وجہ سے جواب نہیں دیا، پھر وہ وہیں بیٹھ گئے اور تھوڑی دیر کے بعد (سبق ہی کے دوران میں) انہوں نے کہا کہ میں فلاں جگہ سے آیا ہوں۔ میں نے اس کا بھی کوئی جواب نہیں دیا۔ کچھ دیر بعد وہ اٹھ کر چلنے لگے، اب میں نے ان سے پوچھا کہ آپ کیوں آئے تھے؟ انہوں نے کہا کہ زیارت کے لئے! میں نے کہا جس زیارت کی حدیثوں میں ترغیب اور فضیلت آئی ہے وہ یہ نہیں ہے کہ کسی کی صرف صورت دیکھ لی جائے تو یہ ایسا ہی ہے جیسے کہ کسی کی تصویر دیکھ لی ـــ شرعی زیارت یہ ہے کہ اس کی بات پوچھی جائے، اس کی سنی جائے، اور آپ نے تو نہ اپنی کچھ کہی اور نہ میری کچھ سنی۔ انہوں نے کہا کیا میں ٹھہروں؟ ـــ میں نے کہا کہ ضرور ـــ چنانچہ وہ ٹھہر گئے اور پھر جب انہوں نے میری بات کو سنا اور سمجھا اور یہاں کے کام کو دیکھا تو اپنے بڑے بھائی ۔۔۔۔ کو بلایا۔۔۔۔ اگر میں اسی وقت اسی طور پر مختصر بات ان سے کر لیتا تو جو کچھ بعد میں ہوا کچھ بھی نہ ہوتا۔ اور وہ بس " زیارت " ہی کر کے چلے جاتے۔

اصحابِ وقار اور اہلِ وجاہت ہوں ان کا حق (توقیر) اور علماء دین کا حق (تعظیم) ادا کر کے ان کو یہ دعوت دی جائے۔ "وَأْتُوا الْبُيُوتَ مِنْ أَبْوَابِهَا"۔

(۱۳۶) دلّی کے ایک تاجر ایک تبلیغی جماعت کے ساتھ کام کر کے سندھ سے واپس آئے تھے۔ وہاں کے کام کی رپورٹ ان سے سن کر حضرت نے فرمایا:

"دوستو! ہمارا یہ کام (اصلاحی و تبلیغی جدوجہد) ایک طرح کا عملِ تسخیر ہے (یعنی جو کوئی اس کام میں لگے گا اور اس کو اپنی دھن بنا لے گا اللہ تعالیٰ اس کے کام بناتا رہے گا) مَنْ كَانَ لِلّٰهِ كَانَ اللّٰهُ لَهٗ" اگر تم اللہ کے کام میں لگو گے تو زمین و آسمان اور فضا کی ہوائیں تمہارے کام انجام دیں گی۔ تم اللہ کے کام میں گھر اور کاروبار چھوڑ کے نکلے تھے، اب آنکھوں سے دیکھ لینا تمہارے کاروبار میں کتنی برکت ہوتی ہے۔ اللہ کی نصرت کر کے جو اس کی نصرت رحمت کی امید نہ رکھے وہ فاسق اور بے نصیب ہے"

مرتب عرض کرتا ہے کہ آخری فقرہ آپ نے ایسے انداز اور اتنے جوش سے کہا کہ حاضرینِ مجلس کے دل ہل گئے۔

(۱۳۷) فرمایا — ہمارے اس کام کی صحیح ترتیب تو یہی ہے کہ پہلے قریب جایا جائے اور اپنے ماحول میں کام کرتے ہوئے آگے بڑھا جائے مثلاً یہاں سے جماعتیں پہلے کرنال، پانی پت وغیرہ جائیں، پھر وہاں سے پنجاب اور ریاست بہاولپور کے علاقوں میں کام کرتی ہوئی سندھ جائیں — لیکن کبھی کبھی کارکنوں میں عزم اور پختگی کا پیدا

حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے علم و ذکر لیتے تھے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم ان کی پوری پوری نگرانی فرماتے تھے۔ اسی طرح ہر زمانہ کے لوگوں نے اپنے بڑوں سے علم و ذکر لیا اور ان کی نگرانی و رہنمائی میں تکمیل کی۔ ایسے ہی آج بھی ہم اپنے بڑوں کی نگرانی کے محتاج ہیں ورنہ شیطان کے جال میں پھنس جانے کا بڑا اندیشہ ہے۔

قسط نمبر ۹

(۱۲۵) فرمایا ــــ ہماری یہ تبلیغی تحریک، دینی تعلیم و تربیت پھیلانے اور دینی زندگی کو عام کرنے کی تحریک ہے اور اس کے جو اصول ہیں بس ان ہی کی رعایت اور نگہداشت میں اس کی کامیابی کا راز مضمر ہے۔ ان اصولوں میں ایک اہم اصول یہ ہے کہ مسلمانوں کے جس طبقے کا جو حق اللہ تعالیٰ نے رکھا ہے اس کو ادا کرتے ہوئے اس دعوت کو اس کے سامنے پیش کیا جائے۔

مسلمانوں کے تین طبقے ہیں:

۱۔ پسماندہ (غربا،) ۲۔ وقار ۳۔ علماء دین

ان سب کے ساتھ جو معاملہ ہونا چاہئیے اس کو یہ حدیث جامع ہے۔

مَنْ لَّمْ یَرْحَمْ صَغِیْرَنَا وَلَمْ یُوَقِّرْ کَبِیْرَنَا وَلَمْ یُبَجِّلْ عَالِمَنَا فَلَیْسَ مِنَّا۔

پس قوم میں جو چھوٹے ہوں ان کا حق (رحم و خدمت) اور جو

ضروری تھا کہ ہم خود ہی چل پھر کر لوگوں میں طلب پیدا کریں اور عمل سے اپنی بات سمجھائیں اس وقت اگر تحریر کے ذریعہ عام دعوت دی جاتی تو لوگ کچھ کا کچھ سمجھتے اور اپنے سمجھنے کے مطابق ہی رائے قائم کرتے، اور اگر بات کچھ دل کو لگتی تو اپنی سمجھ کے مطابق کچھ سیدھی الٹی اس کی عملی تشکیل کرتے اور پھر جب نتائج غلط نکلتے تو ہماری اسکیم کو ناقص کہتے۔ اس لئے ہم یہ بہتر نہیں سمجھتے تھے کہ لوگوں کے پاس تحریر کے ذریعہ ہماری دعوت پہنچے ـــ لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم اور اس کی مدد سے اب حالات بدل چکے ہیں۔ ہماری بہت سی جماعتیں ملک کے اطراف میں نکل کر کام کا طریقہ دکھلا چکی ہیں، اور اب لوگ ہمارے کام کے طالب بن کر ہمارے پاس آتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ نے ہم کو اتنے آدمی دیئے ہیں کہ اگر مختلف اطراف میں طلب پیدا ہو اور کام سکھانے کے لئے جماعتوں کی ضرورت ہو تو جماعتیں بھیجی جا سکتی ہیں ـــ تو اب ان حالات میں بھی کسمپرسی والے ابتدائی زمانہ ہی کے طریقۂ کار کے ہر ہر جز پر جمے رہنا ٹھیک نہیں ہے۔ اس لئے میں کہتا ہوں کہ تحریر کے ذریعہ بھی دعوت دینی چاہیئے۔

(۱۴۰) فرمایا ـــ اب یہ کہنا چھوڑ دو کہ تین دن دو یا پانچ دن دو یا سات دن دو۔ بس یہ کہو کہ راستہ یہ ہے، جو جتنا کرے گا اتنا پائے گا۔ اس کی کوئی سرا نہیں ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا کام سب نبیوں سے آگے ہے۔ اور حضرت ابوبکرؓ کی ایک رات ایک دن کے کام کو حضرت عمرؓ نہیں پا سکے۔ پھر اس کی غایت ہی کیا ہے۔ یہ تو سونے چاندی کی کان ہے، جتنا

کرنے کے لئے ابتداءً دور بھیجدیا جاتا ہے۔ اس وقت سندھ، بمبئی وغیرہ
جماعتیں بھیجنے سے یہی مقصد ہے۔ ان طویل سفروں سے عزم اور کام
کا عشق پیدا ہوگا۔

(۱۳۸) فرمایا ــــــ ہمارے اس کام میں پھیلاؤ سے زیادہ رسوخ اہم ہے۔
لیکن اس کام کا طریقہ ایسا ہے کہ رسوخ کے ساتھ ہی پھیلاؤ بھی ہوتا جائیگا۔
کیونکہ رسوخ اس کے بغیر پیدا ہی نہیں ہوگا کہ اس دعوت کو لے کر شہروں
شہروں اور ملکوں ملکوں پھرا جائے۔

(۱۳۹) ایک نیازمند سے (جس کو مولانا کے تبلیغی کام سے بھی تعلق تھا
اور اس کے علاوہ تحریر و تصنیف ان کا خاص مشغلہ تھا) ایک دن فرمایا:
"میں ابتک اس کو پسند نہیں کرتا تھا کہ اس تبلیغی کام کے سلسلے
میں کچھ زیادہ پڑھا لکھی جائے اور تحریر کے ذریعہ اس کی دعوت دی جائے۔
بلکہ میں اس کو منع کرتا رہا۔ لیکن اب میں کہتا ہوں کہ لکھا جائے اور تم بھی
خوب لکھو، مگر یہاں کے فلاں فلاں کام کرنے والوں کو میری یہ بات پہنچا کر
ان کی رائے بھی لے لو (چنانچہ ان نامزد حضرات کو حضرت مولانا کی یہ بات
پہنچا کر مشورہ طلب کیا گیا ان صاحبان نے اپنی یہ رائے ظاہر کی کہ اس بارے میں
ابتک جو طرز عمل رہا ہے وہی اب بھی رہے۔ ہمارے نزدیک یہی بہتر ہے)
حضرت مولانا کو جب ان حضرات کی رائے پہنچائی گئی تو فرمایا:
پہلے ہم بالکل کسمپرسی کی حالت میں تھے، کوئی ہماری بات سنتا
نہیں تھا اور کسی کی سمجھ میں ہماری بات آتی نہیں تھی۔ اس وقت یہی

پہلے تو اس نے مذاق سمجھا لیکن جب اسے اندازہ ہوا کہ یہ مذاق نہیں
کہہ رہا ہے۔ تو اس نے اپنی دکان سے اٹھا دیا ــــ وہ اپنے استاد کے پاس
آیا اور کہا کہ آپ تو کہا کرتے تھے کہ دین کا ایک مسئلہ ہزاروں لاکھوں سے
زیادہ قیمت کا ہوتا ہے اور چمار تو اس کے بدلے جوتا گانٹھنے پر بھی تیار
نہ ہوا۔ ان بزرگ نے (جو اس شہر کے مشہور شیخ اور مرجع خلائق تھے) طالب علم
کو ایک ہیرا دیا اور اس سے کہا کہ تم کاری بازار میں جاکر اس کی قیمت لگواؤ
وہ پہلے ہیر والی کے پاس گیا اور اس سے پوچھا کہ یہ پتھر تو کتنے میں لے گی؟
اس نے کہا کہ یہ میرے کس کام کا ہے چھوٹا ایک نمبر کا بھی تو نہیں کہ ٹیکا
بناؤں۔ خیر اگر تو دیوے ہی ہے تو پانچ بیر اس کے بدلے میں تجھے دیدونگی
میرا بچہ اس سے کھیل لیا کرے گا اس کے بعد ایک دوسری ہیر والی سے انہوں
نے بات کی۔ اس نے بھی یہی کہا یہ میرے کسی کام کا نہیں ہے۔
یہ اپنے استاد کے پاس واپس آئے اور بتلایا کہ وہاں تو اس کو بیکار
بتلایا گیا اور ایک ہیر والی مشکل سے پانچ بیروں کے بدلے لینے پر تیار ہوئی۔
انہوں نے کہا کہ اب اس کو لے کر جوہری بازار جاؤ اور وہاں جوہریوں
سے قیمت لگواؤ، مگر دینا کسی کو نہیں۔
یہ گئے اور ایک جوہری کی دکان پر جاکر انہوں نے وہ ہیرا دکھلایا
دکاندار نے اس طالب علم کی حالت دیکھ کر پہلے تو اس کو چور سمجھا لیکن جب
یہ معلوم ہوا کہ یہ فلاں بزرگ کا بھیجا ہوا ہے تو کہا کہ یہ ہیرا ہم نہیں خرید سکتے
اس کو تو کوئی بادشاہ ہی خرید سکتا ہے انہوں نے آکر اپنے استاد کو اس کی خبر دی۔

کھود و گے اتنا لمکا لو گے "!

مادی منافع کے لئے دشمنانِ اسلام کا آلۂ کار بننے والے مسلمانوں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:

(۱۴۱) "اگر تم ان میں شکم پرستی اور غرض پرستی کے بجائے خدا پرستی کا جذبہ پیدا کر سکو گے تو پھر وہ پیٹ اور دوسری اغراض کی خاطر دشمنوں کے آلۂ کار کیوں بنیں گے۔ جذبات اور دل کا رخ بدلے بغیر زندگی کے اشغال بدلوانے کی کوشش غلط ہے۔ صحیح طریقہ یہی ہے کہ لوگوں کے دلوں کو اللہ کی طرف پھیر دو پھر ان کی پوری زندگی اللہ کے حکموں کے ماتحت ہو جائے گی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا یہی مقصد ہے اور ہماری تحریک کی یہی بنیاد ہے۔"

(۱۴۲) ایک دن حضرت نے غالباً یہ بیان فرماتے ہوئے کہ ہمارے اس کام کا بنیادی اصول یہ ہے کہ لوگوں میں پہلے ایمان یعنی اللہ و رسولؐ کی باتوں پر حقیقی یقین اور دین کی قدر پیدا کرنے کی کوشش کی جائے۔ اس کے بغیر دین کے تفصیلی احکام پیش کرنا صحیح نہیں ہے۔ بلکہ اس سے لوگوں کے اندر اور ڈھٹائی پیدا ہوگی۔ ایک طالب کا قصہ اس طرح بیان فرمایا:

"کسی طالب کو ان کے بزرگ استاد نے یہ یقین دلا رکھا تھا کہ دنیا میں سب سے زیادہ بیش قیمت چیز علمِ دین ہے اور اس کا ایک ایک مسئلہ ہزاروں لاکھوں روپوں سے زیادہ قیمتی ہے۔ ایک دن اس طالب کو اپنا ٹوٹا ہوا جوتا گنٹھوانے کی ضرورت پڑی۔ وہ چمار کے پاس گیا جب مزدوری کی بات ہوئی تو اس طالب نے کہا میں تجھ کو دین کا ایک مسئلہ بتلادوں گا اس نے

اس کے یہاں غیرت بھی ہے۔ وہ ناقدروں کو نہیں دیتا، تم بھی اپنے بزرگوں سے دین کو قدر کے ساتھ لو۔ اور اس قدر کا مقتضیٰ یہ بھی ہے کہ ان کو اپنا بہت بڑا محسن سمجھو اور پوری طرح ان کی تعظیم و تکریم کرو۔ یہی منشأ ہے اس حدیث کا جس میں فرمایا گیا ہے۔

مَنْ لَّمْ یَشْکُرِ النَّاسَ لَمْ یَشْکُرِ اللّٰہَ جس نے اپنے محسن آدمیوں کا شکر ادا نہ کیا، اس نے اللہ کا بھی شکر ادا نہیں کیا۔

(۱۴۳) اسی سلسلہ میں فرمایا ـــــ اس سلسلہ کا ایک اصول یہ ہے کہ آزاد روی اور خود رائی نہ ہو بلکہ اپنے کو ان بزرگوں کے مشوروں کا پابند رکھو جن پر دین کے بارے میں ان اکابر مرحومین نے اعتماد ظاہر کیا۔ جن کا اللہ کے ساتھ خاص تعلق معلوم و مسلم ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد صحابۂ کرام رضی اللہ عنہم کا عام معیار یہی تھا کہ وہ انہی اکابر پر زیادہ بھروسہ کرتے تھے۔ جن پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم خاص اعتماد فرماتے تھے اور پھر بعد میں وہ حضرات زیادہ قابل اعتماد سمجھے گئے جن پر حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما نے اعتماد فرمایا تھا۔ دین میں اعتماد کے لئے بہت تیقظ کے ساتھ انتخاب ضروری ہے ورنہ بڑی گمراہیوں کا بھی خطرہ ہے۔

(۱۴۴) فرمایا ـــــ اکبر کی گمراہی کا خاص سبب یہی تھا کہ ابتداء میں اس نے علماء پر بہت بھروسہ کیا اور یہاں تک کیا کہ اپنی باگ ہی مجلس علماء کے ہاتھ میں دیدی، اور علماء کے انتخاب کی صلاحیت و قابلیت تھی نہیں۔ نتیجہ یہ ہوا کہ طالبین دنیا و متنافسین کا جمگھٹا ہو گیا۔ جب اکبر کو ان کی بدنیتی اور خود غرضی بدبختی اور دنیا طلبی کا تجربہ ہوا تو وہ علماء سے سخت متنفر ہو گیا اور پھر تو بات یہاں تک پہنچ

انہوں نے کہا کہ جس طرح بیری والی اس ہیرے کی قیمت کو نہیں جانتی تھی اور اس لئے وہ ایک پیسہ میں بھی اس کو لینے کے لئے تیار نہیں ہوئی اس طرح وہ چمار بھی نہیں جانتا تھا کہ دین کے مسئلہ کی کیا قیمت ہوتی ہے۔ غلطی تمہاری ہے کہ تم نے ناقدرداں کو قدرداں سمجھ لیا۔"

اس کے بعد اسی سلسلہ میں دین کی قدر جاننے والے ایک بادشاہ کا واقعہ اس طرح بیان فرمایا۔

ایک دیندار اور دین کے قدر شناس بادشاہ نے اپنا لڑکا ایک مولوی صاحب کے حوالے کیا کہ اس کو علم دین پڑھاؤ اتفاق سے وہ لڑکا بڑا ہی کودن اور بے سمجھ تھا۔ مولوی صاحب نے بار بار بادشاہ کو اطلاع دی کہ یہ پڑھنے کے قابل نہیں ہے لیکن بادشاہ کا حکم بار بار یہی آتا رہا کہ اس کی بالکل پرواہ نہ کرو۔ اگر وہ اپنی کم فہمی کی وجہ سے اخذ نہیں کر سکتا تو تم عبور ہی کرادو چنانچہ بس عبور ہی ہوتا رہا۔ جب یہ عبور پورا ہو گیا تو بادشاہ نے بڑی خوشی منائی اور لڑکے سے فرمائش کی کہ دین کی کوئی بات بیان کرو۔ اس نے کہا مجھے تو کچھ یاد نہیں۔ بادشاہ نے کہا کہ جو بھی مسئلہ تمہیں یاد ہو وہی بیان کرو۔ لڑکے نے اس وقت حیض کے متعلق ایک مسئلہ بیان کیا۔ بادشاہ نے بر سر مجلس کہا کہ اگر میری ساری سلطنت خرچ ہو کر بھی تمہیں صرف یہی ایک مسئلہ آجاتا تو بھی نفع ہی نفع تھا۔

بھائیو! لوگوں سے دین پر عمل کرانے کے لئے پہلے ان میں حقیقی ایمان آخرت کی فکر اور دین کی قدر پیدا کرو۔ اللہ کی دین بہت ہے مگر

کی قدر اپنی کمائی سے زیادہ ہونی چاہیے۔ یہ شکستہ حال سوالی جو یہاں پڑے رہتے ہیں ان کی قدر کرو۔ ذرا سوچو تو رسول اللہ علیہ وسلم نے دعا کی تھی۔

اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِيْ مِسْكِيْنًا وَّ اَمِتْنِيْ مِسْكِيْنًا وَاحْشُرْنِيْ فِيْ زُمْرَةِ الْمَسَاكِيْنِ (اے اللہ مجھے مسکینی کی حالت میں زندہ رکھ اور مسکینی ہی کی حالت میں مجھے موت دے اور بروز قیامت مسکینوں کی جماعت میں مجھے اٹھا)

(۱۴۷) فرمایا ــــ حضرت گنگوہی رحمتہ اللہ علیہ اس دور کے قطب ارشاد اور مجدد تھے لیکن مجدد کے لئے ضروری نہیں ہے کہ سارا تجدیدی کام اسی کے ہاتھ پر ظاہر ہو' بلکہ اس کے آدمیوں کے ذریعہ جو کام ہو وہ سب بھی بالواسطہ اسی کا ہے جس طرح خلفائے راشدین بالخصوص حضرات شیخین کا کام فی الحقیقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کا کام ہے۔

(۱۴۸) فرمایا ــــ دین کا کام جن وسائط سے ہم تک پہنچا ہے ان کا شکر و اعتراف اور ان کی محبت نہ کرنا محرومی ہے

"مَنْ لَّمْ يَشْكُرِ النَّاسَ لَمْ يَشْكُرِ اللّٰهَ"

اور اسی طرح ان ہی کو اصل کی جگہ سمجھ لینا بھی شرک اور مردودیت کا سبب ہے وہ تفریط اور یہ افراط ہے اور صراط مستقیم ان دونوں کے درمیان ہے

(۱۴۹) فرمایا ــــ اللہ تعالیٰ نے اپنی صفات و عادات جو قرآن پاک میں بیان کی ہیں ان پر اسی طرح ایمان رکھنا چاہیے۔ کسی کا بیان بھی اللہ کے اپنے بیان کو نہیں پہنچ سکتا۔ خود رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

تھی کہ علماء سے اس نے کلی اجتناب کر لیا اور دوسرے مذاہب کے پیشوا اس پر
حاوی ہو گئے پھر اسلام کی جگہ "دینِ الٰہی" بننے لگا۔[1]

(۱۲۵) فرمایا ـــــ میری اس بیماری اور کمزوری کی وجہ علماء اور اطباء کا
متفقہ فیصلہ ہے کہ میں بات چیت بالکل نہ کروں، حتیٰ کہ سلام و مصافحہ
بھی نہ کروں، میں اس متفقہ فیصلے کی خلاف ورزی صرف اس دینی فریضہ
(اصلاح و تبلیغ) کے احیاء کے لئے کرتا ہوں جس کے لئے مجھے معلوم ہے کہ اگر میں
اس کو نہ کروں تو پھر یہ فریضہ اس وقت زندہ نہ ہو سکے گا۔ سورۂ توبہ کی اس
آیت سے میں نے یہ سمجھا ہے:۔

مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ
الْاَعْرَابِ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا
يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ ط

اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر کسی وقت دین کا کام کچھ لوگوں پر
موقوف ہو تو پھر ان کو اپنی جان کی پرواہ کرنا جائز نہیں۔

(۱۲۶) فرمایا ـــــ عام طور سے کام کرنے والے لوگ بڑے آدمیوں اور
نمایاں ہستیوں کے پیچھے لگتے ہیں، اگر اللہ کے غریب اور خستہ حال بندے اگر خود بھی
آجائیں تو ان کی طرف زیادہ متوجہ نہیں ہوتے۔ یہ مادیت ہے، خوب سمجھ لو، جو
خود بخود تمہارے پاس آ گیا، وہ اللہ کا عطیہ اور اس کا بھیجا ہوا ہے اور جس کے
پیچھے لگ کے تم اسے لائے وہ تمہاری کمائی ہے۔ جو اللہ کی خالص عطا ہو اس

[1] امام ربانی حضرت مجدد الف ثانی نے بھی اپنے متعلق مکاتیب میں بالکل یہی چیز بیان فرمائی ہے
اور علماء دنیا ہی کو اس ضلالت کا سبب بتایا ہے۔ ۱۲ م

اس طریقہ سے چند روز میں وہ بات حاصل ہو سکتی ہے جو دوسرے طریقوں سے ۲۵ سال میں بھی حاصل نہیں ہوتی۔

میں مستورات سے کہتا ہوں کہ دینی کاموں میں تم اپنے گھر والوں کی مددگار بن جاؤ۔ انہیں اطمینان کے ساتھ دین کے کاموں میں لگنے کا موقع دیدو۔ اور گھریلو کاموں کا ان کا بوجھ ہلکا کر دو، تاکہ وہ بے فکر ہو کر دین کا کام کریں۔ اگر مستورات ایسا نہ کریں گی تو "حبالۃ الشیطان"[1] ہو جائیں گی۔

دین کی حقیقت ہے جذبات کو اللہ کے اوامر کا پابند کرنا، صرف دینی مسائل کے جاننے کا نام دین نہیں ہے۔ علماء یہود دین کی باتیں اور اپنی شریعت کے مسائل بہت جانتے تھے۔ لیکن اپنے جذبات کو انہوں نے اوامر الٰہیہ کا پابند نہیں کیا تھا اس لئے مغضوب و مردود ہو گئے۔

اسی گفتگو کے اثناء میں کسی خاص معاملہ کے متعلق حضرت سے دعا کی درخواست کی گئی تو فرمایا:

جو کوئی اللہ کا تقویٰ اختیار کرے یعنی جذبات کو اوامر الٰہیہ کے تابع کر دے تو پھر اللہ تعالیٰ اس کی تمام مشکلیں پردۂ غیب سے حل کرتے ہیں اور ایسے طریقوں سے اس کی مدد کرتے ہیں کہ خود اسے وہم و گمان بھی نہیں ہوتا۔

مَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ۔

---

[1] یعنی شیطان کے جال اور پھندے جن میں پھانس کے وہ آدمیوں کو دین کی راہ سے روکتا ہے۔
یہ مضمون ایک حدیث کا ہے ۱۲ م۔

اَللّٰھُمَّ لَا اُحْصِیْ ثَنَاءً عَلَیْکَ اَنْتَ
کَمَا اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِکَ "

(۱۵۰) حضرت گنگوہی نور اللہ مرقدہٗ کے نواسے حضرت حافظ محمد یعقوب صاحب گنگوہی زیارت و عیادت کے لئے تشریف لائے ان کے ساتھ ان ہی کے گھرانے کی کوئی خاتون بھی تھیں (غالباً ان کی صاحبزادی ہی تھیں) وہ بھی حضرت مولانا کی عیادت کیلئے تشریف لائی تھیں، حضرت نے ان کو بھی بپردہ حجرہ ہی میں بلوالیا۔ ان کو خطاب کرتے ہوئے جو کچھ اس وقت حضرت نے فرمایا تھا اس کے چند فقرے قلم بند کر لئے گئے تھے جو درج ذیل ہیں۔

فرمایا ــــ "مَنْ لَمْ یَشْکُرِ النَّاسَ لَمْ یَشْکُرِ اللّٰہَ" مجھے دین کی نعمت آپ کے گھرانے سے ملی ہے، میں آپ کے گھر کا غلام ہوں۔ غلام کے پاس اگر کوئی اچھی چیز آجائے تو اسے چاہیئے کہ تحفہ میں اپنے آقا کے سامنے پیش کردے، مجھ غلام کے پاس آپ ہی کے گھر سے حاصل کیا ہوا "وراثت نبوت" کا تحفہ ہے اس کے سوا اور اس سے بہتر میرے پاس کوئی سوغات نہیں ہے۔ جسے میں پیش کرسکوں۔

دین کیا ہے؟ ہر موقع پر اللہ کے امر کو تلاش کرتے ہوئے اور ان کا دھیان کرتے ہوئے اور اپنے نفس کے تقاضے کی آمیزش سے بچتے ہوئے اُن کی تعمیل میں لگے رہنا اور اس کے حکموں کی تلاش اور دھیان کے بغیر کاموں میں لگنا ہی رذیلہ ہے۔

آپ کا خصوصی اور امتیازی فریضہ ہے۔ آپ کو ان کی ایسی تعظیم کرنی چاہیئے جیسی کہ آخرالزمین کی کی جاتی ہے۔ وہ آپ لوگوں کے لئے علم نبوی کے حصول کا ذریعہ ہیں اور جس شخص نے کسی کو علم دین کی ایک بات بھی بتلائی وہ اس کا مولیٰ ہو جاتا ہے۔ پھر علم دین کے مستقل اساتذہ کا جو حق ہے وہ سمجھا جا سکتا ہے بلکہ ان کے درمیان کچھ نزاعات بھی ہوں تب بھی ادب و تعظیم کا تعلق سب کے ساتھ یکساں رہنا چاہیئے خواہ محبت و عقیدت کسی کے ساتھ کم اور کسی کے ساتھ زیادہ ہو لیکن عظمت میں فرق نہ آنا چاہیئے اور دل میں ان کی طرف سے بدی نہ آنا چاہیئے۔ قرآن مجید نے تو ہر مومن کا یہ حق بتایا ہے کہ ان کی طرف سے اپنے دلوں کے صاف رہنے کی اللہ تعالیٰ سے دعا کی جایا کرے۔ فرمایا: وَلَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا (اور نہ رکھ ہمارے دلوں میں ایمان والوں کا کینہ۔)

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے:۔ لَا یُبَلِّغُنِیْ اَحَدٌ عَنْ اَحَدٍ شَیْئًا فَاِنِّیْ اُحِبُّ اَنْ اَخْرُجَ اِلَیْکُمْ وَاَنَا سَلِیْمُ الصَّدْرِ (تم میں سے کوئی مجھے ایک دوسرے کی نہ پہنچایا کرے۔ میں چاہتا ہوں میں جب تمہارے پاس آؤں تو میرا سینہ سب کی طرف سے صاف ہو۔)

اللہ کی خاص مدد حاصل کرنے کی یقینی اور شرطیہ تدبیر یہ ہے کہ
اس کے دین کی مدد کی جائے۔

"اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ يَنْصُرْكُمْ"

اگر تم اللہ کے دین کی مدد کرو تو ہلاک کرنے والی چیزیں تمہارے
لئے زندگی اور راحت کا سامان بن جائیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے
بھی جان سے اللہ کے دین کی مدد کی تو اللہ نے آگ کو ان کے حق میں گلزار
بنادیا۔ ایسے ہی حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کی قوم کو اس دریا نے جس
کی خاصیت ڈبونا ہے، سلامتی کے ساتھ ساحل تک پہنچا دیا۔

(۱۵۱) آج بتاریخ ۲ جمادی الاولیٰ ۱۳۶۳ھ بروز چہار شنبہ رات
میں دارالعلوم دیوبند کے طلباء کی ایک جماعت آئی ہے رات بوقت
عشاء حضرت کو اسہال کا ایک دورہ ہو گیا تھا جس سے ضعف
انتہا کو پہنچا ہوا ہے، بات کرنے کی طاقت نہیں ہے بعد نماز
فجر خاکسار مرتب کو بلایا اور ارشاد فرمایا:

"کان بالکل میرے لبوں سے لگا دو اور سنو، یہ طلباء اللہ کی امانت
اور اس کا عطیہ ہیں۔ اس کی قدر اور اس نعمت کا شکر یہ ہے کہ ان کا وقت
ان کی حیثیت کے مناسب پورے اہتمام سے کام میں لگایا جائے اور
ذرا سا وقت بھی ضائع نہ جائے۔ یہ بہت کم وقت لے کے آئے ہیں۔
پہلے میری یہ دو تین باتیں انہیں پہنچا دو:

(۱) اپنے تمام اساتذہ کی توقیر اور ان سب کا ادب احترام

رہیں اور اس فکر کے بوجھ کے ساتھ زندگی گزاریں کہ جو کچھ
پڑھا ہے اور پڑھیں گے اس کے مطابق زندگی گزرے
علم دین کا یہ پہلا لازمی حق ہے، دین کوئی فن اور فلسفہ نہیں
ہے بلکہ زندگی گزارنے کا وہ طریقہ ہے جو انبیاء علیہم السلام
لے کر آئے ہیں۔ اللہ کے رسولؐ نے "علم لاینفع" سے
(یعنی اس علم سے جو عمل پر نہ ڈالے) پناہ مانگی ہے، اور
اس کے علاوہ بھی عالم بے عمل کے لئے جو سخت وعیدیں
قرآن و حدیث میں آئی ہیں وہ آپ کے علم میں ہیں۔ یہ بھی
سمجھ لینا چاہئے کہ عالم کی بے عملی نماز نہ پڑھنا اور روزہ
نہ رکھنا، شراب پینا یا زنا کرنا نہیں ہے، یہ عامیوں کے
عام گناہ ہیں، عالم کا گناہ یہ ہے کہ وہ علم پر عمل نہ کرے
اور اس کا حق ادا نہ کرے۔

قریباں را بیش بود حیرانی

قرآن مجید میں علماء اہل کتاب کے متعلق فرمایا گیا ہے:
فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِيثَاقَهُمْ لَعَنَّاهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوبَهُمْ
قَاسِيَةً (ان کی عہد شکنی کی وجہ سے ان پر لعنت کی اور ان کے دلوں کو سخت کر دیا)

(۳) تیسری بات ان طلباء سے یہ کہی جائے کہ ان کا وقت
بڑا قیمتی ہے اور وہ بہت تھوڑا وقت لے کر آئے ہیں لہٰذا
ان کا ایک لمحہ بھی ضائع نہ کریں، بلکہ یہاں کے اصولوں کے

اور بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے اپنے وفات کی دعا اس وقت مانگی جبکہ امت بہت پھیلنے لگی اور آپ کو خطرہ ہوا کہ کہیں ناواقفی کی وجہ سے کسی کے دل میں میری طرف سے کوئی میل نہ آجائے اور مبادا پھر وہ کہیں برباد نہ ہو جائے (اسی سلسلے میں فرمایا)

ان چیزوں کا اجر (یعنی بڑوں چھوٹوں کے حقوق کی رعایت کا اجر جس کا دوسرا نام (اصلاح ذات البین ہے) ارکان سے کم نہیں ہے بلکہ زیادہ ہی ہے۔ ارکان کی کیفیت کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سے جو زندگی چاہتے ہیں وہ ان ارکان سے پیدا ہو سکتی ہے نیز اس اصلاح ذات البین کا تعلق حقوق العباد سے ہے اور اللہ تعالیٰ تو اپنے بندوں کے حق میں شفیق و کریم اور رؤف و رحیم ہے، اس کے کرم سے تو معافی ہی کی زیادہ امید ہے لیکن بندے تو ایسے ہی ہیں جیسے کہ تم خود ہو لہٰذا ان کے حقوق کی ادائیگی کا معاملہ نہایت اہم ہے اور پھر اس شعبہ میں علم دین کے اساتذہ کے حقوق کا معاملہ اور بھی زیادہ نازک ہے، تو ان طلباء کو میرا ایک پیغام تو یہ پہنچا دو کہ اپنی زندگی کے اس پہلو کی اصلاح کی خاص طور سے فکر کریں۔

(۲) اور دوسری بات یہ ہے کہ وہ ہمیشہ اس فکر میں لگے

پھر اسی سلسلہ میں فرمایا۔

جتنی ضرورت اس کی ہے کہ اللہ ہی سے امیدیں رکھی جائیں۔ اتنی ہی ضرورت اس کوشش کی ہے کہ غیر اللہ سے امیدیں نہ رکھی جائیں؛ بلکہ ماسوا اللہ سے بالکل صرفِ نظر کرکے کام کرنے کی مشق کی جائے۔

"اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلَی اللّٰہِ"

حدیث میں ہے کہ جو لوگ غیروں سے کچھ امیدیں رکھ کر اچھے کام کریں گے قیامت میں ان سے کہہ دیا جائے گا کہ جاؤ، انہیں سے جاکر اپنا اجر لو۔

(۱۵۳) انہی طلباء سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا:

"اقامتِ صلوٰۃ ساری زندگی کو درست کرنے والی چیز ہے۔ لیکن اقامتِ صلوٰۃ کی تکمیل ہوگی ان اوصاف کے پیدا کرنے سے جن کا ذکر نماز کے سلسلہ میں قرآن مجید میں متفرق طور پر کیا گیا ہے۔ مثلاً فرمایا گیا:-

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ ھُمْ فِیْ صَلٰوتِہِمْ خٰشِعُوْنَ ہ"

اور سورۂ بقرہ کے پہلے رکوع "اَلَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ وَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ" الخ کے بعد فرمایا گیا "اُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ہ"

ان دونوں آیتوں کو ملانے سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ خشوع فی الصلوٰۃ بھی اقامتِ صلوٰۃ میں داخل ہے اور بغیر خشوع کے نماز پڑھنے والے "مقیمینِ صلوٰۃ" نہیں ہیں۔ اور نمازوں میں خشوع پیدا کرنے کی ترکیب تدبیر کی طرف دوسری آیت میں اشارہ کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سامنے حضوری

مطابق تعلیم و مذاکرہ کے کاموں میں لگے رہیں۔ بڑا توں سے باتیں کریں اور ان کے ساتھ رہیں اور انہی کی معیت میں شہر (دہلی) کے عربی مدرسوں میں جاکر کام کریں۔

(۱۵۲) دیوبند سے طلبا کی جو جماعت رات آئی ہے پہلے تو اس کو مسند رجۂ بالا پیغام دیا اس کے بعد جب چائے پینے کے لئے یہمان حضرات حسب دستور حضرت کے قریب آکر بیٹھے تو حضرت نے ان طلباء سے خود بہ نفس نفیس گفتگو فرمائی چاہی اور نہایت نحیف آواز میں فرمایا۔

"آپ لوگ یہاں کیوں آئے ہیں؟ دیوبند جیسے بڑے مدرسے کے شفیق اساتذہ، اچھی شاندار عمارتوں والے اقامت خانے اور اپنا مانوس ماحول چھوڑ کے آپ یہاں کس واسطے آئے ہیں (پھر خود ہی اپنے اس سوال کا یہ جواب دیا)

اس لئے کہ اللہ کی باتوں کو فروغ دینے کی کوششوں میں جان دینے کے شوق کو زندہ کریں اور اس کا طریقہ سیکھیں اور اس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو وعدے ہیں یقین کے ساتھ ان سے امیدیں لگاتے ہوئے اور اس کے غیر سے بالکل امیدیں نہ رکھتے ہوئے بلکہ غیروں سے امیدیں منقطع کرتے ہوئے کام کرنا سیکھیں۔

" جَاهِدُوْا فِى اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ هُوَاجْتَبٰكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِى الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ "

ظاہر و باطن کی جو قوتیں ہم کو دی ہیں، مثلاً فکر و رائے اور ہاتھ پاؤں یہ سب اللہ تعالیٰ کا عطیہ ہیں اور اللہ کے کاموں میں اور اس کے دین کے لئے ان چیزوں کا استعمال کرنا بھی اس میں شامل ہے۔

(۱۵۷) ان طلباء دین سے فرمایا ـــــ تم اپنی قدر و قیمت تو سمجھو دنیا بھر کے خزانے بھی تمہاری قیمت نہیں۔ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی بھی تمہاری قیمت نہیں لگا سکتا، تم انبیاء علیہم السّلام کے نائبین ہو جو ساری دنیا سے کہتے ہیں "اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلَی اللّٰهِ" تمہارا کام یہ ہے کہ سب سے امیدیں منقطع کرتے ہوئے اور صرف اللہ کے اجر پر یقین و اعتماد رکھتے ہوئے تواضع اور تذلل سے مومنین کی خدمت کرو۔ اسی سے عبدیت کی تکمیل و تزئین ہوگی۔

(۱۵۸) ایک مشہور دینی جماعت کے ممتاز کارکن اور رہنما عیادت اور زیارت کے لئے تشریف لائے، حضرت نے ان سے گفتگو کرتے ہوئے فرمایا:

"ہمارے ہاں حساب کتاب نہیں رہتا۔ دینی کام کرنے والوں کو بھی حساب کتاب کی ضرورت اس لئے ہوگئی ہے کہ وہ اعتماد اور اطمینان باقی نہیں رہا جس کے بعد کسی حساب و کتاب کی ضرورت نہیں رہتی، اگر اپنے طرزِ عمل سے وہی اعتماد پھر پیدا کر لیا جائے تو حساب و کتاب میں جو وقت صرف ہوتا ہے وہ خالص دینی کاموں ہی کے لئے بچ رہے۔"

(۱۵۹) ہندوستان کی ایک مشہور سیاسی و مذہبی مجلس کے ایک بڑے رہنما (جو ہندوستان کے ایک بہت بڑے اور سحر بیان

کے یقین کو زیادہ سے زیادہ بڑھایا جائے۔

وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخَاشِعِيْنَ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ۝

فرمایا ــــ "مُلٰقُوْا رَبِّهِمْ" کو آخرت سے مخصوص کرنے کی کوئی وجہ نہیں، اللہ کے بندوں کو نماز کی جیسی حالت میں جو حضوری نصیب ہوتی ہے، وہ بھی اسکی مصداق ہے۔

(۱۵۴) اسی سلسلہ میں فرمایا ــــ "قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ" اور "اُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ" میں جس فلاح اور کامیابی کا وعدہ ہے اس کو صرف فلاح اخروی ہی میں منحصر کرنے کی کوئی وجہ نہیں بلکہ دنیا میں کامیابی و کامرانی بھی اسی میں داخل ہے۔ اور مطلب یہ ہے کہ جن لوگوں میں یہ ایمانی اوصاف ہوں، ہماری غیبی مدد دنیا میں بھی ان کا راستہ صاف کرنے اور فلاح و کامرانی تک ان کو پہنچانے کی ذمہ دار ہے۔

(۱۵۵) اسی سلسلہ میں فرمایا ــــ غیبی مدد اور غیبی طاقت جس چیز کا نام ہے وہ پہلے سے حوالے نہیں کی جاتی بلکہ عین وقت پر ساتھ کر دی جایا کرتی ہے گویا اللہ کے خزانے میں جمع ہے اور ایمان و توکل کی شرط یہ ہے کہ اس پر اعتماد اپنے ہاتھ کی مکسوبہ (حاصل کی ہوئی) طاقت سے زیادہ ہونا چاہیے۔

(۱۵۶) اسی سلسلہ میں فرمایا ــــ "وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ" کو صرف مال و دولت سے مخصوص کرنے کی کوئی وجہ نہیں، بلکہ اللہ تعالیٰ نے

میں نے سوچا کہ ان کے ساتھ میری محنت کا نتیجہ اس کے سوا اور کیا ہوگا کہ جو لوگ عالم بننے ہی کے لئے مدرسوں میں آتے ہیں مجھ سے پڑھنے کے بعد بھی وہ عالم مولوی بن جائیں گے اور پھر ان کے مشاغل بھی وہی ہوں گے جو آجکل عام طور سے اختیار کئے جاتے ہیں، کوئی طب پڑھ کر مطب کرے گا کوئی یونیورسٹی کا امتحان دے کر اسکول کالج میں نوکری کرے گا کوئی مدرسہ میں بیٹھ کر پڑھاتا ہی رہے گا۔ اس سے زیادہ اور کچھ نہ ہوگا۔ یہ سوچ کر مدرسہ میں پڑھانے سے میرا دل ہٹ گیا اس کے بعد ایک وقت آیا جب میرے حضرت نے مجھ کو اجازت دے دی تھی تو میں نے طالبین کو ذکر کی تلقین شروع کی اور ادھر میری توجہ زیادہ ہوئی۔ اللہ کا کرنا۔ آنے والوں پر اتنی جلدی کیفیات اور احوال کا ورود شروع ہوا اور اتنی تیزی سے حالات میں ترقی ہوئی کہ خود مجھے حیرت ہوئی اور میں سوچنے لگا کہ یہ کیا ہو رہا ہے اور اس کام میں لگے رہنے کا نتیجہ کیا نکلے گا؟ زیادہ سے زیادہ یہی کہ کچھ اصحاب احوال اور ذاکر شاغل لوگ پیدا ہو جائیں، پھر لوگوں میں ان کی شہرت ہو جائے تو مقدمہ جیتنے کی دعا کے لئے، کوئی اولاد کے لئے تعویذ کی درخواست کرے کوئی تجارت اور کاروبار میں ترقی کی دعا کرائے اور زیادہ سے زیادہ یہ کہ ان کے ذریعہ بھی آگے کو چند طالبین میں ذکر و تلقین کا سلسلہ چلے۔ یہ سوچ کر ادھر بھی میری توجہ ہٹ گئی اور میں نے یہ طے کیا کہ اللہ تعالیٰ نے ظاہر و باطن کی جو قوتیں عطا فرمائی ہیں ان کا صحیح مصرف یہ ہے کہ ان کو اسی کام میں لگایا جائے جس میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی قوتیں صرف فرمائیں اور وہ کام ہے اللہ کے بندوں اور خاص کر غافلوں اور بے طلبوں

خطیب بھی ہیں) عیادت اور زیارت کو تشریف لائے۔ دو دن پہلے حضرت پر نہایت سخت دورہ پڑ چکا تھا جس کی وجہ سے اس قدر ضعف ہو گیا تھا کہ اکثر اوقات لبوں پر کان رکھ کے بات سنی جا سکتی تھی۔ جب ان صاحب کی آمد کی اطلاع دی گئی تو اس ناچیز (مرتب ملفوظات) کو طلب فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ مجھے ان سے بات کرنا ضروری ہے، لیکن صورت یہ ہوگی کہ اپنا کان میرے منہ کے قریب کر دینا اور جو کچھ میں کہوں وہ ان سے تم کہتے جانا۔ چنانچہ وہ صاحب جب اندر تشریف لائے تو بات شروع تو میرے ہی ذریعہ سے فرمائی لیکن دو تین منٹ ہی بعد اللہ تعالیٰ نے اتنی قوت عطا فرما دی کہ قریبا آدھ گھنٹے تک مسلسل تقریر فرماتے رہے۔ اس مجلس کے جو ارشادات قلمبند کئے جا سکتے تھے وہ ذیل میں درج کئے جاتے ہیں

فرمایا مسلم کا مسلم سے ملنا بس اسلام کے فروغ کے لئے ہے ورنہ مسلموں اور غیر مسلموں کی ملاقاتوں میں کیا فرق ہے؟ آپ یہاں کچھ دن رہ کر ہمارے کام کا مطالعہ کریں۔ اس کے بغیر ہماری بات کا سمجھ میں آنا اور ہمارے مقاصد کو پانا مشکل ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ تعلیمات محمدیہ مردہ ہو چکے ہیں، ان کو زندہ کرنا ہے اور بس اسی کی کوششوں میں مرنا ہے۔

میں نے شروع میں مدرسہ پڑھایا (یعنی مدرسہ میں درس دیا) تو طلباء کا ہجوم ہوا اور اچھے اچھے صاحب استعداد طلباء کثرت سے آنے لگے۔

ان صاحب نے جو حضرت سے عقیدت اور نیاز مندی کا بھی تعلق رکھتے تھے۔ حضرت کے ارشادات سن کر عرض کیا کہ جوانی اور طاقت کا سارا زمانہ تو دوسرے کاموں میں صرف ہوگیا۔ اس وقت کسی بزرگ نے نہ کھینچا، اب میں بوڑھا ہوگیا اور کسی نئے کام کی ہمت و طاقت نہیں رہی تو حضرت مجھ سے اپنا کام لینا چاہتے ہیں۔ اب میں کسی کام نہیں رہا ہوں۔

حضرت نے ارشاد فرمایا ــــــ اگر فی الحقیقت آپ پہلے یہ سمجھتے تھے کہ آپ میں کچھ طاقت و قوت ہے اور آپ کچھ کر سکتے ہیں تو اس وقت آپ اللہ کے کام کے قابل نہ تھے اور اگر اب آپ کو یہ یقین ہو گیا ہے کہ آپ میں کوئی قوت و طاقت نہیں ہے اور آپ کچھ بھی نہیں کر سکتے ہیں تو اب ہی آپ اللہ کے کام کے قابل ہوئے ہیں۔ اللہ کا کام کرنے اور اس کی مدد کے مستحق ہونے کے شرائط میں سے یہ ہے کہ آدمی اپنے آپ کو بالکل عاجز و لاچار سمجھے اور صرف اللہ ہی کو کارساز یقین کرے، اس کے بغیر مدد نہیں ہوتی۔ حدیث قدسی میں ہے کہ "میں انہیں کے ساتھ ہوں جن کے دل ٹوٹے ہوئے ہیں"۔

فرمایا ــــــ میں سیاسی کام کرنے والوں کا بھی ممنون ہوں، انہوں نے گورنمنٹ کو اپنی طرف متوجہ کئے رکھا، جس کی وجہ سے میں اتنے دنوں اطمینان سے اپنا کام کر سکا۔

کو اللہ کی طرف لانا اور اللہ کی باتوں کو فروغ دینے کے لئے جان کو بے قیمت کرنے کا رواج دینا۔ بس یہی ہماری تحریک ہے اور یہی ہم سب سے کہتے ہیں۔ یہ کام اگر ہونے لگے تو اب سے ہزاروں گنے زیادہ مدرسے اور ہزاروں گنی زیادہ ہی خانقاہیں قائم ہو جائیں۔ بلکہ ہر مسلمان مدرسہ اور خانقاہ ہو جائے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی نعمت اس عمومی انداز سے بٹنے لگے جو اس کے شایانِ شان ہے۔

حضرات! اللہ تعالیٰ نے آپ کو ایک قوت دی ہے۔ اس سے میرا مطلب بیان و تقریر کی قوت نہیں ہے بلکہ میرا مقصد یہ ہے کہ آپ ایک جماعت کے بڑے اور ایک کے مطاع ہیں، ہزاروں آدمی آپ کی بات مانتے ہیں، آپ ان کو متوجہ کیجئے کہ ہمارے آدمیوں کے ساتھ کچھ دنوں رہ کر وہ ہمارے کام کو سمجھیں اور سیکھیں اور پھر اپنے حلقوں میں یہ کام کریں۔ اس سے انشاء اللہ وہ بہت کام کے بن جائیں گے۔

حضرات! ایمان کے دو بازو ہیں ایک اللہ و رسولؐ کے دشمنوں پر غلظت و شدت اور دوسرے اللہ و رسولؐ کے ماننے والوں اور محبوں پر شفقت و رحمت اور ان کے مقابلے میں فروتنی اور ذلت۔

"اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ
اَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ"

ایمان والوں کی ترقی و پرواز کے لئے یہ دونوں بازو ضروری ہیں۔ ایک بازو سے کوئی جانور بھی نہیں اڑ سکتا۔

ٹھیک نہیں ہے۔ آخر وہ مومن و مسلم ہیں۔ حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ کے فیوض بھی ان کے اندر ضرور ہوں گے۔ قرآن مجید کے علمی انوار بھی ان کے پاس ہیں۔ جس شخص میں خیر کے اتنے پہلو ہوں اس سے اتنی دوری اختیار کر لینا خود اپنا نقصان کرنا ہے لہٰذا خود مجھے جا کر ان کی زیارت کرنی چاہیئے اور ان کے ان دینی کمالات کی وجہ سے مجھے ان کا اکرام کرنا چاہیئے۔ اور ان کی جس بات سے میرا دل دکھا اس میں یہ بھی احتمال ہے کہ یہ باتیں ان سے کسی دوسرے شخص نے اسی طرح کہی ہوں اور ان کی غلطی صرف اتنی ہی ہو کہ انہوں نے ان کو صحیح سمجھ کے اس عام موقع پر نقل کر دیا ہو اسی طرح کی کوئی اور اجتہادی غلطی اس معاملہ میں ان سے ہوئی ہو۔ بہر حال یہ غلطی ایسی نہیں ہے جس کی وجہ سے ان کو اس طرح چھوڑ دینا میرے لئے درست ہو۔

فرمایا ــــــ یہ باتیں میں نے اپنے نفس کو تنہائیوں میں بیٹھ بیٹھ کے سمجھائیں اور میری ان باتوں کے جواب میں میرے نفس نے جو جو حجتیں پیش کیں، میں نے ان سب کو دلیلوں سے رد کیا اور "زیارت مسلم" اور "اکرام مسلم" پر جن جن اجروں کی بشارتیں نصوص میں وارد ہوئی ہیں میں نے ان کو یاد کیا اور اپنے نفس کو یاد دلایا اور بالآخر خود ان کے پاس جانے کا ارادہ کیا۔

پھر مجھے اس میں تردد ہوا کہ مجھے اس وقت انکے پاس صرف شرعی زیارت ہی کی نیت سے جانا چاہیئے یا دینی دعوت پیش کرنے کا قصد کرنا چاہیئے (یعنی ان دونوں صورتوں میں کون سی اولیٰ اور احب الی اللہ

آخر میں رخصت ہوتے وقت ان صاحب نے دعا کی درخواست کی تو اس پر فرمایا:

"حضرت! ہر مسلمان کے لئے اس کی غیبت میں دعا کرنا درحقیقت اپنے لئے دعا کرنا ہے۔ حدیث میں ہے کہ جب کوئی مسلمان اپنے کسی مسلمان بھائی کے لئے خیر و فلاح کی کوئی دعا کرتا ہے تو اللہ کے فرشتے کہتے ہیں۔ وَلَكَ مِثْلُ ذٰلِكَ یعنی اے اللہ کے بندے یہی چیز اللہ تجھے بھی دے۔ پس ہر مسلمان کے لئے کسی بہتری کی دعا درحقیقت فرشتوں سے اپنے لئے دعا کرانے کی ایک یقینی تدبیر ہے۔"

قسط نمبر ۱۷

(۱۶۰) فرمایا — اس دینی دعوت کے سلسلہ میں ہر طبقہ کے مسلمانوں سے ملنا اور ان سب کو اس کی طرف لانے کی سعی کرنا ضروری ہے۔ میں اپنا ایک واقعہ سناتا ہوں (اس کے بعد مولانا نے ایک مشہور عالم دین کے متعلق جو اس عصر کے بڑے عالم اور شیخ الہند مولانا محمود الحسن صاحبؒ کے ممتاز شاگردوں میں سے ہیں، بتایا) کہ انہوں نے ایک دفعہ بر سر عام حضرت مولانا...... نور اللہ مرقدہٗ کے متعلق بہت ہی خراب اور بالکل ہی غلط بعض باتیں کہیں جس سے میرا بہت ہی دل دکھا۔ اور میری حالت یہ ہو گئی کہ میں ان کی صورت دیکھنا نہیں چاہتا تھا..... کچھ دنوں بعد جب میں اس کام میں لگا ہوں تو ایک دن میرے دل میں آیا کہ ان صاحب کے متعلق میرا یہ طرز عمل

میرے اس کام کے متعلق پوری معلومات نہ ہونے کی وجہ سے کبھی کچھ شکوک بھی ہوئے تو انہوں نے بھی میری وجہ سے سکوت اختیار کیا اور اپنے اختلاف رائے کو ظاہر نہیں فرمایا، میری وہ خصوصیات یہ ہیں :

ایک تو یہ کہ میری نیاز مندی کا تعلق اپنے زمانہ کے سب ہی بزرگوں سے رہا اور الحمد للہ سب کی عنایات اور سب کا اعتماد مجھے حاصل رہا۔

دوسرے یہ کہ میرے والد ماجد ایک عالی مرتبہ اور متفق علیہ بزرگ تھے۔ اور باہم بہت سے اختلافات رکھنے والے اہل دین کے مختلف طبقے ان پر متفق تھے۔

تیسرے یہ کہ میرا خاندان ایک خاص اثر اور عزت و وجاہت رکھنے والا خاندان تھا۔

(۱۶۳) فرمایا ـــــ علماء حق کو میرا یہ پیغام ادب و احترام کے ساتھ پہنچاؤ کہ آپ لوگوں کو میری اس تحریک کے متعلق جو حسن ظن یا کچھ توجہ ہوئی ہے تو وہ ان بچارے ان پڑھ میواتیوں کے بیان کرنے یا ان میں کچھ اصلاحی تغیر کے مشاہدہ سے ہوئی ہے جو پہلے گوبر تک پوجتے تھے اور اس لئے اگلے مشرکوں سے بھی گھٹیا تھے (کیونکہ وہ تو خوبصورت مورتیوں اور چمکدار پتھروں ہی کو پوجا کرتے تھے) تو ایسے گرے ہوئے لوگوں کی خبر رسانی یا مشاہدہ سے کام کا صحیح اندازہ کیونکر ہو سکتا ہے۔ آپ جیسے حضرات اگر براہ راست مجھ سے مل کر اس کام کو سمجھیں تو اصل قدر و قیمت معلوم ہو۔

(۱۶۴) فرمایا ـــــ ہماری اس تحریک کا ایک خاص مقصد یہ ہے کہ مسلمانوں

ہے، بالآخر میں نے یہ طے کیا کہ "زیارت" اور "دعوت" کی مستقل نیت کر کے مجھے ان کی خدمت میں حاضر ہونا چاہیئے۔ اس میں ان شاء اللہ دونوں چیزوں کا پورا پورا ثواب ملے گا۔ چنانچہ میں نے ایسا ہی کیا اور یہ ملاقات پھر بہت سی برکتوں اور بہت سے فائدوں کا ذریعہ بنی۔

(۱۶۱) اسی سلسلۂ کلام میں فرمایا ـــــ ہمارے بعض خاص حضرات میرے اس رویہ سے ناراض ہیں کہ میں اس دینی کام کے سلسلہ میں ہر طرح اور ہر وضع کے لوگوں اور مسلمانوں کے ہر گروہ کے آدمیوں سے ملتا ہوں اور ملنا چاہتا ہوں اور اپنے لوگوں سے بھی ان کے ساتھ ملنے جلنے کو کہتا ہوں لیکن میں اپنے حضرات کی اس ناراضی کو سہنا اور ان کو معذور قرار دیتے ہوئے ان کو بھی اسی طرف لانے کی پوری سعی کرتے رہنا اپنا شکر واجب کا ایک جزو سمجھتا ہوں۔

ع چو حق بر تو باشد تو بر خلق باش

ان حضرات کا خیال ہے کہ یہ طرز عمل ہمارے حضرت نور اللہ مرقدہٗ کے طریقہ اور مذاق کے خلاف ہے۔ لیکن میرا کہنا یہ ہے کہ جس چیز کا دین کیلئے نافع اور نہایت مفید ہونا دلائل اور تجربہ سے معلوم ہو گیا اس کو صرف اس لئے اختیار نہ کرنا کہ ہمارے شیخ نے یہ نہیں کیا، بڑی غلطی ہے۔ شیخ، شیخ ہی تو ہے خدا تو نہیں ہے۔

(۱۶۲) فرمایا ـــــ اس دینی کام (تبلیغ دین اور اصلاح امت کی عوامی تحریک) کی طرف مجھے متوجہ کرنا اللہ تعالیٰ کی ایک خاص تائید ہے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مجھے کچھ ایسی خصوصیات حاصل تھیں کہ جن بعض اکابر کو

گئے تھے بس اسی پر قائم رہنا ہی ان حضرات کے نزدیک خیریت کا معیار تھا

(۱۶۸) فرمایا ــــ اللہ سے اس کا فضل اور رزق وغیرہ تو مانگنا فرض ہے اور اپنی عبادت و خدمت وغیرہ کا دنیا ہی میں معاوضہ چاہنا حرام ہے۔

(۱۶۹) فرمایا ــــ کسی مسلمان کو اس کی بے راہ روی کی وجہ سے قطعی طور سے کافر کہنا اور خلود فی النّار والی تکفیر کرنا بڑا بھاری کام ہے باں کُفْرٌ دُوْنَ کُفْرٍ کا اصول صحیح ہے۔ تمام معاصی کفر ہی کے فروع اور اس کی اولاد ہیں اور اسی طرح تمام معروفات ایمان کی آل اولاد ہیں ـ بس ہماری یہ تحریک درحقیقت تجدید ایمان اور تکمیل ایمان کی تحریک ہے۔

(۱۷۰) فرمایا ــــ اِتَّخَذُوْا دِیْنَهُمْ لَهْوًا وَّلَعِبًا ۔ دین کا سوئی کو بے مقصد یا طاعت امرِ الٰہی و رضاء خداوندی اور ثواب اخروی کے سوا اور مقاصد کے لئے کرنا بھی دین کو لہو و لعب بنانا ہے۔

(۱۷۱) فرمایا ــــ ظُنُّوْا الْمُؤْمِنِیْنَ خَیْرًا" اور اِنَّ حُسْنَ الظَّنِّ مِنَ الْعِبَادَةِ" کا حکم اس حالت میں ہے کہ جب کسی سے کوئی معاملہ کرنا نہ ہو تو اس وقت صرف حسن ظن سے ہی کام لینا چاہئے اور جب معاملہ کرنا ہو تو اس وقت کے لئے "اَلْحَزْمُ سُوْءُ الظَّنِّ" کا حکم ہے۔ محامل اور مواقع کا فرق نہ سمجھنے سے نصوص میں بڑی غلط فہمیاں ہوتی ہیں۔

(۱۷۲) فرمایا ــــ ہمارے سب کام کرنے والوں کو یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کرلینی چاہئے کہ تبلیغ کے لئے باہر جانے کے زمانہ میں بالخصوص علم اور ذکر کی طرف بہت زیادہ توجہ کریں۔ علم اور ذکر میں ترقی کے بغیر دینی ترقی ممکن

کے سارے جذبات پر دین کے جذبہ کو غالب کرکے اور اس راست سے مقصد کی وحدت پیدا کرکے اور "اکرام مسلم" کے اصول کو رواج دے کے پوری قوم کو اس حدیث کا مصداق بنایا جائے:۔

اَلْمُسْلِمُوْنَ کَجَسَدٍ وَّاحِدٍ

(۱۶۵) فرمایا ـــــ ہمارے اس کام میں اخلاص اور صدق دلی کیساتھ اجتماعیت اور شُوْرٰی بَیْنَهُمْ کی (یعنی مل جُل کر اور باہمی مشورہ سے کام کرنے کی) بڑی ضرورت ہے اور اس کے بغیر بڑا خطرہ ہے۔

(۱۶۶) بعض خدام کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا: "حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ، حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ اور حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے فرماتے تھے کہ میں تمہاری نگرانی سے مستغنی نہیں ہوں"۔ میں بھی آپ لوگوں سے یہی کہتا ہوں کہ میرے احوال پر نظر رکھیے اور جو بات قابل گرفت ہو اس پر ٹوکیئے!!

(۱۶۷) فرمایا ـــــ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے عاملوں کے پاس سے جب کوئی قاصد آتے تو آپ ان سے عاملوں کی خیریت پوچھتے اور ان کے حالات دریافت کرتے، لیکن اس کا مطلب خیریت اور دینی حال پوچھنا ہوتا تھا نہ کہ آجکل کی مروجہ مزاج پرسی۔ چنانچہ ایک عامل کے پاس سے آنے والے قاصد سے جب آپ نے عامل کی خیریت پوچھی تو اس نے کہا:

"وہاں خیریت کہاں ہے؟ میں نے تو ان کے دسترخوان پر دو دو سالن جمع دیکھے"۔

گویا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جس طرز زندگی پر صحابہ کرام کو چھوڑ

تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے مجھے وہ نعمتیں ضرور ملیں گی جن کا وعدہ اس کام پر قرآن پاک اور حدیث میں فرمایا گیا ہے اور وہ یہ یہ ہوں گی۔

بہر حال ان الٰہی وعدوں پر یقین اور ان کی امید کے دھیان کو بار بار تازہ کیا جائے اور اپنے سارے عمل کو اسی یقین اور اسی دھیان سے باندھا جائے۔ بس اسی کا نام "ایمان و احتساب" ہے اور یہی ہمارے اعمال کی روح ہے۔

(۱۷۳) فرمایا۔۔۔۔ ہائے، اللہ کے وعدوں پر یقین نہیں رہا۔ اللہ کے وعدوں پر یقین اور اعتماد پیدا کرو اور پھر اس یقین و اعتماد ہی کی بنیاد پر کام کرنے کی مشق کرو۔ اور اللہ کے وعدوں کے معنیٰ بھی خود نہ گھڑو۔ تمہارا علم اور تجربہ بہت محدود ہے۔ اس کے وعدوں کا مطلب اس کی شان کے مطابق سمجھو اور اس سے یونہی مانگو کہ اپنی شان اور قدرت کے شایان ان وعدوں کو پورا فرما۔ اخروی نعمتوں کی معنویت اور اصل حقیقت تم اس دنیا میں کیا اندازہ کر سکتے ہو۔ اور کیونکر وہ اندازہ صحیح ہو سکتا ہے۔ جب کہ حدیثِ قدسی میں ان نعمتوں کی صفت ہی یہ بیان کی گئی ہے:۔

لَا عَیْنٌ رَاَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰی قَلْبِ بَشَرٍ (یعنی جنت میں ایسی نعمتیں ہیں جو نہ تو کسی آنکھ نے دیکھی ہے اور نہ کسی کان نے ان کا حال سنا ہے اور نہ کسی انسان کے دل میں کبھی ان کا خیال آیا ہے)

افسوس ہم نے اس کے موعود نعمتوں کو اپنے علم و فہم اور اس دنیا کے

نہیں، نیز علم اور ذکر کی تحصیل وتکمیل اس راہ کے اپنے بڑوں سے وابستگی رکھتے ہوئے اور ان کے زیر ہدایت اور ان کی نگرانی میں ہو۔

انبیاء علیہم السلام کا علم وذکر اللہ تعالیٰ کے زیر ہدایت اور اس کے ماتحت ہوتا تھا اور حضرات صحابہ کرامؓ کا علم وذکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت کے ماتحت اور آپ کی نگرانی میں ہوتا تھا۔ پھر ہر زمانہ کے لوگوں کے لئے اس قرآن کے اہل علم اور اہل ذکر گویا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلفاء رہیں، لہذا علم وذکر میں اپنے بڑوں کی نگرانی سے استغناء نہیں۔

یہ بھی ضروری ہے کہ خاص کر باہر نکلنے کے زمانہ میں صرف اپنے خاص مشاغل میں اشتغال رہے اور دوسرے تمام مشاغل سے یکسو رہا جائے اور وہ خاص مشاغل یہ ہیں:

۱۔ تبلیغی گشت ۲۔ علم ۳۔ ذکر ۴۔ دین کے لئے گھر چھوڑ کر نکلنے والے اپنے ساتھیوں کی خصوصاً اور عام خلق اللہ کی عموماً خدمت کی مشق۔

۵۔ تصحیح نیت اور اخلاص واحتساب کا اہتمام۔ اور اتہام نفس کے ساتھ بار بار اس اخلاص واحتساب کی تجدید۔

یعنی اس کام کے لئے نکلتے وقت بھی یہ تصور کرنا اور اثناء سفر میں بھی بار بار اس تصور کو تازہ کرتے رہنا کہ ہمارا یہ نکلنا صرف اللہ کے لئے اور ان نعمائے آخرت کی طمع میں ہے جن کا وعدہ دین کی نصرت وخدمت کرنے اور اس راہ کی تکلیفیں اٹھانے پر فرمایا گیا ہے۔ یعنی بار بار اس دھیان کو دل میں جمایا جائے کہ اگر میرا یہ نکلنا خالصاً مخلصاً ہو گیا اور اللہ تعالیٰ نے اس کو قبول فرمالیا

(۱۷۷) فرمایا ـــــ یہاں تو یہ حال ہے کہ حضرت ابو بکرؓ و حضرت عمرؓ بھی دین کی راہ میں اپنے آپ کو فنا کر دینے کے باوجود اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی کھلی ہوئی اور یقینی بشارتوں کے باوجود اس دنیا سے روتے ہوئے گئے۔

(۱۷۸) فرمایا ـــــ پسند کو مباشرت کے قائم مقام سمجھنا بڑا دھوکا ہے اور شیطان یہی کرتا ہے کہ آدمی کو پسند ہی پر قانع بنا دیتا ہے۔

(اس ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ کسی اچھے کام کو صرف اچھا سمجھ لینے سے اس کام میں شرکت نہیں ہوتی بلکہ اس میں لگنے اور اس کو کرنے ہی سے اس کا حق ادا ہوتا ہے، لیکن بہت سے لوگوں کو شیطان یہ فریب دیتا ہے کہ وہ کام سے متفق ہو جانے کو کام میں لگ جانا اور شریک ہونا سمجھنے لگتے ہیں۔ یہ شیطان کا بڑا دھوکہ ہے)

(۱۷۹) فرمایا ـــــ ہماری یہ تحریک دشمن نواز دوست کش ہے، آجائے جس کا جی چاہے۔

(۱۸۰) فرمایا ـــــ بھئی! اس وقت کفر والحاد بہت طاقتور ہے ایسی حالت میں منتشر اور انفرادی اصلاحی کوششوں سے کام نہیں چل سکتا لہٰذا پوری قوت کے ساتھ اجتماعی جدوجہد ہونی چاہیئے۔

وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِیْعًا

(۱۸۱) فرمایا ـــــ علم و ذکر کو مضبوطی سے تھامنے کی زیادہ سے زیادہ ضرورت ہے مگر علم و ذکر کی حقیقت اچھی طرح سمجھ لینی چاہیئے۔

اپنے مشاہدہ اور تجربہ کے مطابق سمجھ کر اور اس کی امید باندھ کے بڑا گمان کرلیا "لَقَدْ حَجَّرْتُمْ وَاسِعًا" اس کی عطا اور داد و دہش تو اس کے شایانِ شان ہوگی۔

(۱۷۴) فرمایا ــــ تم نے "وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ" کے مقتضیٰ سے جس قدر انحراف کیا اسی قدر "خَلَقَ لَكُمْ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ" کا ظہور کم ہوگیا یعنی جس نسبت سے تمہاری عبدیت میں کمی آئی اسی نسبت سے زمین و آسمان کی کائنات سے تمہاری تمتع (نفع حاصل کرنا) کم ہوگیا۔

کائنات کو تمہارا خادم اسی لئے بنایا گیا تھا کہ تم اللہ تعالیٰ کا کام کرو اور اس کی اطاعت و بندگی اور اس کی مرضیات کے فروغ میں لگے رہو۔ جب تم نے اپنا یہ فریضہ چھوڑ دیا تو زمین و آسمان بھی تم سے پھر گئے۔

قسط نمبر ۱۱

(۱۷۵) فرمایا ــــ جن مقامات کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جانوں کی بازی لگا کے، بلکہ اس جان بازی کے شوق و عشق سے حاصل کرنا بتلایا تھا اور صحابہ کرامؓ نے دین کی راہ میں اپنے کو مٹا کے جو کچھ حاصل کیا تھا تم لوگ اس کو آرام سے لیٹے لیٹے کتابوں سے حاصل کرلینا چاہتے ہو۔

(۱۷۶) فرمایا ــــ جو انعامات و ثمرات خون سے وابستہ تھے ان کے لئے کم از کم پسینہ تو گرانا چاہیئے۔

تو اصلی چیز ہے بس اللہ کے اوامر اور اس کے مواعید دھیان کے ساتھ اللہ کے کاموں میں لگا رہنا، یہی ہمارے نزدیک ذکر کا حاصل ہے۔

اور علم سے مراد دینی مسائل اور دینی علوم کا صرف جاننا نہیں ہے دیکھو یہود اپنی شریعت اور آسمانی علوم کے کیسے عالم تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نائبوں کے نائبوں تک کے حُلیے اور نقشے، حتی کہ اُن کے جسموں کے تِل کے متعلق بھی ان کو علم تھا۔[1] لیکن کیا ان باتوں کے صرف جاننے نے ان کو فائدہ دیا؟

(۱۸۲) اس سلسلے میں فرمایا ——— علم کے لئے جو وضع محمدی تھی (یعنی طلب اور عظمت و محبت کے ساتھ صحبت و اختلاط سے علم حاصل کرنا اور زندگی سے زندگی سیکھنا) اس کی خصوصیت یہ تھی کہ اس کے ذریعہ جتنا علم بڑھتا تھا، اسی قدر اپنے جہل اور اپنے علمی درماندگی کا احساس ترقی کرتا تھا اور علم حاصل کرنے کا جو طریقہ اب رائج ہو گیا ہے اس کا نتیجہ یہ ہے کہ علم جتنا آتا ہے زعم اس سے زیادہ پیدا ہوتا ہے پھر زعم سے کبر پیدا ہوتا ہے اور کبر جنت میں نہیں جانے گا۔ علاوہ ازیں علم کے زعم کے بعد تحصیلِ علم کی تڑپ نہیں رہتی جس کی وجہ سے علمی ترقی ختم ہو جاتی ہے۔

(۱۸۳) ایک صاحب جو تبلیغی جماعت میں جانے کے لئے اپنے

---

[1] بعض روایات میں ہے کہ بعض علماء یہود نے حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے جسم کے کسی خاص حصّہ پر تِل یا تِل کی قسم کا کوئی نشان دیکھ کر ان کے متعلق بتلا دیا تھا کہ یہ شخص نبی آخر الزماں کا خلیفہ ہے اور بیت المقدس انہی کے دور میں فتح ہو گا۔ اس قسم کی متعدد روایات "ازالۃ الخفاء" میں حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے نقل فرمائی ہیں۔ م

ذکر کی حقیقت ہے عدم غفلت اور فرائض دینی کی ادائیگی میں لگا رہنا اعلیٰ درجہ کا ذکر ہے اس لئے دین کی نصرت اور اس کے فروغ کی جد و جہد میں مشغول رہنا ذکر کا اونچا درجہ ہے بشرطیکہ اللہ کے اوامر اور مواعید کا خیال رکھتے ہوئے ہو۔

اور ذکر نفلی اس واسطے ہے کہ آدمی کے جو اوقات فرائض میں مشغول ہوں وہ لایعنی میں نہ گزریں۔ شیطان یہ چاہتا ہے کہ فرائض میں لگنے سے جو روشنی پیدا ہوتی ہے اور جو ترقی حاصل ہوتی ہے وہ لایعنی میں لگا کے اس کو برباد کر دے پس اس سے حفاظت کے لئے ذکر نفلی ہے۔ الغرض فرائض سے جو وقت فارغ ہو اس کو ذکر نفلی سے معمور رکھا جائے تاکہ شیطان لایعنی میں مشغول کر کے ہمیں نقصان نہ پہنچا سکے (نیز ذکر نفلی کا ایک خاص اہم فائدہ یہ بھی ہے کہ اس سے عام دینی کاموں میں ذکر کی شان پیدا ہوتی ہے اور اللہ کے اوامر کی تعمیل میں اور اس کے مواعید کے شوق میں کام کرنے کا ملکہ پیدا ہوتا ہے)

اسی سلسلہ میں فرمایا ــــــ فرائض میں لگنا حتیٰ کہ نماز پڑھنا بھی اگر اللہ کے اوامر اور مواعید کے دھیان کے ساتھ نہ ہو تو اصلی ذکر نہیں بلکہ صرف جوارح کا ذکر ہے اور قلب کی غفلت ہے اور حدیث میں قلب ہی متعلق ہے کہ

إِذَا صَلُحَ صَلُحَ الْجَسَدُ كُلُّهُ وَإِذَا فَسَدَ فَسَدَ الْجَسَدُ كُلُّهُ ۔ (کہ انسان کے وجود میں یہی وہ مرکز ہے کہ اگر وہ ٹھیک ہو تو پھر سب ٹھیک ہے اور اگر وہ خراب ہے تو پھر سب خراب ہے

وضو کرا رہے تھے (مرض الوفات کے آخری ایام میں شدتِ
ضعف کی وجہ سے حضرت کو لیٹے لیٹے وضو کرایا جاتا تھا)
میرے بھتیجے پر حضرت نے ارشاد فرمایا :

"حضرت عبداللہ بن عباسؓ باوجودیکہ علم دین میں ان کا درجہ یہ تھا کہ حضرت فاروق رضی اللہ عنہ ان کو اکابر صحابہ کے ساتھ بٹھلاتے تھے اور باوجودیکہ انہوں نے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کرتے دیکھا تھا اور اس کے بعد مدتوں حضرت ابو بکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کا وضو بھی دیکھا ہوگا پھر بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ کو وضو کراتے تھے اور اس سے ان کا مقصد تعلّم بھی ہوتا تھا۔

(۱۸۷) جو میواتی خدام حضرت کو اس وقت وضو کرا رہے تھے ان کی
طرف اشارہ کرتے ہوئے پھر اس عاجز سے ارشاد فرمایا۔

"میں ابھی ان لوگوں سے یہ کہہ رہا تھا کہ تم یہ سمجھتے ہو کہ میری نماز اچھی ہوتی ہے لہٰذا تم مجھے وضو کراتے وقت بیمار کی خدمت کی نیت کے علاوہ یہ نیت بھی کیا کرو کہ اے اللہ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ تیرے اس بندے کی نماز ہم سے اچھی ہوتی ہے۔ تو ہم اس کو اس لئے وضو کراتے ہیں کہ اس کی نماز کے ثواب میں ہمارا حصہ ہو جائے۔

پھر فرمایا یہ میں ان لوگوں کو بتلاتا ہوں لیکن میں اگر خود یہ سمجھنے لگوں کہ میری نماز ان لوگوں سے اچھی ہوتی ہے تو مردود ہو جاؤں گا اس لئے میں اپنے اللہ سے یوں دعا کرتا ہوں کہ اے اللہ تیرے یہ سادہ دل بندے میرے متعلق یہ گمان رکھتے ہیں کہ میری نماز اچھی ہوتی ہے اور اسی لئے

کو پیش کر چکے تھے۔ انہوں نے حضرت کی خدمت میں سو
روپے بھی پیش کیے، حضرت نے ان کو قبول فرمالیا اور فرمایا
"میرا جی چاہتا ہے کہ جو لوگ دین کے لئے جسم و جان کا حصہ نہیں دیتے
میں ان کا مال نہ لینے کا قسم کھالوں"۔

پھر اسی سلسلے میں فرمایا ـــــ انفاق مال جو عبادت ہے تو یہ
مقصود بالذات نہیں ہے بلکہ اس کی مشروعیت اس واسطے ہے کہ مال
سے وابستگی نہ پیدا ہو۔

(۱۸۴) فرمایا ـــــ عہدِ فاروقی میں اُمّ المؤمنین حضرت زینب رضی اللہ عنہا
کے یہاں جب مالِ غنیمت میں سے ان کا حصہ پہنچا (جو غالباً مقدار میں زیادہ
ہوگا اور اس سے ان کو وابستگی کا اندیشہ پیدا ہوگا) تو بے کل ہوکر دعا فرمائی کہ اے
اللہ اس گھر میں یہ پھر نہ آئے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا یعنی ان کی وفات ہوگئی۔

(۱۸۵) فرمایا ـــــ ایمان یہ ہے کہ اللہ و رسول ﷺ کو جس چیز سے خوشی اور
راحت ہو بندے کو بھی اسی سے خوشی اور راحت ہو اور جس چیز سے اللہ و رسول ﷺ
کو ناگواری اور تکلیف ہو بندے کو بھی اس سے ناگواری اور تکلیف ہو اور تکلیف
جس طرح تلوار سے ہوتی ہے اسی طرح سوئی سے بھی ہوتی ہے۔ بس اللہ اور
رسول ﷺ کو ناگواری اور تکلیف کفر و شرک سے بھی ہوتی ہے اور معاصی سے بھی
لہٰذا ہم کو معاصی سے ناگواری اور تکلیف ہونی چاہیئے۔

(۱۸۶) ایک روز یہ عاجز (مرتبِ ملفوظات) ایسے وقت حضرت کے
حجرے میں پہنچا کہ بعض سواتی خدّام حضرت کو نمازِ ظہر کے لئے

کی آمدنیاں بہت تھیں اور اپنے اوپر خرچ کرنے میں بھی بڑے جز رس واقع ہوئے تھے۔ ان کا کھانا پہننا بہت ہی معمولی تھا اور نہایت سادہ بلکہ فقیرانہ زندگی گزارتے تھے۔ اس کے باوجود ان میں سے بہت سے دنیا سے مقروض ہو گئے، کیونکہ وہ اپنی ساری آمدنی دین کی راہ میں خرچ کر دیتے تھے۔ دراصل مومن کا روپیہ اسی لئے ہے کہ وہ اللہ کے کام آئے۔

(۱۹۱) حجرے میں بچھے ہوئے ایک پلنگ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اس عاجز (مرتب) سے فرمایا:

"یہ پلنگ میری والدہ کے دادا کا ہے اور برابر استعمال میں رہتا ہے" (بعد میں حساب لگایا گیا تو معلوم ہوا کہ تقریباً اسّی برس اس پر گزر چکے ہیں۔)

پھر فرمایا ــــ برکت یہی کہ کوئی چیز عادۃً جس وقت اور جس حالت میں ختم ہو جانی چاہیئے وہ اس میں ختم نہ ہو اور باقی رہے۔

فرمایا ــــ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا سے بعض اوقات کھانے وغیرہ میں برکت کے جو واقعات ہوئے ہیں ان کی نوعیت یہی تھی کہ اصلی چیز ختم نہیں ہوتی تھی۔

(۱۹۲) فرمایا ــــ "کُلَّ یَوْمٍ ھُوَ فِیْ شَاْنٍ" کا مطلب یہ ہے کہ جو کچھ اور جیسے جیسے عظیم الشان اور محیر العقول کام اللہ پاک پہلے کر چکے ہیں ان سے ہزاروں ہزار درجے بڑے کام وہ ہر آن کر سکتے ہیں اور ان کی قدرت کا سلسلہ برابر اپنا کام کرتی رہتی ہے۔

یہ بیچارے مجھے وضو کراتے ہیں۔ تو محض اپنے کرم سے ان کے گمان کی لاج رکھ لے اور میری نماز کو قبول فرمالے اور اس کے ثواب میں اپنے ان بندوں کو بھی بخش دے۔

پھر وضو کرانے والے ان میواتیوں کی طرف مخاطب ہو کر فرمایا:

"تم لوگ ان علماء کی خدمتیں کرو جو ابھی تک تمہاری قوم کو دین سکھانے کی طرف متوجہ نہیں ہوئے ہیں۔ میرا کیا ہے، میں تو تمہارے ملک میں جاتا ہی ہوں، تم نہ بلاؤ جب بھی جاؤں گا، جو علماء ابھی تمہاری طرف متوجہ نہیں ہیں، ان کی خدمتیں کرو گے تو وہ بھی تمہاری قوم کی دینی خدمت کرنے لگیں گے!"

(۱۸۸) فرمایا ــــ شیخ کی خدمت اس لئے اور اس نیت اور اس ارادہ سے کرنی چاہئے کہ اس کے ذریعہ عادت اور مشق ہو جائے اللہ کے بندوں کی خدمت کی۔

پھر فرمایا ــــ نیت کے ساتھ عباد و مومنین کی خدمت 'سیڑھی' ہے عبدیت کی۔

(۱۸۹) مشورہ کی تاکید کرتے ہوئے ایک دفعہ ارشاد فرمایا:

"مشورہ بڑی چیز ہے اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ جب تم مشورہ کیلئے اللہ پر اعتماد کر کے جم کے بیٹھو گے تو اٹھنے سے پہلے تم کو رشد کی توفیق مل جائے گی۔"

پھر فرمایا ــــ یہ مضمون کسی حدیث میں آیا ہے۔ اس وقت اصل حدیث مجھے یاد نہیں۔

(۱۹۰) فرمایا ــــ حضرت فاروق اعظم رضؓ اور اسی طرح دوسرے صحابۂ کرام رضؓ

عرض کیا کہ حضرت! فلاں دن بمبئی کے حافظ علی بہادر خاں صاحب جو تشریف لائے تھے وہ الحمد للہ بہت ہی متاثر ہو کر گئے اور انہوں نے اپنے اخبار میں ہمارے کام کے متعلق چند مضامین لکھے ہیں جن میں کام کی عظمت و اہمیت کا انہوں نے بہت اعتراف کیا ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ خوب سمجھا ہے اگر ارشاد ہو تو ان میں سے ایک آدھ مضمون سنا دوں۔

فرمایا "مولوی صاحب! جو کام ہو چکا ہے اس کا کیا ذکر کرنا ہے ـــــ بس یہ دیکھو کہ جو کچھ ہم کو کرنا تھا اس میں سے کیا باقی رہ گیا اور جو کچھ کیا جا چکا اس میں کتنی اور کیسی کیسی کوتاہیاں ہوئیں۔ اخلاص میں کتنی کمی رہی اللہ تعالیٰ کے امر کی عظمت کے دھیان میں کتنا قصور ہوا۔ آداب عمل کے تعقد میں اور اسوۂ نبوی کے اتباع کی کوشش میں کتنا نقصان رہا۔ مولوی صاحب! ان امور کے بغیر پچھلے کام کا ذکر مذاکرہ اور اس پر خوش ہونا بس ایسا ہے جیسے راستہ چلنے والا مسافر کھڑا ہو کر پیچھے کی جانب دیکھنے لگے اور خوش ہونے لگے۔

پچھلے کام کی صرف کوتاہیاں تلاش کرو اور ان کی تلافی کی فکر کرو اور آئندہ کے لئے سوچو کہ کیا کرنا ہے۔

یہ مت دیکھو کہ ایک شخص نے ہماری بات سمجھ لی اور اعتراف کر لیا بلکہ اس پر غور کرو کہ ایسے کتنے لاکھ اور کتنے کروڑ باقی ہیں جن کو ہم ابھی اللہ کی بات پہنچا بھی نہیں سکے اور کتنے ہیں جو واقفیت اور اعتراف کے بعد بھی ہماری کوششوں کی کمی کی وجہ سے عمل پر نہیں پڑے ہیں۔

(۱۹۳) بمبئی کے مشہور اُردو روزنامہ "الہلال" کے مالک و ایڈیٹر حافظ علی بہادر خاں بی۔ اے حضرت کے مرض الوفات ہی میں ایک دن حضرت کی زیارت کیلئے تشریف لائے۔ حضرت نے انتہائی ضعف و ناتوانی کے باوجود قریباً آدھ گھنٹہ ان سے گفتگو فرمائی وہ اس گفتگو سے بہت ہی متاثر ہوئے اور بمبئی پہنچکر انہوں نے "الہلال" کی چند اشاعتوں میں حضرت کی شخصیت اور دینی دعوت کے متعلق اپنے تاثرات لکھے اور حضرت کی دعوتِ اصلاح و تبلیغ کی عظمت و اہمیت اور اس کی سنجیدگی کا اعتراف اس طرح کیا کہ جس کی توقع آج کل کے کسی ایڈیٹر اور لیڈر سے نہیں کی جا سکتی۔

الہلال کے وہ پرچے مجھے ایک جگہ سے مل گئے۔ حافظ صاحب کے وہ مضامین پڑھ کر مجھے بڑی خوشی ہوئی اور میں نے ارادہ کیا کہ میں حضرت کو بھی سناؤں گا چنانچہ وہ پرچے ہاتھ میں لئے کسی مناسب وقت میں اس امید کے ساتھ حاضرِ خدمت ہوا کہ حضرت ہاتھ میں پرچے دیکھ کر خود ہی دریافت فرمائیں گے کہ ہاتھ میں کیا ہے تو مجھے کچھ عرض کرنے کا اور ان مضامین کے سنانے کا موقع مل جائے گا۔

لیکن میری توقع اور آرزو کے خلاف حضرت نے کچھ پوچھا ہی نہیں، دیر تک انتظار کے بعد مجھ سے نہ رہا گیا اور میں نے

کیونکہ وہی اصل اور جڑ ہو سکتے ہیں۔

(۱۹۸) فرمایا — افسوس! جو لوگ دین کے لئے کچھ بھی نہیں کر رہے ہیں وہ دین کے معاملے میں بالکل ہی غافل اور پسماندہ ہیں ہم ان کو دیکھ دیکھ کے اپنی ذرا سی سعی و حرکت پر قانع اور مطمئن ہو جاتے ہیں اور سمجھنے لگتے ہیں کہ ہم اپنا حق ادا کر رہے ہیں حالانکہ چاہیے یہ کہ اللہ کے جن بندوں نے دین کیلئے اپنے کو بالکل مٹا دیا تھا ہم ان کے نمونوں کو نظر کے سامنے رکھ کے ہمیشہ اپنے کو مقصر سمجھتے رہیں اور جتنا کر رہے ہیں اس سے زیادہ کرنے کے لئے ہر وقت حریص اور مضطرب رہیں۔ حضرت عمرؓ کو ہمیشہ اس کی حرص رہتی تھی کہ کسی طرح دین کی خدمت میں حضرت ابوبکرؓ کا مقام پالیں۔

(۱۹۹) فرمایا — تبلیغ کے آداب میں سے یہ ہے کہ بات بہت لمبی نہ ہو اور شروع میں لوگوں سے صرف اُتنے عمل کا مطالبہ کیا جائے جس کو وہ بہت مشکل اور بڑا بوجھ نہ سمجھیں۔ کبھی کبھی لمبی بات اور لمبا مطالبہ لوگوں کے اعراض کا باعث بن جاتا ہے۔

(۲۰۰) فرمایا — بہت سے لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ بس پہنچا دینے کا نام تبلیغ ہے۔ یہ بڑی غلط فہمی ہے، تبلیغ یہ ہے کہ اپنی صلاحیت اور استعداد کی حد تک لوگوں کو دین کی بات اس طرح پہنچائی جائے جس طرح پہنچانے سے لوگوں کے ماننے کی امید ہو۔ انبیاء علیہم السلام یہی تبلیغ لائے ہیں۔

(۲۰۱) فرمایا — فضائل کا درجہ مسائل سے پہلے ہے، فضائل سے اعمال کے اجر پر یقین ہوتا ہے جو ایمان کا مقام ہے اور اسی سے آدمی عمل کے لئے

(۱۹۴) فرمایا ــــ نماز کو حدیث میں "عِمَادُ الدِّیْن" (دین کا ستون) فرمایا گیا ہے۔ اس کا یہ مطلب ہے کہ نماز پر باقی دین معلق ہے اور وہ نماز ہی سے ملتا ہے۔ نماز میں دین کا تفقہ بھی ملتا ہے اور توفیقِ عمل بھی عطا ہوتی ہے۔ پھر جیسی کسی کی نماز ہوگی ویسی ہی اس کے حق میں یہ عطا بھی ہوگی۔ اس لئے نماز کی دعوت دینا اور لوگوں کی نمازوں میں خشوع و خضوع پیدا کرنے کی کوشش کرنا بالواسطہ پورے دین کے لئے سعی کرنا ہے۔

(۱۹۵) فرمایا ــــ جو کام عوام مخلصین سے لیا جا سکتا ہے اور اس سے ان مخلصین کے درجہ اور اجر میں ترقی کی توقع ہو اور پھر ان سے نہ لینا اور اس کو خود کرنا ان مخلصوں کے ساتھ ہمدردی نہیں ہے بلکہ ان پر ایک طرح کا ظلم ہے اور اللہ کے نہایت کریمانہ قانون "اَلدَّالُّ عَلَی الْخَیْرِ کَفَاعِلِہٖ" کی ناقدری ہے۔

فرمایا ــــ بھی دین پر عمل بڑھے تفقہ کو چاہتا ہے۔

(۱۹۶) فرمایا ــــ یہ نہایت اہم اصول ہے کہ ہر طبقہ کو دعوت اسی چیز کی دی جائے جس کا حق ہونا اور ضروری ہونا وہ خود بھی مانتا اور عمل میں کوتاہی کو اپنی کوتاہی سمجھتا ہو، جب وہ طبقہ ان چیزوں پر عمل کرنے لگے گا تو اگلی چیزوں کا احساس ان شاء اللہ خود بخود پیدا ہوگا اور ان کی ادائیگی کی استعداد بھی پیدا ہوگی۔

(۱۹۷) فرمایا ــــ جو جتنے زیادہ اہل حق ہیں ان میں اُتنے ہی زیادہ کام اور کوشش کی ضرورت ہے۔ ان کا دین کے لئے اٹھنا بہت ضروری ہے

فارغ اور بے فکر کر دیں۔ تو وہ حضرات دین کے جو بڑے بڑے کام کرتے ہیں (مثلاً اصلاح وارشاد اور درس وافتاء وغیرہ) تو وہ زیادہ اطمینان و یکسوئی سے ان کو انجام دے سکیں گے، اور اس طرح یہ خدام ان کے ان بڑے کاموں کے اجر میں حصہ دار بن جائیں گے۔ تو در اصل بڑوں کی خدمت ان کے بڑے کاموں میں شریک ہونے کا ایک ذریعہ ہے۔

(۲۰۵) فرمایا ـــــ حقیقی محبت کا اقتضا یہ ہوتا ہے کہ محب اور محبوب کے جذبات اور خواہشات تک میں کامل اتحاد ہو جاتا ہے۔ میرے بھائی مولانا محمد یحیی صاحب (رحمۃ اللہ علیہ) کا یہ حال تھا کہ باوجودیکہ وہ خانقاہ سے دور رہتے تھے لیکن بار بار ایسا ہوتا کہ اچانک ان کے دل میں خانقاہ جانے کا تقاضا پیدا ہوتا اور وہ فوراً چل دیتے اور جب دروازہ کھولتے تو حضرت گنگوہی (قدس سرہ) کو انتظار میں بیٹھا پاتے۔ فرمایا

فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سے جب کسی بندہ کو بھی محبت ہو جاتی ہے تو پھر یہی معاملہ اللہ پاک کے ساتھ ہو جاتا ہے کہ اس کی مرضیات بندہ کی مرضیات ہو جاتی ہے اور اس محبت کے پیدا کرنے کا طریقہ ہے اسوۂ محمدی کا اتباع (قُلْ إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّونَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ)

(۲۰۶) جو لوگ دین دار اور دین داں ہونے کے باوجود دین کے فروغ کے لئے اور امت کی اصلاح کے لئے وہ جد وجہد نہیں کرتے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نیابت کا تقاضا ہے، ان کے بارے میں ایک روز حضرت کی زبان سے نکل گیا کہ "ان لوگوں پر بڑا رحم آتا ہے" ـــــ اس کے بعد دیر تک اور مسلسل

آمادہ ہوتا ہے۔ مسائل معلوم کرنے کی ضرورت کا احساس تو تب ہی ہوگا جب وہ عمل پر تیار ہوگا۔ اس لئے ہمارے نزدیک فضائل کی اہمیت زیادہ ہے۔

(۲۰۲) فرمایا تبلیغی جماعتوں کے نصابِ تعلیم کا ایک اہم جز تجوید بھی ہے۔ قرآن شریف اچھی طرح پڑھنا بڑی ضروری چیز ہے۔

"مَا اَذِنَ اللّٰہُ لِشَیْءٍ مَّا اَذِنَ لِنَبِیٍّ یَتَغَنّٰی بِالْقُرْاٰنِ"

تجوید دراصل وہی تغنی بالقرآن ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہو کر ہم تک پہنچا ہے۔

لیکن تجوید کی تعلیم کے لئے جتنا وقت درکار ہے، جماعت میں اتنا وقت نہیں مل سکتا، اس لئے ان ایام میں تو صرف اس کی کوشش کی جائے کہ لوگوں کو اس کی ضرورت کا احساس ہو جائے اور کچھ مناسبت ہو جائے۔ اور پھر اس کو سیکھنے کے لئے وہ مستقل وقت صرف کرنے پر آمادہ ہو جائیں۔

(۲۰۳) فرمایا —— دوسروں کو دین کی دعوت اور ترغیب دینا بڑی عبادت ہے۔ کیونکہ عام لوگ اس کو عبادت نہیں سمجھتے اور اس میں اعلیٰ درجہ کا تعدیہ بھی ہے جو جہری عبادتوں میں خیر کا خاص پہلو ہوتا ہے۔

(۲۰۴) فرمایا —— بزرگوں کی خدمت کا مقصد دراصل یہ ہوتا ہے کہ انکے جو عمومی اور عمومی کام دوسرے لوگ انجام دے سکتے ہوں وہ ان کو اپنے ذمہ لے لیں تاکہ ان کے اوقات اور ان کی توانیں ان بڑے کاموں کے لئے فارغ رہیں جو وہی انکا بر انجام دے سکتے ہیں مثلاً کسی شیخ وقت یا کسی عالم و مفتی کے وہ عمومی کام آپ اپنے ذمہ لے لیں جو آپ کے بس کے ہیں۔ اور ان کو ان کی طرف سے

(۲۱۰) اسی سلسلہ میں فرمایا ——— میری حیثیت ایک عام مومن سے اونچی نہ سمجھی جائے۔ صرف میرے کہنے پر عمل کرنا بددینی ہے۔ میں جو کچھ کہوں اس کو کتاب و سنت پر پیش کر کے اور خود غور و فکر کر کے، اپنی ذمہ داری پر عمل کرو۔ میں تو بس مشورہ دیتا ہوں۔

فرمایا ——— حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنے ساتھیوں سے کہا کرتے تھے کہ "تم نے میرے سر بہت بڑی ذمہ داری ڈالدی ہے، تم سب میرے اعمال کی نگرانی کیا کرو۔"

میرے بھی اپنے دوستوں سے بڑے اصرار اور الحاح سے یہ درخواست ہے کہ وہ میری نگرانی کریں، جہاں غلطی کروں وہاں ٹوکیں اور میرے رشد و سداد کے لئے دعائیں بھی کریں۔

(۲۱۱) فرمایا ——— کسی کام میں اشتغال اس کے علاوہ اور بہت سی چیزوں سے اعراض کو مستلزم ہوتا ہے، یعنی جب اشتغال فی شئی ہوگا تو اشتغال عن اشیاء ضرور ہوگا اور پھر جس درجہ کا اشتغال فی شئی ہوگا تو دوسری چیزوں کے اہتمام میں اسی درجہ کی کمی بھی ہوگی۔ شریعت میں جو یہ تعلیم دی گئی ہے کہ ہر اچھے سے اچھے کام کے ختم پر بھی استغفار کیا جائے۔ میرے نزدیک اس میں ایک راز یہ بھی ہے کہ شاید اس اچھے کام میں مشغولی اور انہماک کی وجہ سے کسی دوسرے امر کی تعمیل میں کوتاہی ہو گئی ہو۔ خاص کر جب کسی کام کی لگن میں دل لگ جاتا ہے اور دل و دماغ پر وہ کام چھا جاتا ہے تو پھر اس کے ماسوا دوسرے کاموں میں بسا اوقات تقصیر ہو جاتی ہے۔ اس لئے ہمارے اس کام

استغفار فرماتے رہے۔ پھر اس عاجز سے مخاطب ہو کر ارشاد فرمایا۔

"میں نے یہ استغفار اس پر کیا ہے کہ میری زبان سے یہ دعوے کا کلمہ نکل گیا تھا کہ "مجھے ان لوگوں پر رحم آتا ہے"۔

(۲۰۷) فرمایا ـــــ مسجدیں مسجد نبوی کی بیٹیاں ہیں اس لئے ان میں وہ سب کام ہونے چاہئیں جو حضورؐ کی مسجد میں ہوتے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد میں نماز کے علاوہ تعلیم و تربیت کا کام بھی ہوتا تھا اور دین کی دعوت کے سلسلے کے سب کام بھی مسجد ہی سے ہوتے تھے۔ دین کی تبلیغ یا تعلیم کے لئے وفود کی روانگی بھی مسجد ہی سے ہوتی تھی یہاں تک کہ عساکر کا نظم بھی مسجد ہی سے ہوتا تھا۔ ہم چاہتے ہیں کہ ہماری مسجدوں میں بھی اسی طریقہ پر یہ سب کام ہونے لگیں۔

(۲۰۸) فرمایا کہ ـــــ صحیح طریقہ کار یہ ہے کہ جو کام نازل درجہ کے لوگوں سے لیا جا سکتا ہو وہ انہیں سے لیا جائے۔ ان سے مافوق کے لوگوں کا اس میں لگنا جب کہ نازل درجہ کے کام کرنے والے بھی نصیب ہوں بڑی غلطی ہے بلکہ ایک طرح کا کفرانِ نعمت اور نیچے درجے والوں پر ظلم ہے۔

(۲۰۹) فرمایا ـــــ دین کی دعوت کا اہتمام میرے نزدیک اس وقت اتنا ضروری ہے کہ اگر ایک شخص نماز میں مشغول ہو اور ایک نیا آدمی آئے اور واپس جانے لگے اور پھر اس کے ہاتھ آنے کی توقع نہ ہو تو میرے نزدیک نماز کو درمیان میں توڑ کے اس سے دینی بات کر لینی چاہیئے۔ اور اس سے بات کر کے یا اس کو روک کے اپنی نماز پھر سے پڑھنی چاہیئے۔

نیاز مندانہ تعلقات کی بنا پر ان کو ترغیب دی اور استدعا کی کہ وہ اس دینی دعوت کے متعلق مزید واقفیت حاصل کرنے کے لئے کچھ وقت اس کام کے مرکز نظام الدین میں گزاریں۔ دعوت کے اصول اور طریقۂ کار اور کام کی رفتار کے متعلق میری گذارش سننے کے بعد انہوں نے بڑے تاثر کا اظہار کیا اور فرمایا کہ اس وقت تو طویل قیام نہیں کر سکتا، صرف تین چار دن کے لئے آیا ہوں اور حضرت مولانا بھی بیمار ہیں۔ لہذا اس وقت تو میں صرف زیارت کے لئے حاضر ہوں گا، لیکن میں نے نیت کرلی ہے کہ جب مولانا کو صحت ہو جائے گی اور وہ کوئی اہم تبلیغی دورہ فرمائیں گے تو انشاء اللہ میں اس میں ساتھ رہ کر دیکھوں گا۔

یہ عاجز جب دہلی شہر سے بستی نظام الدین واپس آیا اور حضرت کو یہ پوری گفتگو سنائی تو ارشاد فرمایا۔

" شیطان کا یہ بہت بڑا دھوکا اور فریب ہے کہ وہ مستقبل میں بڑے کام کی امید بندھا کر اس چھوٹے خیر کے کام سے روک دیتا ہے جو فی الحال ممکن ہوتا ہے۔ وہ چاہتا ہے کہ بندہ اس وقت جو خیر کر سکتا ہے کسی حیلہ سے اس کو اس سے ہٹا دے اور اس داؤ میں وہ اکثر کامیاب ہو جاتا ہے، پھر مستقبل میں آدمی جس بڑے کام کی امید باندھتا ہے بسا اوقات اس کا وقت ہی نہیں آتا۔

میں لگنے والوں کو خصوصاً کام کے زمانہ میں اور کام کے خاتمہ پر استغفار کی کثرت اپنے اوپر لازم کر لینی چاہیئے۔

(۲۱۲) فرمایا —— علماء سے کہنا ہے کہ ان تبلیغی جماعتوں کی چلت پھرت اور محنت و کوشش سے عوام میں دین کی صرف طلب اور قدر ہی پیدا کی جا سکتی ہے اور ان کو دین سیکھنے پر آمادہ ہی کیا جا سکتا ہے۔ آگے دین کی تعلیم و تربیت کا کام علماء و صلحاء کی توجہ فرمائی ہی سے ہو سکتا ہے اس لئے آپ حضرات کی توجہات کی بڑی ضرورت ہے۔

(۲۱۳) کسی سلسلہ میں عہد حاضر کے ایک مشہور صاحب علم اور صاحب قلم خادم دین کا ذکر آ گیا جن کی بعض علمی کمزوریوں کی بنا پر خاص دیندار حلقوں کو ان پر اعتراض ہے تو فرمایا۔

"میں تو ان کا قدر دان ہوں اگر ان میں کوئی کمزوری ہو تو میں اس کا علم بھی حاصل کرنا نہیں چاہتا۔ یہ معاملہ اللہ کا ہے۔ شاید ان کے پاس اس کا کوئی عذر ہو۔ ہم کو تو عام حکم یہ ہے کہ دعائیں کرو وَلَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا۔

(۲۱۴) پنجاب کے ایک بڑے مشہور عالم اور بزرگ (جن سے اس عاجز مرتب ملفوظات کو بھی شرف نیاز حاصل ہے) دہلی تشریف لائے ہوئے تھے۔ یہ عاجز ان کی خدمت میں حاضر ہوا اور حضرت مولانا کی دینی دعوت کا اور اس کے اصول اور طریق کار کا کچھ تفصیل سے تذکرہ کیا اور اپنے قدیم

بڑے کاموں کی امیدیں اکثر ضائع ہی ہوتی ہیں۔ اور اس کے برخلاف جو خیر فی الحال ممکن ہو اگرچہ وہ چھوٹے سے چھوٹا ہی ہو اس میں لگنا اکثر بڑے کام تک پہنچنے کا سبب اور ذریعہ بن جاتا ہے۔ اس لئے عقلمندی یہ ہے کہ جو خیر جس وقت جتنا میسّر ہو سکے۔ اس پر تو اسی وقت عمل کر لیا جائے اور فرصت سے فوری فائدہ اٹھا لیا جائے ۔ ان صاحب کو چاہیئے کہ وہ پھر پر نہ رکھیں اس وقت جتنا ممکن ہو وقت دیدیں اور میری بیماری کا بالکل خیال نہ کریں۔ کسی کو کیا خبر اس بیماری میں صحت سے بدرجہا زیادہ کام ہو رہا ہے یہاں آنے کا بھی خاص وقت ہے۔

اللہ کا کرنا ایسا ہی ہوا۔ وہ بزرگ اس وقت قیام نہ کر سکے اور مستقبل کے متعلق انہوں نے جو ارادہ کیا تھا وہ بھی پورا نہ ہوا اور چند ہی روز بعد حضرت مولانا کا وصال ہو گیا۔ رَحِمَهُ اللّٰهُ تعالیٰ رَحْمَةَ الْأَبْرَارِ الصَّالِحِيْنَ۔

مدنی کتب خانہ کراچی پاکستان